★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 18 ذیقعد 1446ھ، 16 مئی 2025ء، 3 جیٹھ 2082پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 188

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

ہمیں ملک کی خاطر ذاتی انا قربان کرنا ہوگی، مریم نواز

سب کو پاکستان کی فتح مبارک ہو، قوم پر فخر ہے، پوری قوم نے ایک سیسہ پلائی دیوار کی طرح ملکی سلامتی میں حصہ ڈالا، قوم نے افواج پاکستان کی سپورٹ میں اپنا حصہ ڈالا: وزیر اعلیٰ پنجاب

پاک افواج نے بنیان مرصوص کے تحت بھارت کو شکست سے دوچار کیا، مہنگائی میں کمی سے بازاروں میں اشیائے خورونوش سستے داموں مل رہی ہیں، ٹریکٹر تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب

کالا شاہ کاکو (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ نفرت کی سیاست نے اس ملک کو کچھ نہیں دیا، ہمیں ملک کی خاطر ذاتی انا قربان کرنا ہوگی۔ کالا شاہ کاکو میں گندم انیشیٹو پروگرام کے تحت ٹریکٹرز تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ مریم نواز کا کہنا تھا کہ سب کو پاکستان کی فتح مبارک ہو، قوم پر فخر ہے، پوری قوم نے ایک سیسہ پلائی دیوار کی طرح ملکی سلامتی میں حصہ ڈالا، قوم نے افواج پاکستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر1)

کالا شاہ کاکو، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

وزیر اعظم کی آذربائیجان کے صدر سے ٹیلیفونک رابطہ، آذربائیجان کی مضبوط یکجہتی اور حمایت پر شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے جمہوریہ آذربائیجان کے صدر الہام علیوف سے ٹیلی فون پر گفتگو کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر7)

جنگی جنون میں مبتلا بھارت کو پاکستان کے خلاف جارحیت مہنگی پڑ گئی

عالمی جریدے نے بھی پاکستان کی سفارتی کامیابی اور بھارت کی ناکامی کو تسلیم کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) جنگی جنون میں مبتلا بھارت کو پاکستان کے خلاف جارحیت مہنگی پڑ گئی۔ بین الاقوامی جریدے ''دی ڈپلومیٹ'' نے بھی پاک بھارت جنگ میں پاکستان کی سفارتی کامیابی اور بھارت کی ناکامی کو تسلیم کیا۔ ڈپلومیٹ کے مطابق بھارت کو پاکستان کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

پاکستان اور بھارت میں معمولی ایٹمی ٹکراؤ بھی ہوتا تو لاکھوں لوگ مارے جاتے، ٹرمپ

پاکستان اور بھارت دونوں زبردست ایٹمی طاقتیں ہیں، ہم نے دونوں روایتی حریف ملکوں کو قائل کر لیا کہ آئیں امن قائم کریں اور آپس میں معاہدہ کریں، امریکی صدر

یہ بہت اہم معاملہ تھا، ہم بھارت اور پاکستان کے درمیان ماحول کو ٹھنڈا کرنے کے لیے شامل ہوئے، مارکو روبیو، جے ڈی وینس نے اہم کردار ادا کیا، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت دونوں زبردست ایٹمی طاقتیں ہیں، دونوں کے درمیان معمولی نوعیت کا ایٹمی ٹکراؤ بھی ہوتا تو لاکھوں لوگ مارے جاتے، جس کے باعث ہمیں جنگ بندی کے لیے کودنا پڑا۔ ایئرفورس ون میں امریکی ٹی وی چینل فاکس نیوز کو انٹرویو کے دوران ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ہم نے دونوں روایتی حریف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

بنیان مرصوص، پاک فوج کی فتح 1 اور 2 میزائل پٹھان کوٹ کو نشانہ بنانے کی ویڈیو منظر عام پر آگئی

10 مئی کا دن بھارتی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، پاک فوج نے 10 مئی کو باقی ہتھیاروں کے علاوہ فتح 1 اور 2 سے پٹھان کوٹ ایئر بیس پر کامیاب میزائل حملے کیے تھے

پاک فوج کے فتح 1 اور 2 میزائل سسٹم نے بھارت کی اہم تنصیبات کو راکھ کا ڈھیر بنا دیا، فتح 1 اور 2 میزائل سسٹم نے کامیابی سے دشمن کی اہم تنصیبات کو انتہائی درستی کے ساتھ نشانہ بنایا

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی جارحیت کے خلاف آپریشن بنیان مرصوص کے دوران پاک فوج کی جانب سے فتح 1 اور 2 میزائل سسٹم سے پٹھان کوٹ کو نشانہ بنانے کی ویڈیو منظر عام پر آگئی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق 10 مئی کا دن بھارتی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، پاک فوج نے 10 مئی کو باقی ہتھیاروں کے علاوہ فتح 1 اور 2 سے پٹھان کوٹ ایئر بیس پر کامیاب میزائل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

بھارت امریکا کے کشمیر پر بیان سے ناراض ہے، پاک فوج

جو بھی ہماری سرزمین، سلامتی اور خودمختاری کی خلاف ورزی کرنے کی کوشش کرے گا، ہمارا جواب بے رحمانہ ہوگا، پاکستان اور بھارت دونوں ایٹمی طاقت ہیں لہذا سنگین کشیدگی تباہی کا باعث ہوگی، ڈی جی آئی ایس پی آر

اگر بھارت سمجھتا ہے کہ وہ پاکستان کے خلاف جنگ کا محاذ کھڑا کر سکتا ہے تو یہ خطے میں تباہی کا باعث ہوگا، امریکا جیسے ممالک جوہری خطرات کے پیش نظر بھارت کے عزائم کو بخوبی جان چکے ہیں

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے جنگ بندی کی خلاف ورزی کرنے کی کوشش کی گئی تو مؤثر اور یقینی جواب دیا جائے گا۔ معرکہ بنیان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر3)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف زراعت کی بہتری بارے منعقدہ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعظم کی کسانوں کو آسان شرائط پر قرض فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

معیشت کی فوری ترقی کیلئے زرعی شعبے کی وسیع استعداد کو بروئے کار لائیں گے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کسانوں کو آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کر دی۔ زرعی شعبے میں اصلاحات کے حوالے سے اجلاس میں وزیر اعظم نے کہا کہ زرعی خودکفالت کے حصول کے لئے زراعت کے شعبہ کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے، معیشت کی فوری ترقی کیلئے زرعی شعبے کی وسیع استعداد کو بروئے کار لائیں گے، اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر2)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے مختلف وفود کی ملاقاتیں

بجلی، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں واضح کمی عوامی ریلیف پالیسیوں کا نتیجہ ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے اسلام آباد میں مختلف وفود نے ملاقات کی جن میں سینیٹرز، اراکین صوبائی اسمبلی، پارلیمنٹیرینز، وکلاء، طلباء، قبائلی عمائدین اور پنجاب سے آئے ہوئے بچوں کا وفد شامل تھا۔ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر4)

غیر قانونی بھرتیوں کا کیس، پرویز الٰہی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور

لاہور (این این آئی) عدالت نے غیر قانونی بھرتیوں کے کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر و سابق وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر5)

ماسکو: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی روسی فیڈریشن کی تمام جماعتوں سے ملاقات کر رہے ہیں

پورے کیریئر میں آج تک کسی نے مداخلت نہیں کی، جسٹس شاہد بلال

ججز تبادلے کی اصل وجہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چھ ججز کا خط ہے جس کے بعد تمام جج نشانے پر آ گئے، وکیل منیر اے ملک

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کی سنیارٹی و تبادلہ کے کیس میں جسٹس شاہد بلال نے ریمارکس دیے 6 ججز نے خط میں مداخلت کا ذکر کیا، میرے 13 سال کے کیریئر میں کبھی اس قسم کا واقعہ پیش نہیں آیا، حلف دینے کو تیار ہوں، 13 سال میں کسی نے رابطہ نہیں کیا۔ جسٹس محمد علی مظہر کی سربراہی میں پانچ رکنی لارجر بنچ نے سماعت کی، اسلام آباد ہائی کورٹ کے 5 ججز کے وکیل منیر اے ملک نے دلائل میں کہا ججز تبادلے کی اصل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر16)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اہم میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب (آج) سرگودھا کا اہم دورہ کریں گی

سرگودھا (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز آج جمعہ کو سرگودھا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر12)

پولیس کو عمران خان سے 9 مئی کے مزید 12 مقدمات میں تفتیش کی اجازت مل گئی

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشتگردی عدالت نے بانی پی ٹی آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر13)

مریم نواز خواتین کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں: ملک محمد احمد خان

خواتین کا نقطہ نظر پیش کرنے کے لئے ویمن کاکس غیر معمولی طور پر مؤثر فورم ہے

خواتین کو ہراساں کرنے کے واقعات قابل مذمت ہیں، اجلاس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ خواتین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لئے ویمن کاکس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ خواتین کے مسائل مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے لئے ویمن کاکس میں تمام جماعتوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان پنجاب اسمبلی میں ویمن پارلیمنٹری کاکس کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

نواز شریف کے صاحبزادے حسن نواز کے دیوالیہ پن کو ختم کر دیا گیا

دیوالیہ پن کی مدت مکمل ہونے پر حسن نواز معمول کے مطابق کاروبار کرنے کے اہل ہو گئے، محکمہ ٹیکس

لندن (این این آئی) برطانیہ کے محکمہ ٹیکس نے نواز شریف کے صاحبزادے حسن نواز کے دیوالیہ پن کو ختم کر دیا۔ محکمہ ٹیکس نے تصدیق کی ہے کہ کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث نہ ہونے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر14)

وفاقی بجٹ 2 جون کو پیش کیے جانے کا امکان

اقتصادی ترقی 3.6 فیصد اور افراط زر 7.7 فیصد تک رہنے کا امکان، آئی ایم ایف کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی بجٹ 2 جون کو پیش کیے جانے کا امکان ہے، جس پر آئی ایم ایف اور پاکستان کے درمیان ورچوئل تکنیکی مذاکرات جاری ہیں۔ پالیسی سطح کی بات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر15)

عمران خان کی رہائی تک چین سے نہیں بیٹھوں گا، اعظم سواتی

ہمارا لیڈر سلاخوں کے پیچھے ہے، ملک کا ہر ادارہ تباہ ہو چکا ہے، پی ٹی آئی رہنما کی عدالت میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو

پی ٹی آئی کے بے گناہ قیدیوں کو رہا کیا جائے، مودی ہٹلر سے بھی بدتر ہے، چین نے دوستی کا حق ادا کر دیا، بات چیت

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی نے کہا ہے کہ ہمارا لیڈر سلاخوں کے پیچھے ہے، عمران خان کی رہائی تک چین سے نہیں بیٹھوں گا۔ عدالت میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اعظم سواتی کا کہنا تھا کہ ملک کا ہر ادارہ تباہ ہو چکا ہے۔ ہمارا لیڈر جیل کی سلاخوں کے پیچھے ہے۔ خطے کی صورت حال پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مودی ہٹلر سے بھی بدتر ہے جب کہ چین نے دوستی کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر28)

بانی پی ٹی آئی کے ساتھ کسی بھی قسم کی ڈیل نہیں کی گئی، بیرسٹر گوہر

سیاسی معاملات کا حل صرف اور صرف مذاکرات سے ہی ممکن ہے، چیئرمین پاکستان تحریک انصاف

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر علی خان نے واضح کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ کسی بھی قسم کی ڈیل نہیں کی گئی۔ اسلام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر30)

بجلی کا ٹیرف اپریل میں کم ہو کر 38.67 روپے فی یونٹ ہو گیا، پاور ڈویژن

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے اجلاس میں پاور ڈویژن نے بجلی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر29)

لاہور: حوالہ ہنڈی نیٹ ورک بے نقاب، 3 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل لاہور نے حوالہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر31)

سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال، اسٹاک مارکیٹ میں 600 پوائنٹس کا اضافہ

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری کے دن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر32)

unicef
UNICEF-WHO Industry Consultation
on Local Production of Vaccines
d Pharmaceuticals

کراچی، وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری الحمراء کلچرل کمپلیکس کا دورہ کر رہی ہیں

نو مئی مقدمات، عالیہ حمزہ، نادیہ خٹک، جاوید کوثر کی ضمانت میں توسیع

نادیہ خٹک کے خلاف 2، جاوید کوثر کے خلاف 3 اور عالیہ حمزہ کے خلاف 2 مقدمات درج ہیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی کے تین رہنماؤں کی نو مئی سے متعلقہ مقدمات میں عبوری ضمانت میں 22 مئی تک توسیع کر دی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر20)

جنگ نے بہت سارے چہروں کو بے نقاب کر دیا، عظمیٰ بخاری

جنگ کے دوران پی ٹی آئی کا گالم گلوچ بریگیڈ حسب روایت قوم میں انتشار، جھوٹ اور افراتفری پھیلانے میں مصروف رہا

مریم نواز نے جنگ کے دنوں میں سب سے متحرک وزیر اعلیٰ کا رول ادا کیا، اپنی تقریروں سے اپنی پاک افواج کا مورال بڑھایا

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جب جب قوم متحد ہوتی تحریک انصاف دشمن کی صفوں میں کھڑی نظر آتی ہے، جنگ نے بہت سارے چہروں کو بے نقاب کر دیا ہے، پوری قوم اپنے بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی تھی جبکہ دوسری طرف تحریک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

متحدہ عرب امارات کی جانب سے شام پر پابندیاں اٹھانے کے امریکی اعلان کا خیر مقدم

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر18)

ایرانی اور یورپی سفارت کار ترکیہ میں آج ملاقات کریں گے

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ دو مئی کو طے شدہ ملاقات ملتوی ہونے کے بعد ایران 16 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر19)

مسئلہ فلسطین سے متعلق سعودی ولی عہد کا بیان، فلسطینی صدر کا خیر مقدم

ریاض، رام اللہ (این این آئی) فلسطینی صدر محمود عباس نے مسئلہ فلسطین کا حل تلاش کرنے کے حوالے سے سعودی ولی عہد شہزادہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر21)

ٹرمپ کا دورہ دونوں ممالک کی مضبوط اقتصادی شراکت داری کو ظاہر کرتا ہے، سعودی عرب

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے کہا ہے کہ امریکی صدر کا دورہ سعودیہ دونوں ممالک کی اقتصادی شراکت داری کا عکاسی کرتا ہے۔ عرب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر24)

ٹرمپ کے بیانات سے دلی میں سناٹا چھا گیا، خورشید قصوری

دنیا اتنی بے وقوف نہیں کیونکہ اس کو پتہ ہے کہ جتنی جنگیں ہوئی ہیں وہ کشمیر پر ہوئی ہیں، انٹرویو

لاہور (این این آئی) سابق وزیر خارجہ خورشید محمود قصوری نے کہا ہے کہ ٹرمپ کے بیانات سے دلی میں سناٹا چھا گیا، اتنی معصومانہ چیز تو نہیں ہے کہ ان کو سمجھ نہیں آ رہی، دنیا اتنی بے وقوف نہیں کیونکہ اس کو پتہ ہے کہ جتنی جنگیں ہوئی ہیں وہ کشمیر پر ہوئی ہیں۔ ایک انٹرویو میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر17)

حویلی کہوٹہ: وفاقی وزیر برائے امور کشمیر انجینئر امیر مقام ''معرکہ حق'' ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

کرنسی نوٹوں پر پین سے کوئی بھی تحریر لکھنے پر پابندی عائد

یکم جولائی 2025 سے جس نوٹ پہ پین کی لکھائی موجود ہوئی وہ نوٹ قابل قبول نہیں ہوگا، اعلامیہ

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے نوٹوں پر پین سے کوئی بھی تحریر لکھنے پر پابندی لگا دی۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ نئے مالی سال 2025-26 کے آغاز پر یکم جولائی سے جس نوٹ پر پین کی لکھائی موجود (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر23)

ایران کے مسئلے پر قطر نے بہت زیادہ مدد کی، امریکا

قطر کی سفارتی کوششیں اس حوالے سے کامیاب ہوں گی، صدر ڈونلڈ ٹرمپ

دوحہ (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعتراف کیا ہے کہ ایران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر22)

اسرائیلی فوج نے غزہ کے کئی علاقوں کو خالی کرنے کا حکم جاری کر دیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے غزہ کے کئی علاقوں کو خالی کرنے کا حکم جاری کر دیا ہے۔ جن علاقوں کو خالی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر25)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کو سیکرٹری پرائس کنٹرول محمد اجمل محکمانہ امور بارے بریفنگ دے رہے ہیں

محتسب پنجاب کی کارروائی، مرحومہ ٹیچر کے زیر التوا واجبات ادا

ادائیگی بیٹی کی OSD پوسٹ پر تقرری بھی کرا دی گئی، ان کی والدہ کے انتقال کے بعد محکمہ تعلیم واجبات ادا نہیں کر رہا تھا: تہذیب فاطمہ

اسی نوعیت کے مزید 3 کیسز میں سائلین کو OSD پوسٹس کے ذریعے 25 لاکھ 33 ہزار روپے کے زیر التوا مالی واجبات ادا کیے گئے

لاہور (سٹی رپورٹر) محتسب پنجاب کی مؤثر کارروائی کے نتیجے میں گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول شمس آباد کی مرحومہ استاد مسرت نذیر (وفات: 27 اپریل 2023) کے زیر التوا واجبات 17 لاکھ 39 ہزار روپے کی ادائیگی ممکن ہوئی، جبکہ ان کی بیٹی تہذیب فاطمہ کو OSD پوسٹ پر تعینات کر دیا گیا۔ تہذیب فاطمہ نے شکایت میں موقف اختیار کیا کہ ان کی والدہ کے انتقال کے بعد محکمہ تعلیم واجبات ادا نہیں کر رہا تھا، جب کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر33)

ہندوستان کی ذلت آمیز شکست حقیقت میں اسرائیل کی بھی شکست ہے: حافظ نعیم الرحمٰن

حالیہ لڑائی میں ثابت ہوا کہ پوری دنیا میں صرف اسرائیل ہی بھارت کا ساتھی ہے امیر جماعت اسلامی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہندوستان کی ذلت آمیز شکست حقیقت میں اسرائیل کی بھی شکست ہے، حالیہ لڑائی میں ثابت ہوا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

کوہستان 40 ارب کا اسکینڈل، 12 ملزمان سے خطیر رقم اور سونا برآمد

ملزمان سے ایک ارب انسٹھ کروڑ برآمد کی گئی جس میں پاکستانی کرنسی، امریکی ڈالر اور سونا شامل

کوہستان (این این آئی) پاکستان کی تاریخ کے سب سے بڑے مالیاتی اسکینڈل میں قومی احتساب بیورو (نیب) نے اہم کارروائی کرتے ہوئے کوہستان میں چالیس ارب روپے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

MEDIA TALK JAMAAT E ISLAMI
PRESS CONFERENCE JAMAAT E ISLAMI

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں



لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کی مہم جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب بھر سے غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کی مہم جاری ہے ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق لاہور سمیت پنجاب بھر سے افغانیوں سمیت 13 ہزار 442 غیر قانونی مقیم باشندے ڈی پورٹ ہوئے، انخلا مہم کے دوران 13 ہزار 520 غیر قانونی مقیم باشندوں کو ہولڈنگ سنٹرز پہنچایا گیا، 78 غیر قانونی مقیم افراد ہولڈنگ پوائنٹس پر موجود ہیں، لاہور میں 05، صوبہ بھر میں 46 ہولڈنگ سنٹرز قائم ہیں، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی ہائی الرٹ ہے، تمام غیر قانونی مقیم افراد کا انخلا یقینی بنا رہے ہیں، بین الاقوامی قوانین کے تحت غیر قانونی مقیم باشندوں کے انخلا کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں، انخلا کے عمل کے دوران انسانی حقوق کو مکمل طور پر مدنظر رکھا جا رہا ہے،

تھانہ مغلپورہ و پولیس نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 2 اشتہاری مجرمان کو بہاولنگر سے گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ مغلپورہ و پولیس نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 2 اشتہاری مجرمان کو بہاولنگر سے گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق مغلپورہ انویسٹیگیشن پولیس نے کاروائی کے دوران پولیس کو اقدام قتل میں مطلوب ملزمان اجمل اور شعیب کو جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلیجنس کی مدد سے بہاولنگر ریڈ کر کے گرفتار کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ اشتہاری مجرمان نے چند ماہ قبل معمولی تلخ کلامی پر شہری عمران کو شدید تشدد نشانہ بنایا تھا

چوکی نادر آباد پولیس نے 02 رکنی دانش چور گینگ گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی نادر آباد پولیس نے 02 رکنی دانش چور گینگ گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق چوکی نادر آباد پولیس نے کاروائی کے دوران چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ دانش اور عباس کو گرفتار کر کے ملزمان سے موٹر سائیکل، نقدی، 02 پستول اور گولیاں برامد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ چند روز قبل ملزمان نے چوکی نادرآباد کے علاقے میں گاڑی سے پیسوں والا پرس اور موبائل چوری کیا تھا

ایڈیشنل سیشن جج رفاقت علی قمر نے شہر کی دونوں جیلوں کا دورہ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل سیشن جج رفاقت علی قمر نے شہر کی دونوں جیلوں کا دورہ کیا اور، معمولی جرائم میں ملوث 65 قیدیوں کی رہائی کے احکامات جاری کر دیے تفصیلات کے مطابق کوٹ لکھپت جیل میں سپرنٹنڈنٹ اعجاز اصغر نے گزشتہ روز فاضل جج کا استقبال کیا اس دوران انہوں نے کوٹ لکھپت جیل سے ایک خاتون سمیت 7 قیدی کی رہائی کے احکامات دیے جبکہ کیمپ جیل میں سپرنٹنڈنٹ ظہیر ورک نے معزز جج کا استقبال کیا، رفاقت علی قمر نے کیمپ جیل سے 58 قیدیوں کی رہائی کے احکامات جاری کئے اس دوران فاضل جج کا دونوں جیلوں کی بیرکس، ہسپتال، کچن، پی سی اوز کا بھی دورہ کیا، دونوں جیلوں میں قیدیوں کو فراہم کئے جانے والے کھانے کا معیار چیک کیا اور کم عمر اور خواتین قیدیوں کی شکایات اور مسائل سن کر احکامات جاری کئے

گوجرانوالہ: ظفر موٹر سائیکل چور پولیس کے شکنجے میں، مقدمہ درج

ملزم کے قبضہ سے 03 لاکھ 01 ہزار روپے نقدی اور 03 موٹر سائیکلیں برآمد

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں اور موٹر سائیکل چوروں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سول لائن شاہد رشید کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بدرویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری میں ملوث ملزم ظفر کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے تین لاکھ ایک ہزار روپے نقدی اور تین عدد موٹر سائیکل برآمد کر لیں۔ دوران تفتیش ملزم نے انکشاف کیا کہ وہ ضلع بھر میں رات کی تاریکی میں لوگوں سے اسلحہ کے زور پر نقدی اور موٹر سائیکل چھینتا اور فرار ہو جاتا۔۔ ملزم سے مزید تفتیش جاری۔ سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ ڈکیت و موٹر سائیکل چور معاشرے کا ناسور ہیں ان کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس اور انکی پولیس کی ٹیم کو شاباش دی۔

إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِهِ صَفًّا كَأَنَّهُم بُنْيَانٌ مَّرْصُوصٌ
یوم تشکر
10 MAY, 2025
UNIVERSITY OF VETERINARY AND ANIMAL SCIENCES, LAHORE
WE LOVE YOU ALL

ویٹرنری یونیورسٹی میں آپریشن بنیان مرصوص کو کامیابی سے سرانجام دینے پر فوج کو خراج تحسین پیش اور یوم تشکر منایا گیا

ویٹرنری یونیورسٹی نے آپریشن بنیان مرصوص کو کامیابی سے انجام دینے پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے یوم تشکر منایا

چیئرپرسن چیف منسٹر ڈائریکٹوریٹ ایویلوایشن، فیڈ بیک، انسپکشن و مانیٹرنگ بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) بابر علاؤالدین نے وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) کے ہمراہ کی

افواج پاکستان نے آپریشن بنیان مرصوص میں ہمت، جرات اور بہادری کی اعلی مثال قائم کی ہے: بابر علاؤ الدین

افواج پاکستان جذبہ ایمان سے سرشار دشمن کے خلاف جہاد کے لیئے ہمہ وقت تیار ہیں

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور نے بھارتی جارحیت کا بھر پور جواب دینے اور ملک کی حفاظت کے لیئے آپریشن بنیان مرصوص کو کامیابی کے ساتھ انجام دینے پر پاکستانی مسلح افواج کے اعزاز میں یوم تشکر منایا۔ یوم تشکر کے حوالے سے سٹی کیمپس میں واک کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت چیئرپرسن چیف منسٹر ڈائریکٹوریٹ ایویلوایشن، فیڈ بیک، انسپکشن و مانیٹرنگ بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) بابر علاؤ الدین نے وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) کے ہمراہ کی جس میں یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات سے ڈینز، ڈائریکٹرز، فیکلٹی ممبران، طلباو طالبات اور سٹاف کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور سٹی کیمپس کا چکر لگایا۔ واک کے شرکا نے حب الوطنی کے نعرے لگائے اور جھنڈے لہرائے نیز پاکستانی فوج کے بھر پور حمایت اور آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر شاندار انداز میں خراج تحسین پیش کیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بابر علاؤ الدین نے کہا کہ افواج پاکستان نے آپریشن بنیان مرصوص میں ہمت، جرات اور بہادری کی اعلی مثال قائم کی ہے کہ اپنے سے کئی گناہ بڑے ملک کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا اور پاکستانی فضائیہ کے تربیت یافتہ پائلٹوں نے نہ صرف دشمن کے رافیل تیاروں کو مار گرایا بلکہ دشمن کے ڈیفنس سسٹم کو بھی کم وقت میں تباہ کیا اور دشمن کے ناپاک ارادے خاک میں ملا دیے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری افواج پاکستان جذبہ ایمان سے پوری طرح سرشار ہے اور دشمن کے خلاف جہاد کے لیئے ہمہ وقت تیار بھی ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ پاکستانی مسلح افواج نے ہر محاظ پر دشمن کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور قوم کا سر دنیا میں فخر سے بلند کر دیا ہے اور ان کی جرات بہادری کو ہم سلام پیش کرتے ہیں۔ بعد ازیں بابر علاؤ الدین نے پلانٹ فار پاکستان ہریالی مہم تحت کے ویٹرنری یونیورسٹی میں ہریالی کو فروغ دینے کی غرض سے پودا بھی لگایا۔ ویٹرنری یونیورسٹی کے تمام کیمپسز جن میں راوی کیمپس پتوکی، کالج آف ویٹرنری اینیمل سائنسز جھنگ، خان بہادر چوہدری مشتاق احمد کالج آف ویٹرنری اینیمل سائنسز نارووال اور پیراویٹرنری انسٹی ٹیوٹ کروڑ لعل ایسن لیہ میں بھی پاک فوج سے اظہار یکجہتی و یوم تشکر کے حوالے سے واک اور سیمینارز کا انعقاد کیا گیا۔

چیئرپرسن چیف منسٹر ڈائریکٹوریٹ ایویلوایشن، فیڈ بیک، انسپکشن و مانیٹرنگ بابر علاؤالدین کا ویٹرنری یونیورسٹی لاہور کا دورہ

لاہور (خبرنگار) چیئرپرسن چیف منسٹر ڈائریکٹوریٹ ایویلوایشن، فیڈ بیک، انسپکشن و مانیٹرنگ بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) بابر علاؤالدین نے گذشتہ روز یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کا دورہ کیا اور وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) سمیت سینئر فیکلٹی ممبران سے ملاقات کی۔ دریں اثنا اجلاس کا انعقاد ہوا جس کی مشترکہ صدارت پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس اور بابر علاؤالدین نے کی جس میں پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی، پروفیسر ڈاکٹر حبیب الرحمن، پروفیسر ڈاکٹر محمد اعظم، رجسٹرار سجاد حیدر سمیت دیگر یونیورسٹی کے سینئر فیکلٹی ممبران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بابر علاؤالدین نے کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی پاکستان کی تاریخی درسگاہ ہے جو ملک میں لائیوسٹاک سیکٹر کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے جو کہ شعبہ زراعت کا ایک اہم جزو ہے۔ انہوں نے کہا کہ سٹوڈنٹس افیئرز آفس کسی بھی یونیورسٹی میں طلبہ کی کردار سازی کرنے میں بہت اہم کردار ادا کرتا نیز اعلیٰ معیار تعلیم دینے پر یونیورسٹی کی لیڈرشپ کی کاوشوں کو سراہا۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی میں پاکستان کے مختلف صوبوں سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے تعلیم حاصل کرنے کے لیئے ہر سال آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی نے کرونا کے دوران ٹیسٹنگ سروس کی خدمات پیش کیں نیز کہا کہ یونیورسٹی اپنی زمینوں کو آؤٹ سورس کر کے، نئے ڈگری پروگرامز کے اجراسے انکم کما رہی ہے اس کے علاوہ یونیورسٹی کے اساتذہ نے ملکی و غیر ممالک کی فنڈنگ ایجنسیوں سے تحقیقی پراجیکٹس سے بھی انکم حاصل کر رہا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی نے کہا یونیورسٹی سوک ایجنٹ پروگرام کے زریعے فارمرز کمیونٹی کی دہلیز پر ویٹرنری سہولیات مہیا کر رہی۔ بعدازیں بابر علاؤالدین کا ویٹرنری یونیورسٹی کے طلبہ کے ساتھ انٹر ایکٹیو سیشن کا انعقاد ہوا۔

پی ایچ اے کو شہر کی گرین بیلٹس میں پودے لگانے کی ہدایت کر دی گئی

مانومنٹس پر خوبصورت لائٹس لگانے کی ہدایت کر دی، شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لئے فوری اقدامات کئے جائیں: کمشنر ساہیوال

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے پی ایچ اے کو شہر کی گرین بیلٹس میں پودے لگانے اور چوراہوں میں لگے مانومنٹس پر خوبصورت لائٹس لگانے کی ہدایت کر دی، شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لئے فوری اقدامات کئے جائیں۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ شفیق احمد ڈوگر، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، اے سی جنرل غلام حسین بھٹی سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ انہوں نے میونسپل کارپوریشن حکام کو عیدالضحیٰ کے حوالے سے تمام انتظامات مکمل کرنے اور اجتماعی قربانی کے لئے مختص پوائنٹس پر سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ مخصوص پوائنٹس کے علاوہ کسی جگہ پر قربانی کرنے پر مکمل پابندی ہوگی۔ پسپ حکام کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کمشنر شعیب اقبال سید نے کہا کہ جی ٹی روڈ، کالج روڈ اور آڑا اصلہ روڈ پر جاری کام کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف جاری کاروائیاں جاری رکھی جائیں اور ملبہ بھی ساتھ ساتھ اٹھایا جائے۔

پاک فوج کو بھارت کیخلاف تاریخی فتح پر سلام پیش کرتے ہیں: ہوٹلز اینڈ ٹورازم ایسوسی ایشن

پاک فوج نے ہندوستان کے بزدلانہ حملے کا منہ توڑ جواب دے کر وطن عزیز کا سر فخر سے بلند کر دیا

لاہور (صابر غوری سے) ہم ہوٹلز اینڈ ٹورازم ایسوسی ایشن اور پوری قوم کی طرف سے افواجِ پاکستان کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے ہندوستان کے بزدلانہ حملے کا منہ توڑ جواب دے کر وطنِ عزیز کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ آپ کی بہادری، پیشہ ورانہ صلاحیت اور وطن سے بے لوث محبت ہم سب کے لیے باعثِ فخر ہے۔ یہ کامیابی صرف ایک فوجی فتح نہیں، بلکہ پاکستان کے حوصلے، غیرت اور یکجہتی کی جیت ہے۔ آئیے! افواجِ پاکستان کے ساتھ اپنی یکجہتی کا اظہار کریں اور اس تاریخی کامیابی پر مبارکباد پیش کریں۔ ریلی بروز جمعہ المبارک بوقت شام 30:04 براستہ مال روڈ سے پریس کلب پاکستان زندہ باد پاک فوج پائندہ باد شعبہ نشر و اشاعت لاہور ہوٹلز اینڈ ٹورازم ایسوسی۔

مختلف واقعات میں 3 موٹر سائیکلیں چوری، مقدمات درج

ڈسکہ (تحصیل/نمائندہ خصوصی) مختلف واقعات میں تین موٹر سائیکلیں چوری۔ چونگی نمبر 8 پر پشاوری چپل کباب کے سامنے کھڑی نوازش علی کی موٹر سائیکل چوری ہو گڑھا کے محمد نواز کی گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکل چوری علی ٹاؤن سے انتظار علی کی گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

کنگ سلمان ریلیف سنٹر کی طرف سے پاکستان کے 33 اضلاع میں 30 ہزار فوڈ پیکیجز کی تقسیم

یہ اقدام ملک کے مختلف علاقوں میں غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے ہزاروں مستحق خاندانوں کی مدد کے لیے کیا گیا ہے

اسلام آباد: کنگ سلمان ہیومینیٹیرین ایڈ اینڈ ریلیف سنٹر نے قومی اور صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز کے تعاون سے فوڈ سیکیورٹی سپورٹ پروجیکٹ پاکستان 2024-2025 کے دوسرے مرحلے کے تحت 33 اضلاع میں 000,30 فوڈ پیکیجز کی تقسیم کامیابی سے مکمل کر لی ہے، جس سے 2 لاکھ سے زائد افراد مستفید ہوئے۔ یہ اقدام ملک کے مختلف علاقوں میں غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے ہزاروں مستحق خاندانوں کی مدد کے لیے کیا گیا ہے۔ ان اضلاع میں گلگت بلتستان کے پانچ اضلاع (دیامر، استور، غذر، ہنزہ، اور شگر)، آزاد جموں و کشمیر کے پانچ اضلاع (وادی نیلم، مظفرآباد، وادی جہلم، باغ، اور سدھنوتی)، پنجاب کے سات اضلاع (لاہور، ڈی جی خان، مظفر گڑھ، بہاولپور، اوکاڑہ، لیہ، اور بہاولنگر)، سندھ کے پانچ اضلاع (سکھر، خیرپور، عمرکوٹ، جامشورو، اور مٹیاری)، اور بلوچستان کے گیارہ اضلاع (قلعہ سیف اللہ، ژوب، کچھی، لسبیلہ، قلات، ڈیرہ بگٹی، کوئٹہ، قلعہ عبداللہ، سبی، لورالائی، اور پشین) شامل ہیں۔ ہر فوڈ پیکیج کا وزن 95 کلوگرام ہے جس میں 80 کلوگرام آٹا، 5 لیٹر خوردنی تیل، 5 کلوگرام چینی اور 5 کلوگرام چنے کی دال شامل ہے۔ تقسیم کا عمل شفافیت کے ساتھ کنگ سلمان ریلیف سنٹر کی نگرانی میں، ضلعی انتظامیہ، پیس اینڈ ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن اور حیات فاؤنڈیشن کے تعاون سے مکمل کیا گیا۔ یہ اقدام پاکستان میں غذائی عدم تحفظ کے خاتمے اور مستحق خاندانوں کی فلاح و بہبود کے فروغ کے لیے کنگ سلمان ریلیف سنٹر کی مستقل وابستگی کا مظہر ہے۔

تلخ کلامی پر ملزموں نے فائرنگ کر کے نوجوان کو موت کے گھاٹ اتار دیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) معمولی تلخ کلامی پر ملزموں نے فائرنگ کر کے نوجوان کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ محلہ یونس آباد کے خاتون سائرہ اپنے بیٹے حمزہ امین کے ہمراہ گھر کا سودا لینے کریانہ سٹور پر گئی تو وہاں پر پہلے سے موجود ملزموں حماس، اسد، زین، احمد اور دو نامعلوم افراد نے اس کے بیٹے حمزہ امین کو زدوکوب کرنا شروع کر دیا۔ خاتون نے ملزموں کو منع کیا تو ملزموں نے اس کے بیٹے پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجہ میں اس کا بیٹا شدید زخمی ہو گیا جس کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال لایا گیا جہاں پر اس کی حالت تشویشناک ہونے پر گوجرانوالہ ریفر کر دیا گیا جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا وجہ عناد معمولی جھگڑا بتائی جاتی ہے پولیس نے مقتول کی والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی

چین۔ سیلاب ممالک کا مشترکہ ترقی اور عالمی جنوب کے اتحاد کا فروغ

بیجنگ (شنہوا) چینی صدر شی جن پھنگ نے چین اور لاطینی امریکہ و کیریبین (ایل اے سی) ممالک کے درمیان مشترکہ ترقی اور احیا کو فروغ دینے کے لئے 5 بڑے پروگراموں کے آغاز کا اعلان کیا۔ یہ اعلان فریقین کے درمیان بیجنگ میں اختتام پذیر ہونے والے اہم فورم کے چوتھے وزارتی اجلاس کے موقع پر کیا گیا جو دونوں خطوں کے درمیان کلیدی تعاون کا پلیٹ فارم ہے۔ ان 5 پروگراموں میں یکجہتی، ترقی، تہذیب، امن اور عوامی روابط جیسے موضوعات شامل ہیں جو تعاون کو گہرا کرنے اور مشترکہ اہداف حاصل کرنے کے لئے واضح روڈ میپ فراہم کرتے ہیں۔ گزشتہ دہائی کے دوران چین سیلاک فورم (لاطینی امریکہ اور کیریبین ممالک کی کمیونٹی) کے قیام کے بعد سے چین اور سیلاک ممالک کے درمیان سیاسی اعتماد مضبوط ہوا ہے، ترقیاتی حکمت عملیاں ہم آہنگ ہوئی ہیں اور ثقافتی تبادلوں کو فروغ ملا ہے۔ اس فورم کا آغاز جولائی 2014 میں ہوا جب صدر شی برازیل کے دورے پر تھے اور چین اور سیلاک ممالک کے پہلے اجلاس میں شریک ہوئے۔ تقریباً 11 سال قبل برازیلیا میں ہونے والے اس اجلاس میں رہنماؤں نے چائنہ سیلاک فورم کے قیام پر اتفاق کیا

چین نے متعدد امریکی اداروں پر مشتمل ناقابل بھروسہ اداروں کی فہرست معطل کردی

بیجنگ (شنہوا) وزارت تجارت نے کہا ہے کہ چین نے متعدد امریکی اداروں پر عائد ناقابل اعتماد اداروں کی فہرست اور برآمدی کنٹرول کے اقدامات معطل کر دیے ہیں۔ میڈیا کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے وزارت کے ترجمان نے کہا کہ 11 امریکی اداروں کو چین کی ناقابل بھروسہ اداروں کی فہرست میں شامل کرنے کا اقدام 90 روز کے لئے معطل کر دیا گیا ہے۔ اس فہرست کا اعلان 4 اپریل کو ہوا تھا۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ 9 اپریل کو 6 امریکی اداروں کو چین کی ناقابل بھروسہ اداروں کی فہرست میں شامل کرنے کے اقدام کو بھی روک دیا گیا ہے۔ مقامی کاروباری اداروں کو اب ان اداروں کے ساتھ لین دین کی درخواست دینے کی اجازت ہے۔ ترجمان نے کہا کہ چین نے 4 اور 9 اپریل کو اعلانات میں 28 امریکی اداروں کو اپنی برآمد کنٹرول فہرست میں شامل کرنے کے اقدامات کو بھی 90 دن کے لئے معطل کر دیا ہے۔ اگر برآمد کنندگان کو مذکورہ بالا 28 اداروں کو دوہرے استعمال کی اشیاء برآمد کرنے کی ضرورت ہے تو انہیں متعلقہ قواعد و ضوابط کے مطابق وزارت کو درخواست دینا ہوگی۔

صحافی انتظامیہ اور عوام کے درمیان پل کی حیثیت رکھتے ہیں، اسسٹنٹ کمشنر عمران رسول

ملاقات کا مقصد باہمی تعارف، عوامی مسائل پر تبادلہ خیال اور مثبت رابطے کے فروغ کے حوالے سے تھا

ظفروال (زاہد مجید چودھری سے) نیشنل، عوامی اور تحصیل پریس کلبز ظفروال کے نمائندہ وفد نے اسسٹنٹ کمشنر ظفروال عمران رسول سے ملاقات کی۔ ملاقات کا مقصد باہمی تعارف، عوامی مسائل پر تبادلہ خیال اور مثبت رابطے کے فروغ کے حوالے سے تھا۔ تفصیلات کے مطابق، صحافی برادری کے وفد نے اسسٹنٹ کمشنر کے دفتر میں ان سے ملاقات کی، جس میں صاحبزادہ عاصم حبیب سلہریا، خامس یوسف منہاس، شاہد صدیق، سید عرفان شاہ، شہزاد عارضی، علی رضا رانا، رحمان علی، علی ندیم، روبینہ کوثر، کلیم قریشی، ظہیر احمد طور اور زاہد ادریس شامل تھے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ظفروال نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتے ہیں، اور وہ انتظامیہ اور عوام کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے وفد کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو توجہ سے سنا اور ان کے حل کی یقین دہانی کرائی ان کا کہنا تھا کہ ظفروال میں قیام کے دوران امن و امان، صحت، تعلیم اور روزمرہ اشیاء کی مقررہ نرخوں پر فراہمی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہوگی۔ اس موقع پر صحافیوں نے اسسٹنٹ کمشنر کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا

2 مختلف وارداتوں میں شہری طلائی زیورات نقدی اور موبائل فون سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مختلف وارداتوں میں شہری طلائی زیورات نقدی اور موبائل فون سے محروم۔ چک گلاں کی طیبہ کی عدم موجودگی میں نامعلوم ملزمان تالے توڑ کر سیف الماری سے نقدی 3 لاکھ روپے، 5 عدد طلائی انگوٹھیاں، بالیاں چوری کر کے لے گئے محمد شبیر اپنی بچی کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار جا رہا تھا کہ جسیل آباد کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر موبائل فون، طلائی زیورات انگوٹھی، کانٹے کی جوڑی اور بریسلیٹ چھین کر لے گئے پولیس نے مقدمات درج کر لیے ہیں

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:50
فجر	4:50
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

کمشنر لاہور کی زیر صدارت ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ کمیٹی کا اجلاس/ترقیاتی سکیموں کا جائزہ

اجلاس میں پیرا۔ سپیشل ایجوکیشن۔ پبلک بلڈنگز۔ ہائر ایجوکیشن اور ایم سی ایل اقبال زون کی کل 59 سکیمیں پیش کی گئیں

کسی ترقیاتی سکیم میں پرائس ویری ایشن کی مکمل جانچ، سکیم کی معیار اور ڈیڈ لائن و ٹائم لائنز کیمطابق تکمیل ناگزیر ہے ناگزیر ہے۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود

لاہور (خبرنگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود کی زیر صدارت ترقیاتی سکیموں جائزہ کے حوالے سے ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی، سپیشل ایجوکیشن، پبلک بلڈنگز، ہائر ایجوکیشن اور ایم سی ایل اقبال زون کی کل 59 سکیمیں پیش کی گئیں۔ کمشنر لاہور کی زیر صدارت ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ کمیٹی نے پیش کردہ سکیموں کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور نے پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کی پیش کردہ 5 سکیموں اور ایم سی ایل کی پیش کردہ 51 سکیموں کا جائزہ لیا۔ ایم سی ایل کی علامہ اقبال زون کی تمام سکیمیں لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کا حصہ ہیں۔ کمشنر لاہور نے تمام محکموں کو سکیموں کے سروے مکمل کرا کر ڈویژنل اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ کسی ترقیاتی سکیم میں پرائس ویری ایشن کی مکمل جانچ، سکیم کی معیار اور ڈیڈ لائن و ٹائم لائنز کیمطابق تکمیل ناگزیر ہے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ لاہور ڈویژن جاوید رشید چوہان، سی او ایم سی ایل شاہد کاٹھیا سمیت لاہور ڈویژن کے ڈویلپمنٹ افسران نے شرکت کی۔

ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر کا صدر بازار، پاکپتن بازار اور جوگی چوک کا دورہ

زیر تعمیر ڈرین کے جاری کام کا تفصیلی جائزہ لیا، تعمیراتی کام کے معیار کو برقرار رکھا جائے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر کا صدر بازار، پاکپتن بازار اور جوگی چوک کا دورہ، زیر تعمیر ڈرین کے جاری کام کا تفصیلی جائزہ لیا، تعمیراتی کام کے معیار کو برقرار رکھا جائے۔ متعلقہ افسران کو ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر نے صدر بازار، پاکپتن بازار اور جوگی چوک کا دورہ کیا۔ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، ایکسین بلڈنگ فتح محمد وٹو، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل عمران خان اور ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اکرم وٹو بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے زیر تعمیر ڈرین کے کام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ کام کے معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کام کی رفتار کو تیز کیا جائے اور اسے ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے۔

پنجاب میں نرسنگ کا نیا "کمپاس" نصاب متعارف، کلچرل کمپیٹنسی سمیت 200 سکلز شامل

کلینیکل کریڈٹ آورز دگنے، طلبہ ہفتے میں تین دن کلاس روم، تین دن ہسپتالوں میں ہوں گے

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) نے بی ایس نرسنگ کے چار سالہ پروگرام کے لیے مہارتوں پر مبنی نیا نصاب "کمپاس" کے نام سے متعارف کرا دیا جو اسی سال سے تمام الحاق شدہ نرسنگ کالجوں میں نافذ العمل ہوگا۔ اس کی منظوری جمعرات کے روز وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسن وحید راٹھور کی زیر صدارت منعقدہ یو ایچ ایس بورڈ آف اسٹڈیز نرسنگ کے اجلاس میں دی گئی۔ نئے نصاب کے تحت کلینیکل کریڈٹ آورز کی تعداد تقریباً دگنی کر دی گئی ہے۔ پہلے یہ کریڈٹ آورز 35 ہوتے تھے جنھیں اب بڑھا کر 54 کر دیا گیا ہے۔ اس طرح نرسنگ طلبہ کو اب ہفتے میں تین دن کلاسز اور تین دن ہسپتالوں میں تربیت دی جائے گی۔ طلبہ کی ہسپتالوں میں کلینیکل روٹیشنز پہلے ہی سال سے شروع ہوں گی۔ پاکستان میں پہلی بار نرسنگ کے نصاب میں کلچرل کمپیٹنسی سکلز کو شامل کیا گیا ہے جبکہ مجموعی طور پر طلبہ کو 200 سکلز اور 72 کورسز پڑھائے جائیں گے۔ یہ نصاب یو ایچ ایس کے میڈیکل ایجوکیشن اور نرسنگ ڈیپارٹمنٹس کی مشترکہ کاوش کا نتیجہ ہے۔ وائس چانسلر یو ایچ ایس کے مطابق فیکلٹی کی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے یکم سے 15 جون تک خصوصی ورکشاپس منعقد کی جائیں گی جبکہ تعلیمی معیار کو برقرار رکھنے کے لیے یو ایچ ایس ہر سمسٹر میں نرسنگ کالجوں کے سرپرائز وزٹس بھی کرے گی۔

ایس پی ہیڈ کوارٹر میاں سہیل فاضل نے پروگرام میں شرکت کرنے والے طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے

پنجاب پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام کا مقصد پولیس کے مثبت پہلوؤں کو فروغ دیتے ہوئے پولیس اور عوام کے درمیان حائل خلیج کو ختم کرنا ہے۔ سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم

Youth
انٹرن شپ پروگرام

گوجرانولہ (پرویز مغل قوت بیورو) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق اور سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم کی ہدایت پر دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں ڈسٹرکٹ پولیس کے سینئر افسران نے طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں کے بارے میں لیکچرز دیئے اور وزٹ کروائے۔ پروگرام کی اختتامی تقریب اشرف مارتھ شہید پولیس لائنز آڈیٹوریم ہال میں منعقد ہوئی۔ طالبات سے خطاب کرتے ہوئے ایس پی ہیڈ کوارٹر میاں سہیل فاضل نے کہا کہ انٹرن شپ پروگرام کا مقصد پولیسنگ سے آگاہی اور اس میں بہتری کیلئے نوجوان نسل کو ساتھ لے کر چلنا ہے، انٹرن شپ پروگرام اور طالبات کے تعاون اور مشاورت سے کیمونٹی پولیسنگ کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ تقریب کے اختتام پر ایس پی ہیڈ کوارٹر میاں سہیل فاضل نے انٹرنیز میں سرٹیفکیٹ تقسیم کئے۔ یوتھ انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں سے طالبات نے شرکت کی جنھیں دو ہفتوں پر محیط انٹرن شپ پروگرام میں پولیس ورکنگ کے متعلق آگاہی دی گئی۔ دو ہفتوں پر محیط پروگرام میں پولیس کے سینئر افسران نے انٹرنیز کو پولیسنگ، پولیس کے تجدیدی اقدامات اور SIPS و دفاتر، آر پی او آفس، سی ٹی ڈی، سپیشل برانچ، فرنٹ ڈیسک، میثاق سینٹر، تحفظ مرکز، ویمن انکلیو، خدمت مراکز، INV آپریشن، آئی ٹی، سیف سٹی گوجرانوالہ اور دیگر دفاتر میں پولیس کی ورکنگ کے حوالے سے آگاہی دی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ سے پولیس اور شہریوں کے درمیان موثر اشتراک سے ہی جرائم کا خاتمہ ممکن ہے۔ اختتامی تقریب کے موقع پر انٹرنیز نے انٹرن شپ پروگرام کے انعقاد پر پنجاب پولیس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انٹرن شپ پروگرام کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے تجدیدی اقدام ہے جس سے یہ سیکھنے کا موقع ملا کہ محدود وسائل کے باوجود قیام امن اور پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کیلئے پولیس کی طرف سے بہترین اقدامات عمل میں لائے جا رہے ہیں۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

جہلم ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس کا پنڈدادن خان کا دورہ

بنیادی مرکز صحت کی تزئین وآرائش جدید طبی مشینری کی فراہمی اور طبی عملہ کی کمی کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ تمام ضروری ادویات کی دستیابی کو یقینی بنایا جارہا ہے: ڈپٹی کمشنر

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس کا دورہ پنڈدادن خان بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے پنجاب حکومت کی جانب سے متعدد منصوبے جاری ہیں جس میں بنیادی مرکز صحت کی تزئین وآرائش جدید طبی مشینری کی فراہمی اور طبی عملہ کی کمی کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ تمام ضروری ادویات کی دستیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے تحصیل پی ڈی خان کے دورہ کے دوران رورل ہیلتھ سینٹر للہ، زیر تعمیر مریم نواز ہیلتھ کلینک اور بنیادی مرکز صحت ٹوبھہ کے مختلف حصوں میں جاری طبی سہولیات کا مشاہدہ کرتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی کمشنر محمد میثم عباس کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر پنڈدادنخان نادیہ پروین اور تحصیل پی ڈی خان کے محکمہ صحت کے افسران و اہلکار بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر جہلم نے رورل ہیلتھ سینٹر للہ میں مختلف وارڈز کا دورہ کیا اور زیر علاج مریضوں اور ان کے اہل خانہ سے طبی سہولیات کی فراہمی بارے مسائل دریافت کیے انہوں نے رورل ہیلتھ سینٹر میں لیبارٹری میں ضروری ٹیسٹ اور فارمیسی میں دستیاب ادویات کا ریکارڈ بھی چیک کیا للہ میں زیر تعمیر مریم نواز ہیلتھ کلینک کی عمارت کا دورہ کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے عمارت کو جلد مکمل کرنے اور جلد از جلد شہریوں کو بہترین علاج گاہ فراہم کرنے کی ہدایت کی تحصیل پی ڈی خان کے دورہ کے دوران ڈپٹی کمشنر نے بنیادی مرکز صحت ٹوبھہ کا بھی تفصیلی دورہ کیا اور انچارج مرکز صحت سے طبی سہولیات بارے تفصیلات معلوم کرتے ہوئے مرکز صحت کے مختلف حصوں میں جا کر طبی سہولیات مشینری اور دیگر امور کا جائزہ بھی لیا ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر بنیادی مرکز صحت ٹوبھہ کی نئی عمارت کے کام کا معائنہ بھی کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہریوں کی شکایات کا ازالہ کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے نئی بلڈنگ کے قیام سے نہ صرف طبی سہولیات میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا بلکہ زیادہ سے زیادہ مریضوں کو علاج کی سہولت بھی میسر آسکے گی۔

رانا فیصل کی سیاسی وسماجی شخصیت خالد بھائی سے ملاقات

اہم ملاقات میں موجودہ ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معروف کاروباری شخصیت رانا فیصل کی فیصل آباد کی معروف سیاسی وسماجی و صنعتی شخصیت خالد بھائی کیساتھ اہم میٹنگ میں ملکی موجودہ صورتحال بارے گفتگو ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ بہادر مسلح افواج پاکستان نے جنگی محاذ پر بھارت کو شکست فاش دے کر پاکستانیوں کو ثابت کر دیا کہ سپہ سالار پاکستان جنرل سید عاصم منیر کی کمانڈ میں افواج پاکستان دلیر باصلاحیت اور جدید ترین ہتھیاروں سے لیس اپنے دشمن کو ناکوں چنے چبوانے کی اہلیت رکھتی ہے۔ دشمن بھارت کی دنوں پر محیط جارحیت کے بعد وطن عزیز کے بہادر و جری بیٹوں نے محض چند گھنٹوں کی جنگ میں بھارت میں گھس کر اسے ایسا سبق دیا کہ امریکہ یورپی افریکی و دیگر اقوام عالم دم بخود رہ گئیں۔ انشاء اللہ پاکستان تیزی سے ابھرنے والی دنیا کی معیشتوں میں اپنا مقام بنانے جا رہا ہے۔

جہلم محکمہ سول ڈیفنس جہلم کا غیر قانونی پٹرولیم مصنوعات فروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محکمہ سول ڈیفنس جہلم کا غیر قانونی پٹرولیم مصنوعات فروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن۔ ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب اور ڈپٹی کمشنر جہلم سید میثم عباس کی ہدائیت کے مطابق محمد فرحان سول ڈیفنس آفیسر جہلم نے سرگدھن تحصیل سوہاوہ جہلم کے ہمراہ سٹاف دورہ کیا دورے کے دوران مختلف دوکانیں سیل کر دی گئی اور ایک عدد پٹرول مشین بمعہ پٹرول اور ملزمان کو حوالہ پولیس کردیا اور مقدمہ درج کروادیا اور کہا کہ کوئی بھی غیر قانونی کام کرنے میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

کوٹ رادھا کشن لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی LWMC کی ناقص کارکردگی

رپورٹ کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کا ستھرا پنجاب تصاویر، سیلفی اور سوشل میڈیا کی حد تک محدود

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر سے) کوٹ رادھا کشن کی تمام یونین کونسل UC پر جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر، نالیاں بند اور سڑکوں پر صفائی کے ناقص اقدامات۔ کوٹ رادھا کشن LWMC کے ٹھیکے دار یاسین برادرز نے کوٹ رادھا کشن کو ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت چند ماہ میں شہر اور یونین کونسلوں میں کچرے کے ڈھیر کو زیرو کرنے کا وعدہ کیا مگر کئی ماہ گزرنے کے باوجود کوئی عملی کام نا ہو سکا۔ کوٹ رادھا کشن LWMC کے تحصیل مونیٹرنگ آفسرز، تحصیل مینیجر آفسرز اور اسسٹنٹ منیجر آفسرز کی دفتروں میں بیٹھ کر مفت کی تنخواہیں لینے لگے۔ رپورٹ کے مطابق کوٹ رادھا کشن LWMC کے ٹھیکے دار ورکرز کو دی گئی تاریخ کے باوجود بھی وقت پر تنخواہیں نا دیں سکے۔ ورکرز سراپائے احتجاج اور وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز سے وقت پر سیلری دینے دینے کی اپیل۔

اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر دیپالپور کا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں طبی سہولیات کا جائزہ

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر دیپالپور کا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں طبی سہولیات کا جائزہ، انہوں نے شعبہ ایمرجنسی سمیت ہسپتال کے مختلف وارڈز میں مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات اور مفت ادویات کی دستیابی بارے دریافت کیا، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی کے لیے میڈیکل کاؤنٹرز کی چیکنگ کی اور ڈیوٹی پر مامور عملہ کو تحمل سے عوامی خدمت کرنے کی ہدایت کی، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ ہسپتالوں میں مریضوں کی خدمت عین عبادت ہے اور بہت بڑی ذمہ داری ہے۔

طالب علموں کی معیاری تعلیم اور عمدہ تربیت چناب کالج چنیوٹ کا طرہ امتیاز ہے

کامیابی کا تسلسل برقرار رکھنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی: ڈپٹی کمشنر

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر/ چیئرمین ایجوکیشن ٹرسٹ صفی اللہ گوندل نے کہا ہے کہ طالب علموں کی معیاری تعلیم اور عمدہ تربیت چناب کالج چنیوٹ کا طرہ امتیاز ہے جس کا تسلسل برقرار رکھنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ چناب کالج کو ڈویژن کا صف اول کا ادارہ بنانا ترجیح ہے۔ چناب کالج چنیوٹ میں پیرنٹ parent میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے چیئرمین چنیوٹ ایجوکیشن ٹرسٹ/ ڈپٹی کمشنر نے چناب کالج میں تعلیم کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لئے والدین سے تجاویز لیں اور کہا کہ اس ضمن میں مشترکہ اقدامات ناگزیر ہیں۔ اس موقع پر والدین نے نظام تعلیم کی بہتری کے حوالے سے بعض آراء بھی دیں۔ جس پر ڈپٹی کمشنر نے ان کا خیر مقدم کیا۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی آنکھوں سے اوجھل بعض ہوٹلز اور فوڈ پوائنٹ شہریوں میں موذی امراض فروخت کررہے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور گردونواح میں فوڈ پوائنٹ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی آنکھوں سے اوجھل بعض ہوٹلز اور فوڈ پوائنٹ شہریوں میں موذی امراض فروخت کر رہے ہیں جہاں پر کھانے پینے کی اشیاء کی تیاری میں حفظان صحت کے اصولوں کو مدنظر نہیں رکھا جاتا اور مضر صحت ملاوٹ شدہ ناقص اشاء کی فروخت سے بھی گریز نہیں کیا جاتا جس کی وجہ سے ہسپتالوں میں اکثریت پیٹ کے مرض میں مبتلا مریض آرہے ہیں شہریوں نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی توجہ مبذول کرواتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ شہر سمیت ضلع بھر کے فوڈ پوائنٹس کو چیک کیا جائے خاص کر ان کے کچن کو بھی چیک کیا جائے۔

بھارت کا غرور خاک میں ملانے پر پاک فوج کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا

ایسٹ پاکستان سول آرمڈ فورس فاؤنڈیشن (EPAF) کے مرکزی صدر شیخ محمد مقیم۔ سینئر نائب صدر محمد اختر و دیگر کی تقریب میں شرکت

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ایسٹ پاکستان سول آرمڈ فورس فاؤنڈیشن (EPAF) کے مرکزی صدر شیخ محمد مقیم۔ سینئر نائب صدر محمد اختر۔ جنرل سیکرٹری شمس الدین۔ نائب صدر و کوآرڈینیٹر پنجاب محمد عبیداللہ۔ ایڈیشنل سیکرٹری شوکت علی اور ڈویژنل کوآرڈینیٹر فیصل آباد انیس عامر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں بھارت کی طرف سے بزدلانہ کارروائی کا مضبوط دفاعی انداز میں جواب دینے اور بھارت کا غرور خاک میں ملانے پر پاک فوج کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ سپہ سالار جنرل عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج کے شاہینوں نے جس طرح انڈیا کو شکست فاش دی وہ مدتوں یاد رکھا جائے گا۔ ان رہنماؤں نے کہا کہ دنیا بھر میں پاک فوج نے پاکستانی عوام کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ ہم سب پاکستانی قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔ ہمیشہ پاکستان اور پاک فوج زندہ باد رہے گی۔ انھوں نے ملک پر جان قربان کرنے والے شہداء کو بھی زبردست خراج عقیدت پیش کیا

غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کیخلاف گرینڈ آپریشن جاری

اس سلسلے میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے مختلف علاقوں میں 6 غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے قیام کی کوشش ناکام بنادی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کیخلاف گرینڈ آپریشن جاری ہے اس سلسلے میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے مختلف علاقوں میں چھ غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے قیام کی کوشش ناکام بنا دی اور موقع پر ان کے دفاتر کو سر بمہر کر کے تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار کر دیا گیا۔ ان میں تین اضافی آبادیاں بھی شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ اسماء محسن کی زیر نگرانی اسٹیٹ آفیسر انیب اسلم رندھاوا کی سربراہی میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے مختلف علاقوں کی انسپکشن کی تو چک نمبر 239 رب کی اراضی پر پام سٹی، بلاسم ایونیو چک نمبر 238 رب میں ماڈل سٹی iii ایگزیکٹو بلاک، چک نمبر 258 میں تین اضافی آبادیوں کی آڑ میں ہاؤسنگ سکیموں کے قیام کی کوشش کی جارہی تھی جن کے خلاف آپریشن کر کے دفاتر کو سیل اور وہاں بعض تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار کر دیا گیا۔ ڈویلپرز کو تنبیہ کی گئی ہے کہ وہ تمام قانونی و محکمانہ تقاضے پورے کر کے ہاؤسنگ سکیموں کی باقاعدہ منظوری حاصل کریں بصورت دیگر مزید خلاف ورزیوں پر قصورواروں کے خلاف فوجداری مقدمات بھی درج کرائے جا سکتے ہیں۔ ایف ڈی اے انتظامیہ کی طرف سے عوام الناس کو آگاہ کیا گیا ہے کہ وہ غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں سے ہوشیار رہیں اور کسی بھی ہاؤسنگ سکیم میں پلاٹ خریدنے یا سرمایہ کاری کرنے سے قبل ہاؤسنگ سکیم کی قانونی حیثیت ضرور چیک کرلیں تاکہ بعد میں انہیں کسی قسم کی پریشانی یا مشکل پیش نہ آئے۔

لاہور طرز پر میٹرو بسیں چلانے کے منصوبے پر عملدرآمد کیلئے کمشنر آفس گوجرانوالہ میں اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد

اجلاس میں سیکرٹری ٹرانسپورٹ پنجاب عمران سکندر بلوچ، کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، سی پی او ایاز سلیم، نیسپاک کے نمائندے موسیٰ ڈار، جمشید جنجوعہ اور دیگر محکموں کے متعلقہ حکام نے شرکت کی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گوجرانوالہ میں لاہور طرز پر میٹرو بسیں چلانے کے منصوبے پر عملدرآمد کیلئے کمشنر آفس گوجرانوالہ میں اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے کی۔ اجلاس میں سیکرٹری ٹرانسپورٹ پنجاب عمران سکندر بلوچ، کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، سی پی او ایاز سلیم، نیسپاک کے نمائندے موسیٰ ڈار، جمشید جنجوعہ اور دیگر محکموں کے متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے کہا کہ حکومت پنجاب عوام کو بہترین سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، گوجرانوالہ ایک اہم اور مصروف کاروباری شہر ہے یہاں کے عوام کو آمدورفت میں سہولت اور شہر کی بڑی سڑکوں سے ٹریفک کا رش کم کرنے کیلئے یہاں میٹرو بس کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے میٹرو بس کا منصوبہ موڑ ایمن آباد سے راہوالی تک تھا جسے اب عوام کی سہولت کیلئے گکھڑ تک توسیع دے دی گئی ہے جبکہ اس منصوبے کو موڑ ایمن آباد کی بجائے کامونکی سے شروع کرنے کے سلسلہ میں بھی غور کیلئے متعلقہ حکام کو ہدایت کر دی گئی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ عوام اس عوامی فلاحی منصوبے سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ موڑ ایمن آباد تا گکھڑ جی ٹی روڈ میٹرو بس روٹ اور دیگر فیڈر روٹس پر سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے 1009 بسیں مہیا کی جائیں گی۔

پاک فوج کی کامیابی پر خراج تحسین پیش کرنے کے لئے سیمینار کا انعقاد

چناب نگر میں انٹرنیشنل ختم نبوت اور انوار ختم نبوت کے زیراہتمام سیمینار سے حافظ محمد کفایت اللہ نے خطاب کیا

لالیاں (رانا کاشف قلیم سے) چناب نگر میں انٹرنیشنل ختم نبوت اور انوار ختم نبوت کے زیراہتمام پاک فوج کی کامیابی پر خراج تحسین پیش کرنے کے لئے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جسمیں نومسلم ارکان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق بنیان مرصوص آپریشن میں بے مثال کامیابی پر جہاں ملک بھر میں پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے وہیں پر چناب نگر میں بھی انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ اور انوار ختم نبوت نے نومسلمین کیساتھ پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جسمیں پاکستان علماء کونسل ڈسٹرکٹ چنیوٹ کے ضلعی صدر حافظ محمد کفایت اللہ انوار ختم نبوت کے رہنما مولانا عتیق الرحمٰن سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اس موقع پر رہنماؤں نے پاک فوج کو بے مثال کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ اور پاک فوج کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر نومسلمین نے پاک فوج کو بھی مبارکباد دی۔ اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ ہماری فوج نے بھارت کو منہ توڑ جواب دیا ہے۔ ہماری افواج نے ملک و قوم کا نام روشن کیا ہے۔ جس پر ہم بہت خوش ہیں۔ تقریب کے آخر میں نومسلمین و دیگر مہمانوں کی خاطر تواضع بھی کی گئی

چیئرپرسن وومن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ کا سیالکوٹ کا دورہ

ڈی پی او سیالکوٹ کے ساتھ متاثرہ خواتین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیئرپرسن پنجاب وومن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سیالکوٹ کا دورہ کیا۔ اپنے دورے کے دوران انہوں نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ سے ضلع میں خواتین اور بچوں پر تشدد، ہراسگی گھریلو تشدد و جنسی جرائم جیسے زیر تفتیش مقدمات سے متعلق پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ لی انہوں نے مقدمات کی موثر تفتیش و پیروی اور جرائم کی روک تھام کے حوالے سے سیالکوٹ پولیس کے سنجیدہ اقدامات کی ستائش کی. حنا پرویز بٹ نے متاثرہ خواتین اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات کر کے مکمل انصاف کی یقین دہانی کروائی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین و بچوں پر تشدد کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور ایسے عناصر کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے گی۔ ڈی پی او سیالکوٹ نے کہا کہ سیالکوٹ پولیس ہر کیس کو سنجیدگی سے لے رہی ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق صنفی جرائم کی روک تھام کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔" سیالکوٹ پولیس خواتین اور بچوں کے تحفظ کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے اور ایسے جرائم میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے پرعزم ہے۔

ستھرا پروگرام مکمل طور پر ناکام، ایل ڈبلیو ایم سی کے عملے کی ہٹ دھرمی برقرار

غلاظت ابلتے گٹروں، گندگی سے بھرے نالوں نے شہریوں کی زندگی عذاب بنادی، ہیلپ لائن، ذاتی فون، سٹیزن پورٹل پر شکایات بھی صفائی کے عملہ کو ٹس سے مس نہ کر سکیں

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ قوت) ستھرا پروگرام مکمل طور پر ناکام، ایل ڈبلیو ایم سی کے عملے کی ہٹ دھرمی برقرار، گندگی، غلاظت ابلتے گٹروں، گندگی سے بھرے نالوں نے شہریوں کی زندگی عذاب بنادی، ہیلپ لائن، ذاتی فون، سٹیزن پورٹل پر شکایات بھی صفائی کے عملہ کو ٹس سے مس نہ کر سکیں، شہریوں کا روڈ بلاک کر کے احتجاج کرنے کا اعلان، تفصیلات کے مطابق مصطفیٰ آباد للیانی کا نواحی گاؤں تھہ وڈانہ پورے ضلع قصور کا گندہ ترین علاقہ بن چکا ہے، جگہ جگہ گندگی کے پہاڑوں جتنے بڑے ڈھیر پڑے ہوئے ہیں، نالیوں کی صفائی نہ ہونے سے گندہ پانی سڑک پر کھڑا رہتا ہے جس کی وجہ راہگیروں کیلئے گزرنا محال ہو چکا ہے، نمازیوں کو مسجد میں جانے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے کوڑے کرکٹ کی وجہ سے علاقہ مکین شدید بدبو کے ساتھ وبائی امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں بیس ہزار سے زائد آبادی والا گاؤں مکمل طور پر ایل ڈبلیو ایم سی کے عملے کی ہٹ دھرمی کا شکار ہو چکا ہے۔ شہریوں نے بتایا کہ ہیلپ لائن، ٹیلی فون کالز اور سٹیزن پورٹل پر بار بار شکایات کرنے پر بھی عملہ ٹس سے مس نہیں ہوتا اور صفائی سے مکمل طور پر ہر بار گریز کرتا ہے۔ فیروز پور روڈ کا سب سے بڑا گاؤں ہونے کے باوجود عملہ صفائی یہاں آنے کا روادار نہیں ہے اور محترمہ مریم نواز کے ستھرا پنجاب کو مکمل طور پر ناکام بنا چکا ہے۔ شہریوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے احکامات کو ردی کی ٹوکری میں ڈالنے والے عملے کے خلاف کارروائی کی جائے اور تھہ وڈانہ میں صفائی کا بندوبست کرتے ہوئے گندگی کے ڈھیر اٹھوائے جائیں ورنہ ہم مین سڑک کو بلاک کر کے احتجاج کریں گے۔

چنیوٹ میں افواج پاکستان زندہ باد سیمینار کا انعقاد کیا گیا

پاکستانی افواج پاکستان کی پیشورانہ بہادری پر انہیں ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں: علامہ ڈاکٹر مفتی امتیاز احمد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جامعہ تعلیم القرآن محلہ چاطبیا نوالہ چنیوٹ میں افواج پاکستان زندہ باد سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں طلباء، علماء اکرام اور مقتیان اکرام نے شرکت کی سیمینار کا آغاز تلاوت نعت سے ہوا اور خطابات ہوئے اس موقع پر علامہ ڈاکٹر مفتی امتیاز احمد حقانی ضلعی کوآرڈینیٹر تنظیم المدارس چنیوٹ ڈاکٹر کامران محمود قادری سرپرست اعلیٰ جامعہ تعلیم القرآن مفتی محمد ریاض عطاری قادری مفتی محمد علی، علامہ قمر زمان سیفی علامہ مزمل حسین مدنی ناظم اعلیٰ جامعہ تعلیم القرآن حافظ شیر علی نائب ناظم اعلیٰ جامعہ تعلیم القرآن نے خطاب کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ہم افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں انڈیا کے اس بزدلانہ حملے کی پر زور مزمت کرتے ہیں مقررین نے کہا کہ یہ پاکستان اولیاء کا فیضان ہے یہ کلمہ کے نام پر حاصل ہوا اج سچے محب وطن پاکستانی افواج پاکستان کی پیشورانہ بہادری پر انہیں ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں اس موقع پر افواج پاکستان زندہ باد پاکستان پائندہ باد کے نعروں سے فضا گونج اٹھی اخر میں قبلہ پیر ڈاکٹر کامران محمود قادری نے شہداء کے درجات کی بلندی اور افواج پاکستان کی کامیابی کے لیے اور ملک کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا فرمائی

جہلم ضلع بھر میں گندم کی کم قیمت کے باوجود روٹی نان بیکری مصنوعات کی قیمتوں میں کمی واقع نہ ہوسکی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع بھر میں گندم کی کم قیمت کے باوجود روٹی نان بیکری مصنوعات کی قیمتوں میں کمی واقع نہ ہوسکی بتایا گیا ہے کہ گندم کی قیمت میں واضح کمی کے باوجود روٹی، نان اور بیکری مصنوعات کی قیمتیں تاحال جوں کی توں ہیں، حکومت پنجاب کی جانب سے گندم کا حالیہ نرخ 2200 روپے فی من مقرر کیا گیا ہے تاہم مارکیٹ میں گندم سے تیار کردہ اشیاء جیسے کہ روٹی، نان، بسکٹ، کیک اور دیگر بیکری مصنوعات کی قیمتوں میں کمی دیکھنے میں نہیں آئی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جب گندم کی بنیادی قیمت کم ہو چکی ہے تو پھر اس سے تیار ہونے والی اشیاء کی قیمتیں کم نہ ہونا حکومت پنجاب کی پالیسی پر سوالیہ نشان ہے۔

ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفس جہلم نے آج ورلڈ فیملی ڈے کو ایک خصوصی تقریب کے ساتھ منایا

تقریب میں سماجی ترقی کے اہداف کے حصول میں خاندانوں کے اہم کردار کو اجاگر کیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفس جہلم نے آج ورلڈ فیملی ڈے کو ایک خصوصی تقریب کے ساتھ منایا جس میں سماجی ترقی کے اہداف کے حصول میں خاندانوں کے اہم کردار کو اجاگر کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر، فلائٹ/لیفٹیننٹ حسن خالد (ریٹائرڈ) نے تقریب کی صدارت کی اور افتتاحی خطاب کیا۔ انہوں نے حاضرین کو یاد دلایا کہ اقوام متحدہ نے 1994 میں عالمی یوم خاندان کا قیام عمل میں لایا تھا، جو ہر سال 15 مئی کو منایا جاتا ہے، تاکہ سماجی ترقی میں خاندان کے مرکزی کردار پر زور دیا جا سکے۔ "سماجی ترقی کے اہداف میں زیادہ تر کامیابیوں کا براہ راست تعلق خاندانی نظام کو مضبوط بنانے سے ہے،" حسن خالد نے کہا۔ "ان میں غربت میں کمی، صنفی مساوات کے حصول کے لیے خاندانی وسائل کی مساوی تقسیم، خاندانی تعلیم، اور معاشرے کی بنیادی اکائی کے طور پر خاندان کی غذائی ضروریات کو پورا کرنا شامل ہیں۔" ڈسٹرکٹ آفیسر نے صنفی عدم مساوات، امتیازی سلوک، غربت، اور ہنر پر مبنی تعلیم پر ناکافی توجہ سمیت جاری چیلنجز کو اجاگر کرتے ہوئے پاکستان کے مضبوط خاندانی رشتوں کو تسلیم کیا۔ حسن خالد نے خدمت فراہم کرنے والوں پر زور دیا کہ وہ پیدائشی وقفہ اور خاندانی صحت پر اس کے اثرات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے سماجی رویے میں تبدیلی کے اقدامات کے ذریعے ایک موثر کردار ادا کریں۔ انہوں نے لڑکیوں کے ساتھ مساوی سلوک کرنے، بالغ عمری کے اتحاد کے حق میں بچپن کی شادیوں کی حوصلہ شکنی، خاندانی منصوبہ بندی کو فروغ دینے، اور اسلامی اصولوں کی بنیاد پر خاندان کے بڑھتے ہوئے افراد کے ساتھ قریبی تعلقات استوار کرنے پر زور دیا۔

حفاظتی ٹیکہ جات کی مہم کو مزید مؤثر بنانے کیلئے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر نگرانی اہم اور انقلابی اقدام

اس اقدام سے نہ صرف ہیلتھ ورکرز کی نقل وحرکت میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ ویکسینیشن کی کوریج بھی بڑھے گی جس سے بیماریوں پر قابو پانے میں مدد ملے گی

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) بچوں کو مہلک بیماریوں سے بچانے کے لئے حفاظتی ٹیکہ جات کی مہم کو مزید مؤثر بنانے کے لئے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر نگرانی اہم اور انقلابی اقدام اٹھایا گیا ہے۔ ضلع بھر میں یونین کونسل کی سطح پر کام کرنے والے ہیلتھ ورکرز کو موٹر سائیکلیں فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ وہ بروقت ویکسینیشن کے اہداف مکمل کر سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے خود موٹر سائیکلیں ہیلتھ ورکرز کے حوالے کیں۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی صحت اور مستقبل کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اس اقدام سے نہ صرف ہیلتھ ورکرز کی نقل و حرکت میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ ویکسینیشن کی کوریج بھی بڑھے گی جس سے بیماریوں پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے تمام ورکرز پر زور دیا کہ وہ دیانتداری اور فرض شناسی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ محکمہ صحت کے افسران نے بھی اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ موٹر سائیکلیں ویکسینیشن ٹیموں کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں اہم سنگ میل ثابت ہوں گی۔

سیز فائر کے بعد 6 روز گزرنے کے باوجود بھی بھارت نے کرتار پور راہداری نہ کھولی

پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کرتار پور کا کہنا ہے کہ ہم اپنے سکھ بھائیوں کی آمد کے منتظر ہیں: بھارت کی جانب سے کرتار پور راہداری بند ہے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) سیز فائر کے بعد چھٹے روز گزرنے کے باوجود بھی بھارت نے کرتار پور راہداری نہ کھولی۔ پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کرتار پور کا کہنا ہے کہ ہم اپنے سکھ بھائیوں کی آمد کے منتظر ہیں۔ بھارت کی جانب سے کرتار پور راہداری بند ہے۔ دربار انتظامیہ پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کرتار پور کا کہنا ہے کہ موجودہ صورتحال میں بھارت کی جانب سے یاتریوں کی آمد رکی ہوئی ہے۔ زیرو ٹرمینل گیٹ آج بھی بند ہیں۔ بھارت نے نہ تو یاتریوں کی لسٹ دی ہے اور نہ ہی کوئی پیغام ہی دیا ہے۔ دربار انتظامیہ کا کہنا ہے کہ پاکستان کی جانب سے کرتار پور راہداری معمول کے مطابق کھلی ہے۔ ہم بھارتی یاتریوں کی سیوا کے لئے ہمہ وقت حاضر اور انکی آمد کے منتظر ہیں۔

میونسپل کمیٹی لیسکو کی نادہندہ ایک کروڑ کے قریب بقایاجات بجلی کا بل جمع نہیں کروایا

لیسکو نے بجلی کی سپلائی معطل کر دی تین روز سے سرکاری پانی بند عوام کا پارہ ہائی خواتین کا صبر بھی جواب دے گیا بلدیہ کی نااہلی کی سزا ہمیں کیوں دی جا رہی ہے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) میونسپل کمیٹی لیسکو کی نادہندہ ایک کروڑ کے قریب بقایاجات بجلی کا بل جمع نہیں کروایا لیسکو نے بجلی کی سپلائی معطل کر دی تین روز سے سرکاری پانی بند عوام کا پارہ ہائی خواتین کا صبر بھی جواب دے گیا بلدیہ کی نااہلی کی سزا ہمیں کیوں دی جا رہی ہے عوام سٹی پریس کلب میں چیخ اٹھے تفصیل کے مطابق میونسپل کمیٹی نارنگ لیسکو کی ایک کروڑ کے قریب نادہندہ ہے جس پر لیسکو کی جانب سے سرکاری فراہمی کے لئے موٹرز کی بجلی سپلائی کاٹ دی گئی ہے جس سے سرکاری پانی کی فراہمی معطل ہو چکی ہے 3 روز سے پانی کی عدم فراہمی پر شہریوں کا پارہ ہائی ہو چکا ہے خواتین نے احتجاجی مظاہرے کی دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایک مہینے سے پانی کی سپلائی معطل ہے کبھی پائپ پھٹ جانے کا کہہ دیا جاتا ہے اور کبھی کوئی بہانہ اب بلدیہ کی نااہلی سے بجلی کی سپلائی معطل کر دی گئی ہے عوام جب پانی کے بل جمع کروا رہی ہے تو لیسکو کو بجلی کا بل کیوں نہیں جمع کروایا گیا اور عوام کو ذلیل وخوار کیا جا رہا ہے چیف آفیسر سمیت ملازمین ٹھنڈے کمروں میں ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے جبکہ عوام شدید گرمی میں پانی کی بوند بوند کو ترس گئے ہیں اگر فوری پانی سپلائی بحال نہ کی گئی تو شہر میں مکمل ہڑتال ہو گی لیسکو کے مطابق مقامی میونسپل کمیٹی کے ذمہ ایک کروڑ سے زائد کے بقایاجات ہیں متعدد بار نوٹس دیا گیا مگر بجلی بل جمع نہیں کروایا گیا بل کی ادائیگی پر بجلی بحال کر دی جائے گی۔

دشمن کو ہر محاذ پر ہزیمت وسبکی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ طاہر مجید کپور

افواج پاکستان وحکومت نے بھارت کیساتھ دنیا کو سرپرائز دیا: فیضان ایم کپور

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان کے ازلی دشمن نے جارحیت کا ارتکاب کرتے وطن عزیز پاکستان پر جنگ مسلط کی تو حکومت وقوم کے جذبات کی بہترین ترجمانی کرتے ہوئے بہادر و باصلاحیت افواج پاکستان نے سپہ سالار جنرل سید عاصم منیر کی کمانڈ میں رات کے اندھیرے میں حملہ کرنے والے دشمن بھارت اور متکبر نریندر مودی کو بھارت کے اندر گھس کر اسکے کنٹرول اینڈ کمانڈ سینٹر سے لیکر ایئر فیلڈز و جدید ترین دفاعی سسٹم کو دن کے اجالے میں تباہ و برباد کر کے وہ عبرت ناک سبق دیا کہ دنیا ہائے ممالک بھی پاکستان کی تعریف کئے بغیر نہ رہ سکیں۔ ان باتوں کا اظہار سابق صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ لائن طاہر مجید کپور و پاسٹ ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب لائن فیضان ایم کپور آف کپور پرائیویٹ انٹرنیشنل نے سنئیر صحافیوں کے ایک وفد سے ملاقات کے موقع پر کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی ہدایات کے عین مطابق ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سیالکوٹ نے کمانڈ اینڈ کنٹرول روم کے قیام سمیت شہریوں کی سیفٹی سیکیورٹی کے حوالہ سے تمام اہم ضروری اقدامات کر رکھے تھے۔

پاکستان کے مفادات کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کے سنگین نتائج بھگتنا پڑیں گے: رانا ممتاز محمود مون خاں

پاکستان نے بھارتی الزامات کو ہمیشہ بین الاقوامی فورمز پر رد کیا اور اب عسکری محاذ پر بھی ذلت آمیز شکست سے دوچار کر کے اسکی خطہ میں عسکری بالادستی کی سوچ دفن کر دی ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی رہنما و امیدوار این اے 115 رانا ممتاز محمود مون خاں نے کہا ہے کہ بھارت کو پاکستان کی معاشی ترقی برداشت نہیں ہوئی اور اس نے پہلگام واقعہ کو جواز بنا کر پاکستان پر جارحیت مسلط کرنے کی غلطی کی جس کا خمیازہ اسے بھگتنا پڑا اور آئندہ بھی اسے پاکستان کے مفادات کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کے سنگین نتائج بھگتنا پڑیں گے جھوٹ الزام تراشی اور منفی پراپیگنڈہ بھارت کا وطیرہ رہا ہے پاکستان نے بھارتی الزامات کو ہمیشہ بین الاقوامی فورمز پر رد کیا اور اب عسکری محاذ پر بھی ذلت آمیز شکست سے دوچار کر کے اسکی خطہ میں عسکری بالادستی کی سوچ دفن کر دی ہے موجودہ حکومت جوں جوں معاشی ترقی کے اہداف کی تکمیل کی طرف بڑھ رہی ہے ملک دشمن قوتوں کی بوکھلاہٹ میں بھی اضافہ ہو رہا ہے جو پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی خاطر ایڑھی چوٹی کا زور لگا رہی ہیں عسکری محاذ پر فتح کے بعد اب پاکستان کی سیاسی قیادت معاشی محاذ پر بھی مزید کامیابیاں سمیٹے گی معاشی استحکام پاکستان کی ترقی کا ثبوت ہے ان شاء اللہ جلد پاکستان کا شمار دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی فہرست میں ہوگا، ملک دشمن عناصر پاکستان کو خوشحال اور ترقی یافتہ دیکھنا نہیں چاہتے ان کی ملک کو انارکی و انتشار کا شکار کرنے کی سازشیں اسی سلسلہ کی کڑی ہیں جنہیں ناکام بنایا جا رہا ہے وزیر اعظم شہباز شریف وفاقی امور کو فعال کر رہے ہیں اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب میں ترقی وخوشحالی کی نئی مثال رقم کر رہی ہیں مریم نواز شریف قوم کی بیٹی ہیں جنہوں نے گزشتہ ایک سال کے قلیل عرصہ میں صوبہ کے انتظامی امور کو فعال بنانے سمیت عوام کو ہر سطح پر بھرپور ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی ہے جسے سراہے جانے کی ضرورت ہے صوبائی حکومت کے عوام دوست اقدامات میں کیڑے نکالنے کی خاطر جس طرح بے دریغ جھوٹ بولا گیا وہ سیاسی مخالفین کی غیر جمہوری و منفی سوچ کی کھلی عکاسی ہے۔

مصطفیٰ آباد میں یوم تشکر وجشن فتح اتوار کو صبح دس بجے ہوگا

گرین اینڈ کلین، پریس کلب مصطفیٰ آباد، خادم شہدا سمیت اہلیان مصطفیٰ آباد کی طرف سے افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفیٰ آباد میں یوم تشکر و جشن فتح اتوار کو صبح دس بجے ہوگا، گرین اینڈ کلین، پریس کلب مصطفیٰ آباد، خادم شہدا سمیت اہلیان مصطفیٰ آباد کی طرف سے افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا، تمام مکتبہ فکر کے نمائندہ افراد شریک ہوں گے، تفصیلات کے مطابق پاکستان کی مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے یوم تشکر و جشن فتح 18 مئی بروز اتوار صبح دس بجے لاری اڈا مصطفیٰ آباد میں منایا جائے گا، صدر گرین اینڈ کلین مصطفیٰ آباد محمد ادریس نمبردار، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی رجسٹرڈ، حاجی غلام مصطفیٰ رحمانی خادم شہدا پروگرام کوآرڈینیٹر پی اے ایف محمد جمیل نے پریس کلب کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان کی فتح امت مسلمہ کی فتح ہے، اس فتح پر پوری امت مسلمہ جشن منا رہی ہے، ہمارا بھی فرض بنتا ہے کہ جس جرات و بہادری سے افواج پاکستان نے ہمارا دفاع کیا ہے اور انڈیا کے بزدلانہ حملے کا منہ توڑ جواب دیا ہے اس تاریخی کامیابی پر تاریخی جشن بنتا ہے، افواج پاکستان کی جرات و بہادری سے ہر پاکستانی کا سر فخر سے بلند ہو گیا ہے، دشمن کے ساتھ ساتھ منفی پروپیگنڈا کرنے والوں کو بھی منہ کی کھانا پڑی ہے، افواج پاکستان سے محبت پاکستان سے محبت ہے، 18 مئی کے جشن فتح میں مختلف مکتبہ فکر کے نمائندہ افراد کو دعوت دی جائے گی، ہم میڈیا کے ذریعے اہلیان مصطفیٰ آباد کو بھی دعوت دیتے ہیں کہ اس جشن میں شریک ہو کر افواج پاکستان سے محبت کا اظہار کریں۔

دشمن کو ہر محاذ پر خزیمت وسبکی کا سامنا کرنا پڑا ہے: محمد اقبال سنگھیڑہ

افواج پاکستان وحکومت نے بھارت کیساتھ دنیا کو سرپرائز دیا: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان کے ازلی دشمن نے جارحیت کا ارتکاب کرتے وطن عزیز پاکستان پر جنگ مسلط کی تو حکومت وقوم کے جذبات کی بہترین ترجمانی کرتے ہوئے بہادر و باصلاحیت افواج پاکستان نے سپہ سالار جنرل سید عاصم منیر کی کمانڈ میں رات کے اندھیرے میں حملہ کرنے والے دشمن بھارت اور متکبر نریندر مودی کو بھارت کے اندر گھس کر اسکے کنٹرول اینڈ کمانڈ سینٹر سے لیکر ایئر فیلڈز و جدید ترین دفاعی سسٹم کو دن کے اجالے میں تباہ و برباد کر کے وہ عبرت ناک سبق دیا کہ دنیا ہائے ممالک بھی پاکستان کی تعریف کئے بغیر نہ رہ سکیں۔ ان باتوں کا اظہار قابل وفرض شناس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو سیالکوٹ چوہدری محمد اقبال سنگھیڑہ نے سنئیر صحافیوں کے ایک وفد سے ملاقات کے موقع پر کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی ہدایات کے عین مطابق ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سیالکوٹ نے کمانڈ اینڈ کنٹرول روم کے قیام سمیت شہریوں کی سیفٹی سیکیورٹی کے حوالہ سے تمام اہم ضروری اقدامات کر رکھے تھے۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا اہم اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا

اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شاہد کھوکھر، اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنایت، ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر تحریم رانا، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 محمد اکرم پنوار کے علاوہ دیگر محکموں کے افسران بھی شریک تھے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا اہم اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شاہد کھوکھر، اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنایت، ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر تحریم رانا، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 محمد اکرم پنوار کے علاوہ دیگر محکموں کے افسران بھی شریک تھے۔ متعلقہ افسران کی ممکنہ سیلاب سے بچاؤ کے پیشگی انتظامات، جنگلات کو آگ سے بچاؤ کے حفاظتی اقدامات کے بارے میں ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ ادارے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہر دیہات میں 20 افراد پر مشتمل کمیٹیاں قائم کریں۔ جن دیہاتوں میں سیلاب کا زیادہ خطرہ ہے وہاں پر سائرن لگوائے جائیں، تمام پٹرول پمپس پر لینڈ لائن نمبرز لگوائے جائیں، میونسپل کمیٹیز، پولیس اور ٹیچرز کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تربیت دی جائے۔ ضلع میں کم از کم 08 سے 10 ہزار تربیت یافتہ افراد ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ ادارے سیلاب میں استعمال ہونے والی مشینری کو فی الفور ٹھیک کروائیں اور سیلابی ایریاز میں تجاوزات کو فوری طور پر ہٹایا جائے، بندوں اور پشتوں کو مضبوط کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ دریائی بیلٹ کے سکولوں اور تجاوزات کا اسسٹنٹ کمشنرز خود جائزہ لیں۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

کیا ٹرمپ غزہ میں جنگ بند کرا سکیں گے؟

سعودی عرب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے شام کے بارے میں رعایت حاصل کرنے میں کامیاب ہوگیا ہے تاہم اس دورہ کے پہلے روز ہونے والی ملاقاتوں میں غزہ کے مستقبل اور وہاں جاری اسرائیلی جارحیت کے حوالے سے کوئی بات نہیں ہوئی۔ امید کی جاسکتی ہے کہ بدھ کو قطر روانہ ہونے سے پہلے صدر ٹرمپ کی متعدد عرب لیڈروں سے طے شدہ ملاقات میں اس معاملہ پر کوئی پیش رفت دیکھنے میں آئے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ دوروزہ دورہ پر آج دن کے وقت جب سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض پہنچے تو ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے ان کا گرم جوشی سے استقبال کیا۔ ائرپورٹ کے استقبالیہ ہال میں ایک مختصر تقریب کے بعد میں سرمایہ کاری سے متعلق ایک اجلاس میں دونوں ملکوں لیڈروں نے خطاب کیا اور سعودی عرب و امریکہ کے درمیان تعلقات کی اہمیت پر زور دیا۔ سعودی ولی عہد نے امریکہ سے 142 ارب ڈالر کے ہتھیار اور دفاعی ساز و سامان اور سہولتیں خریدنے کا معاہدہ کرنے کے علاوہ امریکہ میں 600 ارب ڈالر کی سعودی سرمایہ کاری کا اعلان بھی کیا۔ ولی عہد محمد بن سلمان اور صدر ٹرمپ دونوں نے امید ظاہر کی کہ سعودی سرمایہ کاری اس سے کہیں زیادہ ہوگی اور شاید یہ ایک ہزار ارب ڈالر تک پہنچ جائے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنی دوسری صدارتی مدت میں بھی اپنے پہلے غیر ملکی دورے کے لیے سعودی عرب کا ہی انتخاب کیا ہے۔ ان کا اہم ترین سیاسی ایجنڈا چونکہ امریکہ میں بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ ہے۔ اس مقصد سے انہوں نے پہلے ہی اشارے دینے شروع کر دیے تھے کہ یہ ہدف حاصل کرنے کے لیے وہ سب سے پہلے سعودی عرب کا دورہ کر سکتے ہیں۔ تاہم اس دورہ کی خاص بات یہ ہے کہ مشرق وسطی کے اس دورے میں امریکی صدر اسرائیل نہیں جائیں گے۔ بلکہ سعودی عرب سے قطر اور متحدہ عرب امارات کا دورہ کریں گے۔ ان دونوں ممالک کے حکمران بھی امریکہ میں نئی سرمایہ کاری کے اشارے دے چکے ہیں۔ ٹرمپ کا یہ دورہ البتہ محض سرمایہ کاری تک محدود نہیں رہے گا بلکہ یہ مشرق وسطی کے تین اہم ملکوں اور امریکہ کے درمیان تعاون کا ایک نیا سنگ میل ثابت ہوگا۔ امریکہ مشرق وسطی کی سیاست پر اثر انداز ہونے کے لیے ان تینوں ملکوں پر انحصار کرتا ہے۔ امریکی لیڈر سمجھتے ہیں کہ ان ملکوں میں مستحکم حکومتیں برسر اقتدار ہیں اور ان کے پاس تیل و گیس کی وجہ سے دولت کی ریل پیل ہے۔ صدر ٹرمپ چونکہ امریکی معیشت کو مستحکم کرنے اور بیرونی سرمایہ امریکہ میں لاکر اس کی صنعتی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کا خواب دیکھتے ہیں، اس حوالے سے بھی عرب ممالک ان کے لیے اہمیت رکھتے ہیں۔ تاہم اس کے ساتھ ہی یہ پہلو بھی قابل ذکر ہے کہ اب عرب ممالک امریکہ کے ساتھ محض دفاعی معاہدے تک محدود نہیں رہنا چاہتے بلکہ ان کی خواہش ہے کہ انہیں بین الاقوامی معاملات اور سفارت کاری میں اہمیت دی جائے۔ اس حوالے سے قطر کافی عرصہ سے متحرک رہا ہے اور غزہ میں جنگ بند کرانے اور یرغمالیوں کی رہائی کے لیے اسے حماس اور اسرائیل کے درمیان پل کی حیثیت حاصل رہی ہے۔

سعودی عرب نے روس یوکرین جنگ کے خاتمہ کے لیے ملاقاتوں کی میزبانی کر کے اپنی سفارتی اہمیت واضح کی ہے۔ ٹرمپ کے حالیہ دورے میں بھی اگرچہ بظاہر مالی معاملات ہی نمایاں ہوں گے اور ٹرمپ عرب ملکوں کو امریکی حفاظتی چھتری میں رکھنے کو احسان کے طور پر پیش کریں گے لیکن میڈیا کی نگاہوں سے اوجھل ملاقاتوں میں مشرق وسطی کے استحکام، ایران کے ساتھ معاملات میں توازن اور فلسطین کا مسئلہ حل کرنے کے لیے کسی فریم ورک پر سنجیدہ گفتگو ہوگی۔ ٹرمپ کے ریاض روانہ ہونے سے پہلے ہی یہ اشارے دیے جا رہے تھے کہ سعودی حکام خاص طور سے تین نکات پر معاملات طے کرانے کی کوشش کریں گے۔ ان میں ایک تو شام پر سابق صدر بشار الاسد کے زمانے کی عائد اقتصادی پابندیوں کا معاملہ ہے۔ سعودی عرب اور خلیجی ریاستیں تباہ حال شام میں سرمایہ کاری کے ذریعے اس ملک کی معاشی بحالی میں کردار ادا کرنے کے ساتھ اپنا سفارتی و سیاسی اثر ورسوخ بڑھانا چاہتی ہیں۔ امریکی پابندیوں کی وجہ سے عرب ممالک ابھی تک شام میں کوئی بڑا اقتصادی منصوبہ شروع نہیں کر سکے۔ تاہم لگتا ہے کہ اس حوالے سے پہلے سے معاملات طے ہو چکے تھے۔ صدر ٹرمپ نے آج ریاض میں تقریر کرتے ہوئے شام پر سے امریکی پابندیاں اٹھانے کا اعلان کیا۔ اس طرح سعودی عرب اور دیگر عرب ممالک کو ایک مثبت پیغام دیا گیا ہے تاکہ وہ باہمی تعلقات کی دوطرفہ افادیت سے مطمئن رہیں۔ یوں طویل عرصہ تک جنگ اور داخلی انتشار کا شکار رہنے کے بعد شام میں معاشی استحکام اور بہتری کے امکانات پیدا ہوں گے۔ اور سعودی عرب کی قیادت میں دیگر خلیجی ریاستیں، اس ملک میں اپنا اثر ورسوخ بڑھا سکیں گی۔ اس اقدام سے مشرق وسطی میں ایران کے اثر کو کم کیا جائے گا۔

امن جیت گیا، جنگ ہار گئی

تحریر: رباب تبسم

جنگ کا اختتام محض بندوقوں کی خاموشی نہیں، بلکہ ایک نئے عہد کی شروعات ہے۔ جب دو ملک جنگ کے بعد امن کی راہ اپناتے ہیں، تو یہ صرف معاہدے کا کاغذی ثبوت نہیں ہوتا بلکہ ایک اجتماعی شعور کی بیداری کا لمحہ ہوتا ہے۔ جنگ میں نقصان صرف فوجوں کا نہیں ہوتا؛ اس کا بوجھ عام انسان اٹھاتے ہیں۔ گھر اجڑتے ہیں، نسلیں خوف میں پلتی ہیں، اور دلوں میں نفرت کے بیج بو جاتے ہیں۔

مگر جب لڑائی کی بجائے مکالمے کا دروازہ کھلتا ہے تو یہی دل پھر سے جینے کی امید سے بھر جاتے ہیں۔ امن، جنگ کے زخموں پر مرہم رکھتا ہے اور آنے والی نسلوں کو بہتر کل کی نوید دیتا ہے۔ امن کا قیام ایک دن میں ممکن نہیں ہوتا؛ یہ صبر، اعتماد، اور باہمی احترام کا مسلسل عمل ہے۔

پاکستانی عوام اپنی فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے
Rubab Tabassum

دونوں ممالک کو یہ ماننا ہوتا ہے کہ اختلافات کے باوجود بقائے باہمی ممکن ہے۔ نفرت کی زمین پر کبھی خوشحالی کی فصل نہیں اگتی۔ امن وہ بیج ہے جو اگر خلوص سے بویا جائے تو دوستی، ترقی اور استحکام کی فصل لاتا ہے۔

اس نئے دور کا خیر مقدم کرتے ہوئے، ضروری ہے کہ ہم ماضی کی تلخیوں سے سبق سیکھیں، مگر ان کا اسیر نہ بنیں۔ ہمیں تاریخ کو یاد رکھنا ہے، تاکہ وہ خود کو دہرا نہ پائے۔

جنگ نہیں ریہرسل تھی

تحریر: ابن انشا

روداد ایک حربی اور ضربی مشاعرے کی

بھارت کی افواج قاہرہ ادھر سے مار کھانے کے بعد دانت تیز کر رہی تھیں کہ مشرقی پاکستان کا رخ کیا جائے۔ لیکن کرنا خدا کا ایسا ہوا کہ چین نے الٹی میٹم دیا کہ تم نے جو چھپن ناجائز چوکیاں ہماری سرحد کے اندر بنا رکھی ہیں اٹھاؤ ان کو ورنہ۔۔۔ بھارت کی فورا چیں بول گئی۔

پہلے تو بھارت نے کہا۔ ہماری کوئی چوکیاں وہاں نہیں۔ چین والے کھنکارے تو کہا۔ اگر ہیں تو بہت چھوٹی چھوٹی ہیں۔ چین نے پھر آنکھیں دکھائیں تو بولے اگر چھوٹی نہیں بھی تو ان میں سپاہی تھوڑا ہی ہیں۔ جب یہ ثابت ہوگیا کہ سپاہی ہیں تو کہا بالفرض ہیں بھی تو کیا ہوا۔ چین ہم سے پہلے کہتا ہم پہلے چوکیاں خالی کر دیتے۔ اتنی ابے تبے کی کیا ضرورت تھی۔ آخر ہم بھی عزت دار ہیں۔

سنا ہے، بہت سے بھارتیوں کو تو پتا بھی نہ چل پایا کہ یہ کیا قصہ ہے۔ وہ چوکیوں کو وہ چوکیاں سمجھے جو غسل خانے یا باورچی خانے میں استعمال ہوتی ہیں۔ اسی لیے تو انہوں نے شور مچایا۔ اے ہے کیا غضب ہوگیا۔ چوکیاں ہی تو ہیں یہاں بچھالیں یا وہاں بچھالیں۔

مشکل یہ ہے کہ چین والے جو پینتیس چالیس سال سے لڑ رہے ہیں چوکی کے اور کوئی معنی سوائے فوجی چوکی کے جانتے ہی نہیں۔ ہم نے اپنے ایک چینی دوست سے ایک روز کہا کہ ہم نے اپنے گھر کے لیے ایک چوکی بنوائی ہے پوری ساگوان کی لکڑی ہے۔ اس نے کہا اچھا کتنا گولا بارود رکھا ہے اس میں؟

جب چین کے الٹی میٹم کے بعد بھارت میں قبض کشا دوائیں بکنی بند ہوئیں تو ایک روز بھارتی لیڈروں نے مسکوٹ کی کہا یہ تو عجیب ملین بلکہ مہمل شے ہے اس سے ہماری بڑی ہیٹی ہوئی۔ خیر چین نے ہمارے ساتھ یہ داو کیا ہے تو ہم پاکستان کے ساتھ کریں۔ چنانچہ انہوں نے پاکستان کو ایک الٹی میٹم بھجوادیا۔

الٹی میٹم بھجوانے کے بعد بھارتی لیڈروں نے انتظار کرنا شروع کیا کہ اب پاکستانی زعما دوپٹہ گلے میں ڈالے آتے ہیں کہ ہمارا قصور معاف کیا جائے۔ آئندہ غلطی نہ ہوگی۔ لیکن جب کچھ بھی نہ ہوتو ناچار ایک احتجاج بھجوایا کہ ہم نے تمہیں الٹی میٹم بھیجا تھا تم ڈرے کیوں نہیں؟ الٹی میٹم بھجوانے کے بعد بھارتی لیڈروں نے انتظار کرنا شروع کیا کہ اب پاکستانی زعما دوپٹہ گلے میں ڈالے آتے ہیں کہ ہمارا قصور معاف کیا جائے۔ آئندہ غلطی نہ ہوگی۔ لیکن جب کچھ بھی نہ ہوتو ناچار ایک احتجاج بھجوایا کہ ہم نے تمہیں الٹی میٹم بھیجا تھا تم ڈرے کیوں نہیں؟

لڑائی میں جو ہوا سب کو معلوم ہے۔ آخر ایک روز نندا جی کو اعلان کرنا پڑا کہ سجنو۔ یہ جنگ تو فقط ریہرسل تھی جو جنگ اب شروع ہوگی وہ فیصلہ کن ہوگی۔ یہ ایک طرح سے اعتراف تھا کہ پچھلی بار ہم سے لڑنے میں کسر رہ گئی۔ جو جنگ اب شروع ہوگی وہ فیصلہ کن ہوگی۔ یہ ایک طرح سے اعتراف تھا کہ پچھلی بار ہم سے لڑنے میں کسر رہ گئی۔

اس پر لوگوں کو ایک لطیفہ یاد آیا کہ ایک ہوائی مشق میں ایک ہواباز جہاز سے محض ایک جانگیہ پہن کر کودنے کو تھا اس کے افسر نے کہا تمہارا پیراشوٹ کہاں ہے؟ اس نے کہا وہ میں نہیں لایا۔ وہ تو سچ مچ کی لڑائی میں استعمال ہوتا ہے یہ تو محض ریہرسل ہے۔ جو جنگ اب شروع ہوگی وہ فیصلہ کن ہوگی۔ یہ ایک طرح سے اعتراف تھا کہ پچھلی بار ہم سے لڑنے میں کسر رہ گئی۔

لیکن جاتی پر نندا جی کی تقریر کا اثر الٹا ہوا۔ لوگوں نے کہا نابابا۔ جب ریہرسل میں اتنی مار پڑی ہے تو اصلی مجلد اور باتصویر لڑائی میں تو نہ جانے کیا ہوگا؟

اپریشن سندور سے تندور تک، جنوبی ایشیا میں امن کا امتحان

تحریر: میاں افتخار احمد

جنوبی ایشیا، جو صدیوں سے تہذیبوں کا گہوارہ اور ثقافتوں کا مرکز رہا ہے، آج پھر ایک دوراہے پر کھڑا ہے۔ حالیہ پاک بھارت کشیدگی نے جہاں دونوں ممالک کے باہمی تعلقات کو مزید کشیدہ کیا، وہیں عالمی سطح پر بھی ان کیشبیہ بھی متاثر ہوئی۔ ہندوستان کی جانب سے شروع کیا گیا "آپریشن سندور "اب تجزیہ نگاروں کی زبان پر "آپریشن تندور "بن چکا ہے۔ اس تبدیلی کا سببصرف عسکری محاذ پر ناکامی نہیں بلکہ وہ اخلاقی، سفارتی اور سیاسینا کامیاں بھی ہیں جنہوں نے بھارت کی قیادت کو کٹہرے میں لا کھڑا کیا ہے۔ ہندوستان نے جس اعتماد اور بلند دعوؤں کے ساتھ "آپریشن سندور " کا آغاز کیا تھا، وہ جلد ہی خاکستر ہوتا نظر آیا۔ نریندر مودی کی قیادت میں بھارتی حکومت نے ایک بار پھر عسکری قوت کا مظاہرہ کرنے کی کوشش کی، مگر پاکستانی افواج کی جانب سے نہ صرف فوری اور مؤثر جواب دیا گیا بلکہ اسجواب میں تدبر، پیشہ ورانہ مہارت، اور نپی تلی حکمت عملی نمایاں تھی۔ بینالاقوامی میڈیا اور دفاعی تجزیہ کاروں نے پاکستانی ردعمل کو "پیشہ ورانہمہارت کا نمونہ " قرار دیا، جب کہ بھارتی اقدامات کو "سیاسی مقاصد کے تحتاٹھایا گیا جلد بازی کا فیصلہ " کہا۔ یہ محض ایک عسکری ناکامی نہیں تھی، بلکہ بھارتی سیاسی قیادت کی پالیسیوں پر عوامی اعتماد کی بھی بڑی آزمائشتھی۔ نتیجتاً، بھارتی عوام اور اپوزیشن جماعتوں نے مودی سرکار پر شدید تنقید کی۔ ایک طرف بھارتی فوجی قیادت ششدر کھڑی تھی، تو دوسری طرف سیاسیقیادت کے چہرے پر بوکھلاہٹ نمایاں تھی۔ یوں "آپریشن سندور "تندور کیدہکتی آگ میں جھلس کر رہ گیا۔ مودی جی نے اپنے ابتدائی دورِ حکومت میں پاکستان کے ساتھ امن کی خواہش ظاہر کی تھی۔ نریندر مودی کی 2015 میں لاہور آمد کو ایک اہم پیش رفت سمجھا گیا، لیکن وقت کے ساتھ ساتھ وہ اپنےبنیادی وعدوں سے منحرف ہو گئے۔ سیاسی مفاد، انتہاپسند ووٹ بینک، اور ہندتوا کے جنون میں وہ رواداری، محبت اور انصاف جیسے اصولوں کو بھلا بیٹھے۔ بی جے پی کی سیاست میں شدت پسندی کا عنصر اب مرکزی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ ہندتوا کا بیانیہ صرف داخلی اقلیتوں کے لیے خطرہ نہیں بلکہ خطےکے امن کے لیے بھی چیلنج بن چکا ہے۔ مودی کو یہ سمجھنا ہوگا کہ طویلالمدتی حکمرانی محض طاقت کے بل بوتے پر ممکن نہیں ہوتی۔ رواداری، عدل، اور پڑوسیوں کے ساتھ خوشگوار تعلقات ہی وہ بنیادیں ہیں جن پر کوئیپائیدار سیاسی عمارت کھڑی کی جا سکتی ہے۔ پاکستان نے حالیہ کشیدگی میں صرفدفاعی کامیابی حاصل نہیں کی بلکہ اخلاقی اور سفارتی میدان میں بھی برتریحاصل کی۔ پاکستانی عوام، سیاسی قیادت، اور عسکری ادارے ایک پرچم تلے متحد نظر آئے۔ نظریاتی یکجہتی، قومی ہم آہنگی، اور رواداری کا عملی مظاہرہپوری دنیا نے دیکھا۔ یہ کامیابی صرف جنگی میدان میں نہیں، بلکہ قوم کیفکری سطح پر بھی نمایاں ہے۔ پاکستانی قوم نے یہ ثابت کیا رواداری، عدل، اور پڑوسیوں کے ساتھ خوشگوار تعلقات ہی وہ بنیادیں ہیں جن پر کوئیپائیدار سیاسی عمارت کھڑی کی جا سکتی ہے۔ پاکستان نے حالیہ کشیدگی میں صرفدفاعی کامیابی حاصل نہیں کی بلکہ اخلاقی اور سفارتی میدان میں بھی برتریحاصل کی۔ پاکستانی عوام، سیاسی قیادت، اور عسکری ادارے ایک پرچم تلے متحد نظر آئے۔ نظریاتی یکجہتی، قومی ہم آہنگی، اور رواداری کا عملی مظاہرہپوری دنیا نے دیکھا۔ یہ کامیابی صرف جنگی میدان میں نہیں، بلکہ قوم کیفکری سطح پر بھی نمایاں ہے۔ پاکستانی قوم نے یہ ثابت کیا رواداری، عدل، اور پڑوسیوں کے ساتھ خوشگوار تعلقات ہی وہ بنیادیں ہیں جن پر کوئیپائیدار سیاسی عمارت کھڑی کی جا سکتی ہے۔ پاکستان نے حالیہ کشیدگی میں صرفدفاعی کامیابی حاصل نہیں کی بلکہ اخلاقی اور سفارتی میدان میں بھی برتریحاصل کی۔ پاکستانی عوام، سیاسی قیادت، اور عسکری ادارے ایک پرچم تلے متحد نظر آئے۔ نظریاتی یکجہتی، قومی ہم آہنگی، اور رواداری کا عملی مظاہرہپوری دنیا نے دیکھا۔ یہ کامیابی صرف جنگی میدان میں نہیں، بلکہ قوم کیفکری سطح پر بھی نمایاں ہے۔ پاکستانی قوم نے یہ ثابت کیا

کہ وہ محض ایکریاستی ڈھانچہ نہیں بلکہ ایک متحد قوم ہے، جس کے پاس ایک واضح نظریہ،قومی مقصد، اور تاریخی شعور موجود ہے۔ اگر تاریخ کے اوراق پلٹیں تو ہمیں اشوکا اور اکبر جیسے حکمران نظر آتے ہیں جنہوں نے محبت، رواداری، اور انصاف کے اصولوں کو اپناتے ہوئے اس خطے کو ترقی، امن، اور استحکام کی راہپر گامزن کیا۔ اشوکا، جو جنگجو بادشاہ کے طور پر ابھرا، کلنگا کی جنگ کیبعد تائب ہوکر بدھ مت کا علمبردار بن گیا۔ اسی طرح اکبر نے مذہبیر واداری کو فروغ دے کر ہندوستان کی کثیرالمذ اہب آبادی کو ایک لڑی میں پرودیا۔ یہ دونوں حکمران ہمیں یہ سبق دیتے ہیں کہ طاقت کا اصل استعمال لوگوں کو جوڑنے میں ہے، نہ کہ انہیں تقسیم کرنے میں۔ فرانس اور انگلینڈ نے ایکدوسرے کے ساتھ 100 سالہ جنگیں لڑی تھیں، لیکن آج یہ دونوں ممالک یورپیونین کے اہم ارکان اور معاشی شراکت دار ہیں۔ جرمنی اور پولینڈ، امریکہاور جاپان، ان سب کی تاریخ دشمنی سے بھری پڑی ہے، مگر انہوں نے اپنے عوامکے بہتر مستقبل کے لیے دشمنی کو خیر باد کہا اور ترقی کی راہ پر گامزن ہوگئے۔ جنوبی ایشیا میں بھی یہی ماڈل اپنانے کی ضرورت ہے۔ پاکستان اور بھارتجیسے ایٹمی طاقتیں کسی بھی نئی جنگ کے متحمل نہیں ہوسکتیں۔ جنگ صرفنقصان، بربادی اور انسانی المیوں کو جنم دیتی ہے۔ جنگیں صرف خونریزی ہینہیں لاتیں، وہ نئی سوچ، نئے حالات، اور نئے امکانات کو بھی جنم دیتیہیں۔ موجودہ جنگ بندی کو اگر دونوں ممالک دانشمندی، بردباری، اور حکمتعملی کے ساتھ استعمال کریں تو یہ خطے میں امن، خوشحالی، اور ترقی کا پیشخیمہ ثابت ہو سکتی ہے۔ پاکستان نے بارہا مذاکرات کی دعوت دی ہے اور اقوامتحدہ سے بھی معاملے کو پرامن طریقے سے حل کرنے کی اپیل کی ہے۔

بھارت کو بھی چاہیے کہ وہ جنگی جنون کی بجائے سیاسی بلوغت کا مظاہرہ کرے۔ جنوبیایشیا کے عوام اب مزید جنگیں نہیں چاہتے۔ انہیں روزگار، تعلیم، صحت، اور ٹیکنالوجی میں ترقی چاہیے۔ اگر مودی حکومت اپنی سمت درست کرے، روادارياور انصاف کی طرف واپس لوٹے، تو نہ صرف بھارتی عوام کا بھلا ہوگا بلکہپورا خطہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو جائے گا۔ آئیں، ہم سب مل کر جنگوں کو خیر باد کہیں اور امن، رواداری، اور ترقی کی طرف قدم بڑھائیں۔ بصورت دیگر، دنیا ہمیں جنون میں مبتلا قوموں کے طور پر یاد رکھے گی، جو تاریخ سے سبقنہ سیکھ سکے۔

پاک فوج دفاع سے جواب کی جانب

مصنف: عبدالباسط علوی

بین الاقوامی قانون کے مرکز میں کسی ریاست کے اس خودمختار حق کو تسلیم کرنا ہے کہ وہ جارحیت کے خلاف اپنا دفاع کرے ۔اقوام متحدہ کے چارٹر کا آرٹیکل 51، جسے 1945 میں نافذ کیا گیا تھا، واضح طور پر اس موروثی حق کی تصدیق کرتا ہے کہ اگر اقوام متحدہ کے کسی رکن کے خلاف مسلح حملہ ہوتا ہے تو موجودہ چارٹر میں کوئی بھی چیز جائز انفرادی یا اجتماعی دفاع کے اندرونی حق کو کمزور نہیں کرے گی..."یہ نکتہ اپنے دفاع کے لیے ایک واضح قانونی بنیاد فراہم کرتا ہے، جبکہ جارحیت کی ممنوعہ کارروائیوں) آرٹیکل ((4) 2 اور جائز دفاعی کارروائیوں کے درمیان ایک مضبوط فرق قائم کرتا ہے ۔مشترکہ بین الاقوامی حق اس اصول کو مزید تقویت بخشتا ہے کیونکہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے وجود سے پہلے ہی ریاستوں نے تاریخی طور پر اپنی خودمختاری پر حملوں یا خلاف ورزیوں کا جواب دینے کے حق کا استعمال کیا ہے۔ آج ممالک اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو سرکاری مراسلے میں ردعمل کے اقدامات کا جواز پیش کرنے کے لیے اکثر آرٹیکل 51 کا استعمال کرتے ہیں۔ پاکستان کے تناظر میں ہندوستان دشمنی پر مبنی کارروائیوں کا جواز پیش کرنے اور اندرونی چیلنجوں سے توجہ ہٹانے کے لیے اکثر فالس فلیگ آپریشنز کا سہارا لیتا ہے۔ دو نمایاں مثالیں سب کے سامنے ہیں اور وہ ہیں، پلواما اور پہلگام کے واقعات۔ 14 فروری 2019 کو، ایک خودکش حملے میں سی آر پی ایف کے ایک دستے کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 40 افراد ہلاک ہوئے۔ بھارت نے پاکستان کو مورد الزام ٹھہرایا اور اس کے علاقے بالاکوٹ میں فضائی حملے کر دیئے۔ ہندوستان کے سرکاری حکام، فوجی نمائندوں اور آزاد مبصرین نے رپورٹ کیا کہ یہ واقعہ ہندوستانی انٹیلی جنس کی جانب سے پاکستان کو بدنام کرنے اور رائے عامہ کو متحرک کرنے کے لیے ترتیب دیا گیا تھا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ہندوستانی صحافی ارنب گوسوامی کی طرف سے کیئے گئے پیغامات، جن سے پتہ چلتا ہے کہ وہ فوجی ردعمل کے بارے میں پہلے سے علم رکھتے تھے، نے پہلے سے طے شدہ بیانیے کے حوالے سے شکوک وشبہات کو مزید ہوا دی۔ ابھی حال ہی میں اپریل 2025 میں پہلگام میں ایک حملے میں کئی ہندوستانی سیاحوں کی اموات ہوئیں۔ حتمی شواہد کی عدم موجودگی کے باوجود ہندوستانی حکام نے فوری طور پر پاکستان کو مورد الزام ٹھہرایا۔ پاکستان نے واقعہ میں کسی بھی طرح سے ملوث ہونے کی تردید کی اور اس ڈرامے کو ایک اور ممکنہ جھوٹے فلیگ آپریشن کے طور پر پیش کیا جو مستقبل کی فوجی کارروائیوں کا جواز پیش کرنے اور مقبوضہ کشمیر میں اختلاف رائے کو دبانے کے لیے رچایا گیا تھا۔ ناقدین، بشمول دفاعی تجزیہ کار اور سیاسی مبصرین، کا کہنا ہے کہ فوری الزامات کی باتیں انتخابی چکروں یا اندرونی تحریک کے ادوار کے دوران ایک سیاسی ایجنڈے کی تکمیل کرتی ہیں۔ پہلگام میں حملے کا وقت، جو ہندوستان میں اہم سیاسی پیش رفت کے دوران پیش آیا، اس کی صداقت پر شکوک وشبہات کا باعث بنا ہے۔ اس واقعے نے علاقائی کشیدگی کو اور بھی بڑھا دیا جس سے فوجی کشیدگی میں اضافہ ہوا۔ بین الاقوامی برادری نے مزید کشیدگی کے امکان پر اپنی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ہندوستان اور پاکستان پر زور دیا کہ وہ اعتدال اختیار کریں اور بات چیت کریں۔ تشدد اور باہمی الزام تراشیوں کے بار بار آنے والے دور نے جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام کی کوششوں میں رکاوٹ پیدا کی۔ پلواما اور پہلگام کے واقعات کے بعد، ہندوستان نے فضائی حملوں اور توپ خانے کے استعمال سمیت فوجی ردعمل کا آغاز کیا۔ پاکستان ان اقدامات کو جارحیت کی کارروائیوں کے طور پر دیکھتا ہے جو بھارت اپنے اندرونی مسائل سے توجہ ہٹانے کے لئے کرتا رہا ہے۔ پلواما حملے کے بعد ہندوستان نے پاکستان کے علاقے بالاکوٹ میں فضائی حملے کیے 1971- کے بعد پہلی بار ہندوستانی طیاروں نے کنٹرول لائن عبور کی۔ اسی طرح پہلگام کے واقعے کے بعد بھی بھارت نے پاکستانی اہداف پر میزائل حملے کیے جس کے نتیجے میں شہری ہلاکتیں ہوئیں۔ پاکستان نے ان حملوں کو اپنی خودمختاری کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے ان کی مذمت کی اور کسی بھی قسم کی جارحیت کے خلاف اپنی سرزمین کا دفاع کرنے کا عہد کیا۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ ہندوستان کی فوجی کارروائیاں صرف سلامتی کے خدشات سے متاثر نہیں تھیں، بلکہ وہ سیاسی طور پر فائدہ حاصل کرنے کے لیے کی گئی تھیں۔ ان کارروائیوں کا وقت انتخابی معاملات کے درمیان ہوتا ہے، جس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ان کا مقصد اقتدار میں موجود حکومت کے امیج کو مضبوط کرنا اور قوم پرست حمایت کو مستحکم کرنا ہے۔ یہ رجحان داخلی سیاسی مقاصد کے لیے فوجی طاقت کے استعمال کے لیے ایک خطرناک مثال قائم کرتاہے۔ فالس فلیگ آپریشنز کے جاری الزامات اور اس کے نتیجے میں فوجی کشیدگی میں اضافہ، پلواما اور پہلگام جیسے واقعات کی آزادانہ اور شفاف تحقیقات کی ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔ پاکستان مسلسل غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کرتا رہا ہے لیکن بھارت اس سے انکاری رہا ہے۔ ان واقعات کی تحقیقات کے بغیر امکان ہے کہ الزامات اور جوابی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا جس سے خطے میں مزید عدم استحکام پیدا ہوسکتا ہے۔ حالیہ برسوں میں بھارت اور پاکستان کے درمیان کشیدگی نمایاں طور پر بڑھ گئی ہے، سرحد پار حملوں، ڈرون حملوں اور توپ خانے کا استعمال ہوا ہے

عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

اور یہ سب کشمیر کے متنازعہ علاقے پر مرکوزہے۔ ہندوستان نے پاکستان پر اس کے درجن سے زیادہ شہروں پر حملہ کرنے کا الزام لگایا، جس میں اہم فوجی مقامات بھی شامل تھے، جس کی وجہ سے ہندوستان کے شمال اور مغرب میں توانائی کی فراہمی منقطع رہی۔ دریں اثنا، پاکستان نے اس میں کسی بھی طرح سے ملوث ہونے کی تردید کی اور ہندوستان کی طرف سے غیر قانونی جارحیت کا جواب دیتے ہوئے درجنوں ہندوستانی ڈرون مار گرائے اور اسے کافی نقصان پہنچانے کا دعوی کیا۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان جاری تنازعہ کے پیچھے 14 فروری 2019 کا پلواما حملہ اور اپریل 2025 کا پہلگام واقعہ ہیں۔ لوگ ان واقعات کو فوجی کارروائیوں کا جواز پیش کرنے اور اندرونی مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے ہندوستان کی طرف سے مبینہ جھوٹی کارروائیوں کے طور پر دیکھتے ہیں۔

پاکستان کے خلاف بھارت کی جارحیت اکثر شواہد کے بجائے مفروضوں پر مبنی رہی ہے۔ اس کے علاوہ یہ سب کے سامنے ہے کہ ہندوستان کی فوجی کارروائیوں کے نتیجے میں شہریوں کو نشانہ بنایا گیا ہے جبکہ پاکستان نے عام طور پر شہریوں کے نقصان سے بچنے کے لیے بہت احتیاط کا مظاہرہ کیا ہے۔ ہندوستان کی طرف سے " کولڈ سٹارٹ ڈاکٹرائن " کو اپنانا اور اشتعال انگیز بیان بازیاں ایک جارحانہ موقف کی عکاسی کرتی ہے جو بین الاقوامی اصولوں سے متصادم ہے جو براہ راست اور فوری خطرے کے بغیر یکطرفہ فوجی کارروائی کی ممانعت کرتے ہیں۔ اس کے برعکس، پاکستان ڈیٹرنس پر مبنی دفاعی موقف رکھتا ہے، جو تنازعہ شروع کرنے کے بجائے جارحیت کے خلاف دفاع پر مرکوز ہے۔

اور معرکہ حق" آپریشن بنیان مرصوص

تحریر: محمد مظہر رشید چودھری

پاکستان صرف ایک جغرافیائی خطہ نہیں، بلکہ وہ نظریاتی قلعہ ہے جس کی بنیاد 1947 میں "لا الہ الا اللہ" کے نعرے پر رکھی گئی۔ دو قومی نظریے کے تحت قائم ہونے والا یہ ملک مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ شناخت، تہذیبی تحفظ، اور اسلامی اقدار کے نفاذ کا عہد ہے۔ علامہ محمد اقبال اور قائداعظم محمد علی جناح نے اسے "امتِ مسلمہ کی تجربہ گاہ" قرار دیا تھا۔ آج ڈیڑھ ارب سے زائد مسلمان پاکستان کو اپنی اجتماعی قوت، خودمختاری، اور اسلامی تشخص کے محافظ کے طور پر دیکھتے ہیں۔ پاکستان صرف 25 کروڑ افراد کی سرزمین نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کی امیدوں کا مرکز اور مظلوم مسلمانوں کی آواز ہے۔ یہ ملک کلمے کی بنیاد پر قائم ہوا، اور یہی نظریاتی اساس اسے دیگر اقوام سے ممتاز کرتی ہے۔ پاکستان کے دفاع کا مطلب صرف اپنی سرزمین کا تحفظ نہیں بلکہ امت مسلمہ کے وقار اور غیرت کا دفاع ہے۔ حالیہ دنوں میں بھارت کی جانب سے کی گئی بزدلانہ جارحیت نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ دشمن پاکستان کے امن و استحکام کو برداشت نہیں کر سکتا۔ 6 اور 7 مئی کی درمیانی شب بھارتی فوج نے رات کی تاریکی میں بزدلانہ حملہ کرتے ہوئے آزاد کشمیر کے علاقوں کوٹلی، مظفرآباد، باغ، اور پنجاب کے شہروں مریدکے، احمد پور شرقیہ پر حملے کیے۔ ان حملوں میں 15 کم سن بچوں اور 7 خواتین سمیت 40 معصوم شہری شہید ہو گئے۔ دو مساجد کو بھی شہید کر دیا گیا، جو بھارتی درندگی کی بدترین مثال ہے۔ بھارت نے جدید اسرائیلی ڈرونز اور جنگی طیاروں کا استعمال کیا، پاکستان نے بھارت کیساتھ 22 اپریل 2025 سے 10 مئی 2025 تک معرکے کو 'معرکہ حق' کا نام دیا۔ ترجمان پاک فوج کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان کی مسلح افواج کی جانب سے 10 مئی 2025 کو آپریشن 'بنیان مرصوص' کا آغاز بھارتی فوج کی بزدلانہ جارحیت کے ردعمل میں کیا گیا، جو 6 اور 7 مئی 2025 کو شروع ہوئی، جس کے نتیجے میں بے گناہ شہریوں کی شہادت ہوئی جس میں خواتین، بچے اور بزرگ بھی شامل تھے۔ بیان کے مطابق 'زمین، فضا، سمندر اور سائبر محاذ پر ہم آہنگی سے کارروائیاں کی گئیں اور اور پاکستان کے خلاف استعمال ہونے والے بھارت کے 26 اہم ملٹری ٹارگٹس کو نشانہ بنایا گیا، وہ تنصیبات جو پاکستان میں دہشت گردی کو فروغ میں استعمال ہوتی ہے، ان تنصیبات کو نہ صرف مقبوضہ کشمیر میں بلکہ بھارت کے اندر بھی نشانہ بنایا گیا'۔ مزید کہا گیا 'یہ کارروائیاں پاکستان آرمی کے طویل فاصلے تک مار کرنے والے 'فتح' سیریز ایف ون اور ایف ٹو میزائلوں، پاک فضائیہ کے درست نشانہ لگانے والے ہتھیاروں، انتہائی مؤثر 'لوئٹرنگ مز' میزائلوں، اور طویل فاصلے تک مار کرنے والی آرٹلری کے ذریعے کی گئیں۔ نشانہ بنائے گئے اہداف میں بھارتی فضائیہ اور ایوی ایشن کے اڈے شامل تھے جن میں سورت گڑھ، سرسا، بھج، نلیا، آدم پور، بھٹنڈہ، برنالہ، حلوارہ، اونتی پورہ، سری نگر، جموں، ادھم پور، مموں، امبالہ، اور پٹھان کوٹ شامل ہیں اور ان تمام اہداف پر دشمن کو شدید نقصان ہوا۔ بیاس اور ناگروٹا میں واقع 'براہموس' میزائل کے ذخائر بھی تباہ کیے گئے، جو پاکستانی شہریوں پر حملوں میں استعمال ہوئے تھے جب کہ آدم پور اور بھج میں نصب ایس400 دفاعی نظام کو بھی پاک فضائیہ نے کامیابی سے نشانہ بنایا اور غیر مؤثر کر دیا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے کہا گیا کہ اڑی میں فیلڈ سپلائی ڈیپو اور پونچھ میں ریڈار سسٹم جیسے لاجسٹک اور سپورٹ مراکز کو بھی نشانہ بنایا گیا جہاں سے معصوم پاکستانی شہریوں کے خلاف غیر قانونی بھارتی کارروائی کو سپورٹ فراہم کی گئی تھی۔

علاوہ ازیں، کے جی ٹاپ، نوشہرہ میں موجود 10 بریگیڈ اور 80 بریگیڈ کی کمانڈ تنصیبات کو بھی مکمل طور پر تباہ کیا گیا، یہ وہ تنصیبات ہیں جہاں سے بلااشتعال فائرنگ کر کے معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا گیا۔ سانچ کے قارئین کرام! ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کے مطابق، "دشمن کی ہر مکاری کو ناکام بنایا گیا ہے۔ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے"۔ پاکستان کی مسلح افواج نے بروقت اور جرات مندانہ جواب دے کر دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کے مطابق، دشمن کے 80 سے زائد اسرائیلی ساختہ ڈرونز اور 5 جنگی طیارے (جن میں 3 رافیل مگ29 اور ایس یو30 شامل تھے) مار گرائے گئے۔ دشمن کی جارحیت کا جواب دیتے ہوئے معرکہ حق میں 11 جانباز سپوتوں نے جام شہادت نوش کیا جبکہ 78 اہلکار زخمی ہوئے۔ مادر وطن پر قربان ہونے والے شہداء جن میں پاک آرمی کے لانس نائیک عبدالرحمان، لانس نائیک دلاور خان، لانس نائیک اکرام اللہ، نائیک وقار خالد، سپاہی عدیل اکبر، سپاہی نثار پاک فضائیہ کے شہداء میں سکواڈرن لیڈر عثمان یوسف، چیف ٹیکنیشن اورنگزیب، سینئر ٹیکنیشن نجیب سلطان، سینئر ٹیکنیشن مبشر، کارپورل ٹیکنیشن فاروق، قوم اپنے ان سپوتوں کو سلام پیش کرتی ہے

جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ہمیں زندہ قوم بننے کا پیغام دیا۔ یہ قربانیاں تاریخ کا حصہ بن چکی ہیں اور ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ اوکاڑہ میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہداء کی یاد میں ایک پُر وقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں عوامی، سیاسی، سماجی اور مذہبی شخصیات نے شرکت کی۔ مسلم لیگ (ن) کے چودھری فیاض ظفر، انجمن تاجران کے صدر شیخ ریاض انور، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید، ڈی پی او محمد راشد ہدایت، علمائے کرام، وکلاء، سول سوسائٹی اور صحافیوں نے شمعیں روشن کر کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ "بھارت نے رات کے اندھیرے میں بزدلانہ حملہ کیا، اگر وہ اتنا بہادر ہوتا تو دن کے اجالے میں وار کرتا، ہم امن کے داعی ہیں لیکن اگر غیرت کو للکارا گیا تو ہماری افواج سر پر کفن باندھ کر جواب دیں گی۔" تقریب کے اختتام پر قاری سعید احمد عثمانی نے شہداء کے درجات کی بلندی اور پاکستان کی سلامتی کے لیے دعا کروائی۔ سانچ کے قارئین کرام! اسی جذبے کو مزید تقویت دینے کے لیے سٹی پریس کلب اوکاڑہ رجسٹرڈ کے زیر اہتمام "آپریشن بنیان مرصوص" کی کامیابی کی خوشی میں آل پارٹیز اینڈ یونینز کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ اس کانفرنس میں سیاسی، مذہبی، تاجر، وکلاء اور صحافتی تنظیموں کے قائدین نے بھرپور شرکت کی اور افواج پاکستان کی جرات، مہارت اور قربانی کو سراہا۔ مقررین نے کہا کہ پاک فوج نے جس جرات مندی سے بھارت کو جواب دیا، وہ پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے۔ یہ قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، اور ہم سب کا عزم ہے کہ دشمن کی ہر چال ناکام بنائیں گے۔ یہ وقت ہے قومی اتحاد، جذبہ قربانی اور ایمان کی طاقت کو ایک نئی روح دینے کا۔ پاکستان کا دفاع ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ خدا کرے یہ وطن یونہی سلامت، روشن، اور ناقابل تسخیر رہے۔ آمین۔ یہ حملہ صرف جغرافیائی سرحدوں پر نہیں، بلکہ پاکستان کے نظریاتی وجود کو نشانہ بنانے کی کوشش تھی۔ بھارت کی یہ کارروائی عالمی امن کے اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہے، جسے پاکستان نے بے مثال جرات سے ناکام بنایا۔ "آپریشن بنیان مرصوص " کانفرنس میں تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں نے افواجِ پاکستان کی کارکردگی کو سراہا۔ مقررین نے کہا: "پاک فوج نے ثابت کیا کہ ہمارا دفاع ہر گھر تک ہے "۔ اس موقع پر شہریوں، صحافیوں، اور فوج کے درمیان مضبوط ربط نے قومی یکجہتی کی نئی داستان رقم کی۔ تاریخ گواہ ہے کہ پاکستان کو ہمیشہ سے بیرونی قوتوں کی سازشوں کا سامنا رہا ہے۔

کشمیر کی متنازعہ حیثیت

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کے بعد سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں دونوں ملکوں کی قیادت کے ساتھ مل کر کام کرنے کی پیشکش کی ہے۔ انہوں نے خاص طور سے کشمیر کی متنازعہ حیثیت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ انڈیا اور پاکستان کی قیادت کے ساتھ مل کر ہزار سال پرانے مسئلہ کشمیر کا حل تلاش کرنے کی کوشش کریں گے۔ پاکستان نے فوری طور سے اس پیشکش کو مثبت قرار دیتے ہوئے اس پر ردعمل دیا ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مسئلہ کشمیر کے حل کی حمایت کا خیر مقدم کرتا ہے۔ تاہم مسئلہ کشمیر کا پائیدار حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے اور کشمیریوں کو خودارادیت کا ناقابل تنسیخ حق ملنا چاہیے۔ واضح رہے کہ ان قراردادوں کے مطابق پاکستان اور بھارت کی فوجیں کشمیر کے مقبوضہ علاقوں سے نکل جائیں گی اور پھر عالمی ادارے کی نگرانی میں ہونے والے استصواب میں کشمیری عوام یہ فیصلہ کریں گے کہ وہ پاکستان یا بھارت میں سے کس کے ساتھ شامل ہونا چاہتے ہیں۔ پاکستان کے نقطہ نظر سے عالمی ایجنڈے پر کشمیر کو مسئلہ قرار دلوا لینا ایک اہم پیش رفت ہے۔ بھارت مقبوضہ کشمیر کو اپنا اٹوٹ انگ قرار دیتا ہے۔ اگست 2019 میں نریندر مودی کی حکومت نے پاکستان اور کشمیری لیڈروں کی شدید مخالفت کے باوجود بھارتی آئین کی شق 370 منسوخ کر دی تھی جس کے تحت مقبوضہ کشمیر کو ریاست کی حیثیت حاصل تھی اور اسے اپنے کئی معاملات میں خودمختاری بھی دی گئی تھی۔ اس کے بعد سے بھارتی لیڈروں نے پاکستان کے زیر انتظام کشمیر کو بھارت کا حصہ قرار دینے کا اعلان کرتے ہوئے یہ دعوے بھی شروع کر دیے تھے کہ اسے بھی بھارت کے ساتھ ملایا جائے۔ آزاد کشمیر پر قبضہ پاکستان کے خلاف بھارت کی جنگی حکمت عملی کا اہم حصہ رہا ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان مقبوضہ کشمیر


حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

آزادی کے وقت سے تنازعہ کا سبب بنا رہا۔ انڈیا کی تقسیم کے معاہدے کے تحت ہر خودمختار ریاست کے راجہ یا نواب کو یہ فیصلہ کرنا تھا کہ وہ پاکستان یا بھارت میں سے کس کے ساتھ شامل ہونا چاہتا ہے۔ بدقسمتی سے اس اعلان میں ریاستوں کے عوام کی مرضی کا ذکر نہیں تھا۔ اس لیے ریاستوں کے حکمرانوں کو ہی اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنا تھا۔ مقبوضہ کشمیر پر اس وقت مہاراجہ ہری سنگھ کی حکومت تھی۔ اس اندیشے کے تحت کہ کشمیری حکمران غیر مسلم ہونے کی وجہ سے اکثریتی آبادی کی مرضی کے خلاف کشمیر کو بھارت میں شامل کرنے کا اعلان نہ کر دے پاکستان کے طرف سے قبائلی لشکروں نے کشمیر پر چڑھائی کر دی۔ اس حملے میں کشمیر کے کافی بڑے حصے پر پاکستان کا قبضہ ہو گیا جسے اس وقت آزاد کشمیر کے طور پر پاکستان کے زیر انتظام علاقہ کہا جاتا ہے۔ تاہم یہ لشکر کشی سری نگر یا پورے کشمیر پر قبضہ کرنے میں کامیاب نہیں ہوئی کیوں کہ راجہ ہری سنگھ نے بھارتی فوج کو مدد کے لیے بلا لیا۔ اس طرح کشمیر مستقل طور پر دو حصوں میں تقسیم ہو گیا۔ بھارت اس معاملہ کو اقوام متحدہ میں لے گیا۔

سلامتی کونسل نے 1948 میں منظور کی گئی قرارداد کے تحت استصواب رائے سے کشمیری عوام کو ریاست کے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دیا تھا۔ بھارت اور پاکستان نے اس فیصلے پر صاد کیا تھا لیکن اس پر عمل درآمد کی نوبت نہیں آئی۔ شروع میں بھارتی لیڈر تکنیکی وجوہات کی بنا پر ریفرنڈم سے بچتے رہے لیکن تسلیم کرتے رہے کہ کشمیر کی حتمی حیثیت کا فیصلہ کشمیری عوام کی مرضی کے مطابق ہی ہوگا۔ البتہ وقت گزرنے کے ساتھ یہ وعدے سیاسی ضرورتوں میں پس منظر میں چلے گئے اور بھارت نے کشمیر کو اپنا اٹوٹ انگ قرار دینا شروع کر دیا۔ نریندر مودی نے 2014 میں اقتدار سنبھالنے کے بعد سے کشمیر کو بھارت کا باقاعدہ حصہ بنانے کا اعلان کیا اور اگست 2019 میں اس کی خودمختار حیثیت ختم کر کے اسے مرکز کی زیرنگرانی اکائیوں میں تقسیم کر دیا۔ مقبوضہ کشمیر کو کئی برس تک نئی دہلی سے حکومت کرنے کے بعد سپریم کورٹ کے حکم کی روشنی میں گزشتہ سال وہاں انتخابات کرائے گئے۔ بھارت کا دعوی رہا ہے کہ وہ کشمیر میں انتخابات کے ذریعے جمہوری عمل کو جاری رکھے ہوئے ہے۔

قوت

SHOWBIZ

gettyimages
Credit: Gisela Schober

کینز:: Director Festival، Urzendowsky Lena Heckt Hanna Schilinsk Mascha Wüst Susanne Drinda Lea Geisele Laen (L-R) Valley Carpets Vale 78 Palness نے Gampe Fabian اور Heyer Luise Frémaux Thierry میں سالانہ فلم "ساؤنڈ آف فالنگ" میں شرکت کا گروپ فوٹو

جویریہ سعود کو اپنی والدہ کو کول ساس قرار دینے پر تنقید کا سامنا

جویریہ سعود اپنے میکے میں عمل دخل دینے کی عادت کو اونچی ہنسی میں چھپانے کی کوشش کر رہی ہیں، صارف

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ ومیزبان جویریہ سعود اپنی والدہ کو بہترین ساس قرار دینے پر تنقید کی زد میں آ گئیں۔ اداکارہ جویریہ سعود نے حال ہی میں منائے گئے ماں کے عالمی دن کے موقع پر نجی ٹی وی چینل کے مارننگ شو میں اپنی والدہ کے ہمراہ شرکت کی۔ اس دوران انہوں نے بتایا کہ ان کی والدہ بہت کول ساس ہیں۔ اداکارہ نے کہا میں اپنی والدہ کے ہمراہ دو دن کے لیے حیدرآباد گئی تھی، میری اپنی والدہ سے بہت اچھی دوستی ہے، میں نے حیدرآباد میں اپنی والدہ کو گھر میں دیکھا تو انہیں کہا کہ میری بھابھیوں کو سلام ہے جو آپ کے ساتھ رہ رہی ہیں۔ جویریہ سعود کے اس جملے پر ان کی والدہ نے کہا کہ بھابھیوں کو کیا سلام ہے، بھابھیاں اپنا کھانا بنا کر کھا پی کر اوپر اپنی منزل پر چلی جاتی ہیں، میرے ساتھ میری بہوئیں نیچے گھر میں رہیں گی تو پریشانی ہوگی۔ اس پر اداکارہ جویریہ نے بتایا کہ میں امی کے گھر گئی، دن کے 12 بج گئے تھے، میں نے امی سے پوچھا کہ بھابھیاں کہاں ہیں تو والدہ نے بتایا کہ سو رہی ہیں، میں نے پوچھا کہ آپ نے انہیں اٹھایا نہیں تو میری والدہ نے جواب دیا کہ جیسے میں نیند میں سے تمہیں نہیں اٹھاتی تھی اسی طرح میں اپنی بہوں کو نہیں اٹھاتی ہوں، چھٹی کا دن ہے اچھا ہے سونے دو۔ اداکارہ نے کہا کہ میں نے والدہ کی اس بات پر کہا کہ واہ یہ اچھا ہے۔ مارننگ شو سے جویریہ سعود کا یہ مختصر کلپ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر وائرل ہے جس پر صارفین اپنی اپنی رائے کا اظہار کر رہے ہیں۔ متعدد صارفین کا کہنا ہے کہ ہر بیٹی کو اپنی والدہ کول ساس ہی نظر آتی ہیں، ساس مزاج کی کیسی ہیں، یہ ہمیشہ بہو کی صحیح بتا سکتی ہے۔

دوبئی میں گلوکارہ مسکان جاوید کے اعزاز میں محفل موسیقی کا انعقاد

مسکان جاوید کو پی ایم جی کی تعریفی شیلڈ اور انعامات سے بھی نوازا گیا انکی اس پلیٹ فارم سے یہ پہلی پرفارمنس تھی

دوبئی (سپیشل رپورٹ) پنجاب میوزک گروپ (پی ایم جی) انٹرنیشنل کے زیر اہتمام متحدہ عرب امارات میں سنگر مسکان جاوید کے اعزاز میں محفل موسیقی منعقد کی گئی۔ مسکان جاوید نے پی ایم جی کے پلیٹ فارم سے پاک و ہند کے فنکاران کو ٹریبوٹ پیش کیا پروگرام یو اے ای کے مقامی ہوٹل میں ترتیب دیا گیا تھا۔ تقریب کی کامیابی میں ایس ایم شاہزیب، میاں لیاقت، شاہد سلیمان کھوکھر اور وارثی حسین کا خصوصی تعاون و معاونت رہی گروپ میں نئے ممبرز کا اضافہ بھی چیف آرگنائزر جناب نزاکت علی خان کی لیڈرشپ کا منہ بولتا ثبوت ہے ایسے ہی نئے چہروں میں سرکار مظاہر عادل شاہ بھی شامل ہیں جو یہاں پاکستانی کمیونٹی میں اپنا منفرد مقام رکھتے ہیں۔ مسکان جاوید کو پی ایم جی کی تعریفی شیلڈ اور انعامات سے بھی نوازا گیا انکی اس پلیٹ فارم سے یہ پہلی پرفارمنس تھی۔ یہ محفل ختم ہونے سے پہلے پاکستان اور ہندوستان کے مابین منڈلاتی جنگ سیز فائر کے نتیجے میں ختم ہونے کی خبر موصول ہوئی اور اللہ پاک نے اس خطے اور دو ہمسائے جو ثقافت و زبان میں بیشتر یکسوئی رکھتے ہیں۔ اسی خوشی کو مزید پر مسرت بنانے کیلئے پی ایم جی نے 24 مئی 2025 بروز ہفتہ مرینہ اکیڈمی عجمان میں فیملی انٹرٹینمنٹ کا اہتمام کیا ہے۔ یو اے ای کی پاکستان اور انڈین کمیونٹی کو خصوصاً دعوت نامے بھیجے گئے ہیں کہ جذبہ خیر سگالی کے طور پر دونوں ممالک کے لوگ شرکت فرمائیں اور پوری دنیا کو بھائی چارے اور امن کا پیغام پہنچائیں۔ سرکار مظاہر عادل شاہ صاحب خصوصی انتظامات کے انچارج ہیں، چوہدری کاشف ہمیشہ کی طرح سے پی ایم جی انٹرنیشنل کے اس پروگرام کے روح رواں ہیں۔ سنگر مسکان جاوید کے ہمراہ مزید نئے چہرے اس پروگرام میں پرفارم کریں گے جس میں پاکستانی، انڈین اور لوکل انٹرٹینرز کو مدعو کیا گیا ہے۔ انشاء اللہ یہ فیملی فنکشن انڈو پاک پائیدار امن کی روشن مثال بنے گا اور خوشی کا موقع ہوا اور پیٹ پوجا نا ہو لہٰذا اسپیشل بوفے اور عربی قہوہ کا وافر انتظام موجود رہے گا جو اس پروگرام کو چار چاند لگانے میں معاون ہوگا



حالات نے اتنا مضبوط کر دیا خود کو کبھی لڑکی محسوس نہیں ہونے دیا، اداکارہ میمونہ قدوس

شوبز انڈسٹری میں کیریئر بنانے کے لیے مجھے اپنے آبائی شہر سے کم عمری میں تنہا نکلنا پڑا



لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ میمونہ قدوس نے کہا ہے کہ حالات نے مجھے اتنا مضبوط کر دیا ہے کہ میں نے خود کو کبھی لڑکی محسوس نہیں ہونے دیا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں ماڈل و اداکارہ میمونہ قدوس نے شرکت کی اور اپنی زندگی کی مشکلات اور اس سے نمٹنے کیلئے کی گئی جدوجہد سے ناظرین کو آگاہ کیا۔ اداکارہ نے بتایا کہ شوبز انڈسٹری میں کیریئر بنانے کے لیے مجھے اپنے آبائی شہر سے کم عمری میں تنہا نکلنا پڑا جس کی وجہ سے میں نے کئی مسائل کا سامنا بھی کیا۔ میمونہ قدوس نے کہا کہ ابو کی بیماری کے وقت گھر کی ساری ذمہ داری مجھ پر تھی ان دنوں جن مسائل کا سامنا کرنا پڑا ان کو حل کرتے ہوئے میں ذہنی طور پر اتنی مضبوط ہوگئی کہ میں نے خود کو کبھی لڑکی محسوس نہیں ہونے دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ان میرے اندر اب نزاکت جیسی کوئی چیز نہیں اور نہ ہی کوئی ادائیں ہیں بس جیسی باہر سے دکھتی ہوں اندر سے بھی ویسی ہی ہوں۔ میمونہ قدوس نے کہا کہ میں کسی کی بے عزتی نہیں کرتی چاہے وہ کتنا ہی جونیئر کیوں نہ ہو، اور نہ اس بات کی اجازت دیتی ہوں کی کوئی مجھ پر انگلی اٹھائے۔

امیر گیلانی، ماورا کو فلم کے پوسٹر سے ہٹانے پر سیخ پا

پاکستانی فنکاروں نے بھارتی انڈسٹری کے کئی معیاری پروجیکٹس میں جان ڈالی ہے، تصاویر ہٹانے سے اصل حقیقت نہیں چھپتی

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکار امیر گیلانی نے اپنی اہلیہ، معروف اداکارہ ماورا حسین، کو بھارتی فلم صنم تیری قسم کے میوزک البم کور سے ہٹانے کے اقدام کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے بھارتی انڈسٹری کے رویے پر سخت تنقید کی۔ پاکستانی اداکارہ ماورا حسین کو حال ہی میں ایک نئے تنازعے کا سامنا کرنا پڑا ہے، جب ان کی 2016 کی بھارتی فلم صنم تیری قسم کے البم پوسٹر سے ان کی تصویر کو ہٹا دیا گیا۔ یہ قدم پاک بھارت کشیدہ تعلقات کے تناظر میں اٹھایا گیا ہے، جس میں بھارتی حکومت نے پاکستانی مواد اور فنکاروں پر مختلف سطحوں پر پابندیاں عائد کر رکھی ہیں۔ بھارتی حکومت کی جانب سے حال ہی میں ایک ایڈوائزری جاری کی گئی تھی جس میں او ٹی ٹی پلیٹ فارمز اور میوزک اسٹریمنگ سروسز کو پاکستانی مواد کو محدود کرنے کی ہدایت دی گئی تھی۔ اس سلسلے میں ماورا حسین کی فلم کے پوسٹر سے ان کی تصویر کو ہٹایا جانا تازہ ترین مثال ہے، جس پر نہ صرف مداح بلکہ شوبز انڈسٹری کے معروف چہرے بھی سراپا احتجاج ہیں۔ اداکار امیر گیلانی، جو ماورا حسین کے شوہر ہیں، نے اس اقدام کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے اپنے سوشل میڈیا پیغام میں کہا پاکستانی فنکاروں نے بھارتی انڈسٹری کے کئی معیاری پروجیکٹس میں جان ڈالی ہے، تصاویر ہٹانے سے اصل حقیقت نہیں چھپتی۔

gettyimages
Credit: VALERY HACHE

فرانسیسی اداکارہ، ہدایت کار اور اسکرین رائٹر اور کیمرہ ڈی آر جیوری کے رکن جیرالڈائن ناکاشے جنوبی فرانس کے شہر کانز میں کانز فلم فیسٹیول کے 78ویں ایڈیشن میں لا کیمرہ ڈی آر کی جیوری کی فوٹو کال کے دوران پوز دیتی ہوئے

بھارت کیخلاف معرکہ حق کی کامیابی پر گلوکار ابرار الحق نے نیا ترانہ جاری کر دیا

گلوکار کا یہ ترانہ کافی وائرل ہو رہا ہے اور مداحوں کی جانب سے اس ترانے کو پسند کیا جا رہا ہے

لاہور (این این آئی) بھارت کے خلاف معرکہ حق کی کامیابی پر گلوکار ابرار الحق نے نیا ترانہ جاری کر دیا۔ مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں ہونے والے حملے کے بعد بھارت نے 6 اور 7 مئی کی درمیانی شب رات کی تاریکی میں بزدلانہ حملہ کرتے ہوئے آزاد کشمیر کے علاقوں کوٹلی، مظفر آباد اور باغ کے علاوہ پنجاب میں مریدکے اور احمد پور شرقیہ میں شہری آبادی کو نشانہ بنایا جس میں 2 مساجد شہید ہوئیں جب کہ حملوں میں 2 بچوں سمیت 31 پاکستانی شہید اور 51 زخمی ہوئے۔ بھارت کی جانب سے رات کی تاریکی میں پاکستان پر بزدلانہ حملے کے بعد پاکستان نے بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دیا، پاکستان پر حملہ کرنے والے 3 رافیل، ایک مگ 29، ایک ایس یو تھرٹی طیارے اور ایک کومبیٹ ڈرون کو مار گرایا۔ اس کے بعد پاکستان نے 10 مئی کی علی الصبح بھارت کی جارحیت پر منہ توڑ جواب دیا اور آپریشن بنیان مرصوص (آہنی دیوار) کے دوران بھارت میں 10 سے زائد اہداف کو کامیابی سے نشانہ بنایا، پاکستان نے بھارت کا فضائی دفاعی نظام ایس 400 اور آدم پور اور ادھم پور سمیت متعدد ایئر فیلڈز کو تباہ کیا۔ بھارت کے ساتھ 22 اپریل سے 9 مئی تک کے معرکے کو معرکہ حق کا نام دیا گیا ہے۔ بھارت کیخلاف کامیابی پر گلوکار ابرار الحق نے ایک نیا ترانہ جاری کیا ہے جس میں انہوں نے افواج پاکستان کی کامیابی کو سراہا، اس کے علاوہ گلوکار نے قوم کے جذبے کی بھی تعریف کی۔ گلوکار کا یہ ترانہ کافی وائرل ہو رہا ہے اور مداحوں کی جانب سے اس ترانے کو پسند کیا جا رہا ہے۔

شوہر کے دوسری عورت کیساتھ تعلقات تھے، اداکارہ ثمن انصاری

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ اور ٹی وی میزبان ثمن انصاری نے ایک انٹرویو میں اپنی ازدواجی زندگی سے متعلق حیران کن انکشافات کیے ہیں۔ ثمن انصاری نے بتایا کہ ان کی پہلی شادی 16 سال چلی تھی۔ شوہر نے طلاق کے فوری بعد ہی دوسری شادی کر لی تھی۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ شوہر نے اتنی جلدی دوسری شادی کی جس سے میرا شک یقین میں بدل گیا کہ اس خاتون کے ساتھ ان کے پہلے سے تعلقات تھے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ ایک مرد کے لیے ایک بیوی کو خوش رکھنا ہی مشکل ہوتا ہے تو وہ دوسری بیوی کو کیسے سنبھال سکتا ہے؟ ایک سوال کے جواب میں ثمن انصاری نے مشورہ دیا کہ مرد کو پہلی شادی کے وقت ہی نکاح میں لکھ دینا چاہیے کہ واضح کر دے کہ وہ دوسری شادی بھی کرے گا۔ ثمن انصاری نے کہا کہ دوسری شادی کا فیصلہ شوہر اور پہلی بیوی کے درمیان باہمی اتفاق اور نہایت سمجھداری سے طے ہونا ضروری ہے۔ اداکارہ نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ کئی خواتین کو مرد کی ایک سے زیادہ شادیوں سے کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔ ثمن انصاری نے اپنی دوسری شادی کے بارے میں بتایا کہ پہلے شوہر سے طلاق کے بعد مجھے بچے بھی سنبھالنے تھے اور اپنے کیریئر پر بھی توجہ دینی تھی اس لیے شادی کا خیال نہیں آیا۔ ثمن انصاری نے کہا کہ تاہم جب معاملات سنبھل گئے تب میں نے بھی دوبارہ شادی کر لی کیوں کہ ایک عورت کے لیے معاشرے میں اکیلے رہنا بھی بہت مشکل ہے۔ مرد کے لیے ایک بیوی کو خوش رکھنا ہی مشکل ہوتا ہے، تو وہ ایک سے زیادہ خواتین کو کیسے سنبھال سکتا ہے

مالی مشکلات سے دوچار ماضی کے معروف گلوکار سلیم شہزاد کے گھر میں آگ لگ گئی

کراچی (این این آئی) پاکستانی فلموں کے لیے یادگار گیت گانے والے ماضی کے معروف پلے بیک گلوکار سلیم شہزاد کے گھر میں آگ لگنے کے واقعے نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ ماضی کے مایاناز گلوکار سلیم شہزاد نے پاکستانی فلم، ریڈیو اور ٹی وی کے لیے 2 ہزار سے زائد گیت گائے۔ ان کی آواز نے فلم ہیرا اور پتھر، تلاش، سوغات، غریبوں کا بادشاہ اور آوارہ جیسی 80 مشہور فلموں کو یادگار گیت دیے لیکن ماضی کی رومانوی آواز اب بہت نحیف ہو چکی ہے، بدقسمتی سے آنکھوں کے غلط آپریشن نے ان کی بینائی بھی چھین لی ہے۔ گزشتہ دنوں ان کے گھر میں آگ لگنے سے قیمتی البمز، سی ڈیز اور کیسٹس جل کر خاک ہو گئے اور اس حادثے نے ان کی زندگی کے یادگار لمحات کو بھی چھین لیا ہے۔ سلیم شہزاد شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں

پاکستان وہ ملک ہے جہاں ہر مذہب کے لوگ سکون سے سانس لے سکتے ہیں، فہد مصطفیٰ

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز کے اداکار اور ٹی وی میزبان فہد مصطفیٰ نے حالیہ بھارتی اشتعال انگیزی کے خلاف پاکستان کے مؤثر دفاعی ردعمل کو سراہتے ہوئے پاک افواج کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ نجی ٹی وی چینل پر اپنے شو کے آغاز میں فہد مصطفیٰ نے افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج مزہ ہی آ گیا دل خوش ہو گیا، انہوں نے بھارت کو پیغام دیا کہ یہ وہ ملک ہے جس میں ہندو مسلمان سکھ عیسائی سب ایک ساتھ رہتے ہیں اور ان کی عزتیں ہمیشہ برقرار رہتی ہیں ایک دوسرے کو پیار اور عزت سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے بھارت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ یہ وہ ملک نہیں ہے جہاں صرف ہندوتوا کا راج ہو بلکہ یہ وہ ملک ہے جہاں ہر بچہ سکون سے سانس لے سکتا ہے صرف اس لئے کیونکہ ہمارے دل ہمارے ذہن بہت کھلے ہوئے ہیں پاکستانی بہت بڑا دل رکھتے ہیں۔ انہوں نے پاکستانی میڈیا کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستانی میڈیا نے بہت طریقے سے رپورٹنگ کی ہے اور تمیز کے دائرے میں رہتے ہوئے رپورٹنگ کی ہے۔ بھارتی میڈیا کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری میڈیا نے کوئی جھوٹ نہیں بولا وہی بتایا جو ہوا اور جو ہوا وہ بھارت کو محسوس ہوا۔ انہوں نے بھارت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ دوبارہ نہیں کرنا بیٹا ورنہ اس بار نہ چھوڑیں گے فلم نہیں چل رہی ہے جب سچ میں ہوتا ہے تو ایسا ہوتا ہے تو اب انجوائے کرو اس کو۔ فہد مصطفیٰ نے مزید کہا کہ بھارت کو سمجھنا ہوگا کہ پاکستانی قوم اور افواج متحد ہیں، اور کسی بھی جارحیت پر خاموش نہیں رہیں گے۔ ان کا یہ بیان سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے اور صارفین کی جانب سے انہیں خوب سراہا جا رہا ہے۔

gettyimages
Credit: Gisela Schober

کینز، فرانس میں FestivalsdesPalais میں 78ویں سالانہ کانز فلم فیسٹیول میں "ساؤنڈ آف فالنگ" ریڈ کارپٹ میں شرکت کر رہی ہیں

سلینا گومز کو ملازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر تنقید کا سامنا

انکی کمپنی مینٹل ہیلتھ اسٹارٹ اپ اپنے ملازمین کی تنخواہیں ادا کرنے میں ناکام رہی

نیویارک (این این آئی) معروف امریکی اداکارہ، گلوکارہ، گیت نگار، پروڈیوسر کے مطابق انکی شروع کر دیا رپورٹ کے میں ناکام رہی سالہ سلینا کا شمار مذکورہ بالا ملازمین کو اتارنے کے



اور بزنس وومن سلینا گومز پر ان دنوں کافی تنقید ہو رہی ہے اس کی وجہ وہ اطلاعات ہیں جن کمپنی اپنے اسٹاف کی تنخواہیں ادا کرنے میں ناکامی کے بعد لوگوں کو نوکریوں سے نکالنا ہے، جبکہ انکی والدہ نے قرض اتارنے کے لیے قرضہ لیا ہے۔ واضح رہے کہ ایک حالیہ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ انکی کمپنی مینٹل ہیلتھ اسٹارٹ اپ اپنے ملازمین کی تنخواہیں ادا کرنے ہے جبکہ کمپنی نے ملازمین کو ملنے والی صحت کی سہولتیں بھی کم کر دی ہیں۔ یاد رہے کہ 33 موسیقی کی انڈسٹری وابستہ دنیا کی امیر ترین شخصیات میں ہوتا ہے۔ فوربس میں چھپنے والی رپورٹ کے بعد ان پر آن لائن کافی تنقید کی جا رہی ہے۔ رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ وہ تنخواہیں نہ دینے کی وجہ سے نوکریوں سے نکال رہی ہیں اور انکی والدہ نے بزنس قرض قرضہ لیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ انکی کمپنی ونڈر مائنڈ کو مالی بحران کا سامنا ہے۔

gettyimages
Credit: Daniele Venturelli

کینز، فرانس میں پیلیس ڈیس فیسٹیول میں 78ویں سالانہ کانز فلم فیسٹیول میں "ساؤنڈ آف فالنگ" ریڈ کارپٹ میں شرکت کی

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے سنٹر آف ایکسیلنس سکول کا دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر نے سکول کی بلڈنگ کا تفصیلی معائنہ کیا اور جدید تعلیمی سہولیات سے آراستہ سکول میں اکیڈمک سسٹم کی کارکردگی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے سنٹر آف ایکسیلنس سکول کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول کی بلڈنگ کا تفصیلی معائنہ کیا اور جدید تعلیمی سہولیات سے آراستہ سکول میں اکیڈمک سسٹم کی کارکردگی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر پرنسپل سنٹر آف ایکسیلنس نے ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سکول میں تعلیمی سرگرمیوں کا آغاز ہو چکا ہے جس میں مستحق اور قابل بچوں کا داخلہ میرٹ پر یقینی بنایا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کہا کہ یہ پراجیکٹ حکومت پنجاب کا ان قابل اور ذہین بچوں کے لئے ہے جو وسائل نہ ہونے کی وجہ سے جدید اور معیاری تعلیم سے محروم رہ جاتے تھے۔ انہوں نے سکول انتظامیہ کو تاکید کی کہ معیاری تدریسی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ بچوں کو بنیادی سکلز میں راہنمائی کے لئے یکساں توجہ مرکوز رکھی جائے۔

نجی ریسٹورنٹ میں جنگی صورتحال کے پیش نظر شہری دفاع کی ٹریننگ

ٹریننگ میں سول ڈیفنس کے انسٹرکشنل سٹاف نے دشمن کی طرف سے ہوائی حملے کی صورت میں سائرن کی پہچان بھی بتائی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کنٹرولر سول ڈیفنس احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس کے زیر اہتمام ہمراہ ریسکیو 1122، مختلف سرکاری محکمہ جات اور عوامی تنظیموں کو نجی ریسٹورنٹ میں جنگی صورتحال کے پیش نظر شہری دفاع کی ٹریننگ دی گئی، ٹریننگ میں سول ڈیفنس کے انسٹرکشنل سٹاف نے دشمن کی طرف سے ہوائی حملے کی صورت میں سائرن کی پہچان اور استعمال، پناہ گاہوں کے بارے میں آگاہی، نقل وحرکت کو کنٹرول کرنے، اہم سرکاری وغیر سرکاری تنصیبات کی مکروفلیبس، سول ڈیفنس وارڈن سروس سے آگاہی، خندقوں کی اقسام، سول ڈیفنس بم ڈسپوزل سروس کے بارے میں آگاہی، ریسکیو، فرسٹ ایڈ اور فائر فائیٹر عملہ کی اپنی مدد آپ کے تحت استعمال ہونے والی سول ڈیفنس ریسکیو، فرسٹ ایڈ اور فائر فائٹنگ مہارتوں کا استعمال، جنگی حالات میں رابطہ کاری اور پیغامات کی آمد ورفت کا طریقہ کار کے بارے میں بتایا جبکہ ریسکیو 1122 کی طرف سے فرسٹ ایڈ اور فائر فائٹنگ کی تربیت دی گئی ٹریننگ کے شرکاء کو ٹریننگ سے ان مہارتوں کی عملی ڈرل بھی کروائی، اس موقع پر سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر، میڈم منزہ نسیم ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ تحفظ ماحولیات اور موسمیاتی تبدیلی اوکاڑہ، نعیم اقبال سینئر انسپکٹر محکمہ ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی، عمران اشرف انسپکٹر ماحولیات، علی سعید انسپکٹر ماحولیات اوکاڑہ، سخاوت انسپکٹر انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ اوکاڑہ، ندیم اقبال اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایگریکلچر سمیت دیگر افسران و اہلکاران بھی موجود تھے۔

کوڑیوں کے بھاؤ گندم خریدنے کے باوجود نان روٹی کی قیمتیں کم نہیں ہوسکیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) کوڑیوں کے بھاؤ گندم خریدنے کے باوجود نان روٹی کی قیمتیں کم نہیں ہوسکیں تندور مالکان آج بھی 4 ہزار روپے فی من قیمت کے حساب سے نان اور روٹی فروخت کررہے ہیں جبکہ آٹے اور میدے سے جڑی دیگر چیزوں کے نرخ بھی کم نہیں ہوسکے گفتگو کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا ہے کہ مریم نواز نے عوام کو ریلیف دینے کا کہہ کر گندم کوڑیوں کے بھاؤ فروخت کرنے پر مجبور کیا مگر اس سے جڑی تمام چیزیں آج بھی مہنگی فروخت کی جارہی ہیں آٹا نان روٹی سمیت بیکری آئٹمز پرانی قیمت پر فروخت ہورہی ہیں غریب آدمی کو کوئی ریلیف نہیں مل رہا جس یہ بات عیاں ہورہی ہے کہ ریلیف صرف اشرافیہ کو دیا گیا ہے نارنگ منڈی اور گردونواح میں آج بھی نان 20 اور روٹی 15 روپے میں فروخت کی جارہی ہے میدے اور آٹے سے بننے والی بیکری آئٹمز بھی پرانی قیمتوں پر فروخت کی جارہی ہیں ان کا کہنا تھا کہ حکومت اگر عوام کو ریلیف دینے میں سنجیدہ ہے تو نان روٹی اور بیکری آئٹمز سمیت آٹے اور میدے سے جڑی دیگر اشیاء بھی سستی کی جائیں۔

آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر پوری قوم سجدہ شکر بجالاتی ہے: چوہدری ضرغام احمد گورائیہ

پاکستان کا دفاع مضبوط ہے پاک فضائیہ نے بھارت میں گھس کر جوابی وار کیا: چوہدری محمد صہیب گورائیہ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر پوری قوم سجدہ شکر بجالاتی ہے مسلح افواج کے جوانوں نے دنیا کو بتادیا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہے پاک فضائیہ نے بھارت میں گھس کر جوابی وار کیا اس عظیم کامیابی پر دنیا دیکھتی رہ گئی ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ ڈی جی ایس پی آر نے پہلے ہی واضح کردیا تھا کہ پاکستان جب وار کرے گا تو دنیا دیکھے گی ان شاءاللہ پاکستان رہتی دنیا تک قائم ودائم رہے گا دشمن کسی بھول میں نہ رہے جب بھی ضرورت پڑی پاکستان کا بچہ بچہ وطن عزیز کے دفاع کیلئے میدان میں ہوگا پاکستانی قوم بہادر قوم ہے جب جب دشمن نے للکارا ہم نے بھرپور جواب دے کر دشمن کو بتادیا کہ ہم کسی سے ڈرنے والے نہیں ہیں۔

حکومت پنجاب کے احکامات پر صوبہ بھر کی طرح ضلع چکوال میں ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے زیر نگرانی تجاوزات کے خاتمہ کے لئے تلہ گنگ روڈ پر آپریشن کیا گیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) حکومت پنجاب کے احکامات پر صوبہ بھر کی طرح ضلع چکوال میں ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے زیر نگرانی تجاوزات کے خاتمہ کے لئے تلہ گنگ روڈ پر آپریشن کیا گیا۔ اس موقع پر اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی اور سی او ایم سی فیاض ہاشمی سمیت بلدیہ کے شعبہ انسداد تجاوزات کا عملہ چکوال شہر میں تجاوزات ہٹانے کے لئے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چکوال نے تجاوزات کے خلاف کئے گئے آپریشن کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ شہر کے تلہ گنگ روڈ، 15 چوک، سبزی منڈی و دیگر علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے تجاوزات کو ہٹادیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں 4 تجاوز کنندگان کی دکانیں سیل اور متعدد کو وارننگ جاری کی گئی ہیں۔ سی او بلدیہ نے کہا کہ عوامی استفادہ اور سرکاری ملکیتی جگہوں پر تجاوز قانون کی صریحاً خلاف ورزی ہے جس کو ہر گز برداشت نہیں کیا جائے گا۔

اسلامک بینکنگ ڈویژن کی جانب سے ننکانہ صاحب میں ایک مؤثر اور معلوماتی آگاہی مہم کا انعقاد

تقریب کے مہمان خصوصی ہیڈ شریعہ کمپلائنس مفتی سید صابر حسین تھے، جنہوں نے نہایت بصیرت افروز خطاب کیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) مسلم کمرشل بینک لمیٹڈ (MCB) کی اسلامک بینکنگ ڈویژن کی جانب سے ننکانہ صاحب میں ایک مؤثر اور معلوماتی آگاہی مہم کا انعقاد مقامی شادی ہال میں کیا گیا، جس کا مقصد عوام کو اسلامی بینکاری کے اصولوں، طریقہ کار اور اس کے سود سے پاک نظام کے بارے میں آگاہ کرنا تھا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ہیڈ شریعہ کمپلائنس مفتی سید صابر حسین تھے، جنہوں نے نہایت بصیرت افروز خطاب کیا۔ مفتی صاحب نے اسلامی بینکاری کے بنیادی اصولوں پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ MCB اسلامک بینکنگ شریعت کی روشنی میں سود سے پاک اور انصاف پر مبنی مالیاتی خدمات فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام میں ربا (سود) کی سخت ممانعت ہے، اور اسلامی بینکاری اس اصول کی مکمل پاسداری کرتی ہے۔ انہوں نے بینک کی طرف سے پیش کیے جانے والے مختلف شریعہ کمپلائنٹ پروڈکٹس، جیسے: مشارکہ (Partnership) مضاربہ (Profit Sharing) اجارہ (Leasing) سلام واستصناع (Forward Contracts) کی تفصیلات سے شرکاء کو آگاہ کیا، اور ہر پروڈکٹ کے پیچھے موجود فقہی بنیادوں پر بھی روشنی ڈالی۔ انہوں نے یہ واضح کیا کہ تمام پروڈکٹس کو شریعہ بورڈ کی منظوری کے بعد ہی لانچ کیا جاتا ہے۔ تقریب میں ریجنل آپریشن میجر عثمان یعقوب، ایریا ہیڈ جمال زیدی، برانچ منیجر مرزا عامر اقبال، برانچ آپریشنز منیجر قمر ریاض اور برانچ ریلیشن شپ منیجر محمد الطاف نے شرکت کی اس موقع پر برانچ منیجر مرزا عامر اقبال نے اسلامی بینکاری کی خدمات کی موجودگی، ان کے فوائد، اور MCB کی اسلامک برانچ نیٹ ورک کی تفصیلات بھی حاضرین کو فراہم کیں۔

آصف منیر شیخ ایڈووکیٹ PJA کے لیگل ایڈوائزر ضلع شیخوپورہ مقرر نوٹیفکیشن جاری

مرکزی چیئرمین میاں اشتیاق علی نے آصف منیر شیخ ایڈووکیٹ کو لیگل ایڈوائزر ضلع شیخوپورہ مقرر کر دیا

Notification
Appointment of Legal Advisor District Sheikhupura

شرقپور شریف (نامہ نگار) آصف منیر شیخ ایڈووکیٹ PJA کے لیگل ایڈوائزر ضلع شیخوپورہ مقرر نوٹیفکیشن جاری۔ مرکزی چیئرمین میاں اشتیاق علی نے آصف منیر شیخ ایڈووکیٹ کو لیگل ایڈوائزر ضلع شیخوپورہ مقرر کر دیا۔ ملک بھر میں صحافی برادری کے لیے لیگل ایڈوائزر کی خدمات حاصل کی جا رہی ہیں۔ ترجمان پی جے اے۔ تفصیلات کے مطابق آصف منیر شیخ ایڈووکیٹ لاہور ہائیکورٹ کو انٹرنیشنل صحافتی تنظیم پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن ® اسلام آباد کا لیگل ایڈوائزر ضلع شیخوپورہ مقرر کر دیا جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن PJA سیکرٹریٹ اسلام آباد سے جاری کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع شیخوپورہ کی تحصیل مریدکے سے تعلق رکھنے والے نوجوان قانون دان آصف منیر شیخ ایڈووکیٹ کو سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کی مشاورت کے بعد مرکزی چیئرمین میاں اشتیاق علی نے ضلع شیخوپورہ کا لیگل ایڈوائزر مقرر کیا تاکہ صحافیوں کو درپیش لیگل طریقے سے حل ہوسکیں۔ ترجمان پی جے اے کے مطابق ملک بھر میں لیگل پروٹیکشن افیئرز کیلئے وکلاء حضرات کی خدمات حاصل کی جارہی ہیں تاکہ ہر ضلع اور ہر تحصیل میں پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن ® کے عہدیداران وممبران اور دیگر صحافیوں کو قانونی چارہ جوئی کیلئے آسانی پیدا ہوسکے اور وہ اپنے قانونی معاملات احسن طریقے سے حل کر سکیں۔

بنیان مرصوص کی کامیابی نے پاکستانی قوم کو جس خوشی و مسرت سے سرشار کیا

16 مئی کو پاکستانی قوم معرکہ حق کا بھرپور جشن منائے گی: میاں خالد محمود

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل وسابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی نے پاکستانی قوم کو جس خوشی و مسرت سے سرشار کیا وہ ناقابل فراموش ہے یہ فتح ان شاءاللہ پاکستان میں اتحاد و یگانگت کو مضبوط کرنے اور بین الاقوامی سطح پر مسلم امہ کے باہمی اتحاد کو فروغ دینے کا باعث بنے گی، 16 مئی کو پاکستانی قوم معرکہ حق کا بھرپور جشن منائے گی اور بھارت کو شکست دینے پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے سمیت اللہ رب العزت کا شکر ادا کیا جائے گا، ہم مقبوضہ کشمیر اور فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کو بھی ہرگز نظر انداز نہیں کرسکتے امریکی صدر نے مسئلہ کشمیر کے حل پر زور دیکر اس دیرینہ مسئلہ کی اہمیت مزید اجاگر کردی ہے ان شاءاللہ اب یہ مظلوم کشمیریوں کی آزادی زیادہ دور نہیں مسئلہ فلسطین کے حل کے حوالے سے بھی پیش رفت کیلئے مسلم امہ کو متحد ہو کر فلسطینیوں کا ساتھ دینا ہوگا اسلامی ممالک کے حکمران غزہ کے مسئلہ پر خاموشی ترک کریں اور دنیا کے سامنے زمینی حقائق کے مطابق اپنا مضبوط موقف رکھیں تاکہ اسرائیلی جارحیت کو روکا جاسکے، فلسطین میں ہونیوالے مظالم کیخلاف خاموشی سب سے بڑا ظلم ہے فلسطین پر اسرائیلی جارحیت کے آغاز پر ہی مسلم ممالک جہاد کا اعلان کردیتے تو اسرائیل دنیا کے نقشے پر آج موجود نہ ہوتا، فلسطین کے عوام کے دل دہلا دینے والے واقعات دیکھ کر امت مسلمہ کے دل رنجیدہ ہیں، غزہ میں جاری بربریت سے انسانیت کے نام نہاد علمبرداروں کے چہرے بے نقاب ہوچکے ہیں آج فلسطین میں انسانیت تڑپ رہی ہے اور معاشرتی تہذیب کے فروغ کی باتیں کرنے والے یورپی ممالک اسرائیل کا ساتھ دے رہے ہیں جو شریک جرم ہونے کا ثبوت اور بے حسی کی انتہا ہے۔

ڈی پی ایس میں آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر تقریب، طلبہ کا شہداء کو خراج عقیدت

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی ایس میں آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر تقریب، طلبہ کا شہداء کو خراج عقیدت تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج اوکاڑہ میں آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں سکول سٹاف، طلباء و طالبات، اور والدین نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا اہتمام سکول کی پرنسپل میڈم آکاشا ارم اور پری سکول سیکشن ہیڈ میڈم حنا نے کیا۔ اس موقع پر ننھے طلباء وطالبات نے افواج پاکستان کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ملی نغمے، تقاریر اور خاکے پیش کیے۔

کسی ایجنٹ کے پاس جانے کی ضرورت نہیں ہر شہری بغیر سفارش با آسانی پاسپورٹ بنوا سکتا ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شہریوں کو پاسپورٹ بنوانے کے لیے کسی ایجنٹ کے پاس جانے کی ضرورت نہیں ہر شہری بغیر سفارش با آسانی پاسپورٹ بنوا سکتا ہے ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ پاسپورٹ آفیسر چنیوٹ ناصر شاہ ہاشمی نے کیا انہوں نے کہا کہ ضلع چنیوٹ کا ہر شہری آسانی کیساتھ پاسپورٹ آفس آ کر اپنا پاسپورٹ بنوا سکتا ہے شہری بنک میں فیس ادا کر کے بغیر سفارش شناختی کارڈ لیکر تشریف لے آئیں۔ بزرگ شہریوں کو بغیر نمبر فوری بلا کر کاغذات پورے کر کے ٹوکن دیا جاتا ہے کسی بھی دشواری کے لیے ہر شہری بلا خوف بغیر سفارش پاسپورٹ آفس تشریف لائے حکومت نے عمرہ حج اور بیرون ممالک کیلئے جانے والوں کے لیے پاسپورٹ کی سہولت کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے ہوئے ہیں شہری پاسپورٹ وصول کرتے وقت رسید ہمراہ لے آئیں ضلع چنیوٹ کے شہریوں کو پاسپورٹ بنوانے کے لیے کسی ایجنٹ کے پاس جانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اپنی دنیا و آخرت کو سنوارنے کے لیے اپنی ڈیوٹی ایمانداری کے ساتھ دے رہا ہو اگر کسی بھی شہری کو پاسپورٹ بنوانے میں کوئی پریشانی آئے تو فوری دفتر میرے پاس تشریف لے آئے

اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کا تحصیل کمپلیکس اور ریونیو سرکل کوہلہ میں ریونیو سروسز کا جائزہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کا تحصیل کمپلیکس اور ریونیو سرکل کوہلہ میں ریونیو سروسز کا جائزہ، انہوں نے تحصیل کمپلیکس کی مختلف برانچز میں سٹاف کی حاضری چیک کی، عوام کو فراہم کی جانے والی ریونیو سروسز کا جائزہ لیا اور سائلین سے مسائل دریافت کیے اور ان کو فوری حل کرنے کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر احکامات جاری کیے، اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے ریونیو سرکل کوہلہ میں ریونیو سٹاف اور نمبرداران کو ریونیو ریکوری کی بروقت وصولی کے حوالہ سے بھی ہدایات جاری کیں، انہوں نے کہا کہ عوام کو بہترین ریونیو سروسز کی فراہمی کے سلسلہ میں بورڈ اف ریونیو کی اقدامات پر عمل درآمد کے لیے بہترین اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ عوام کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جاسکیں۔

ذیابیطس کے اسٹیج ون کے مریضوں میں انسولین تقسیم کرنے کی افتتاحی تقریب

اس موقع پر فوکل پرسن محمد وقار احمد، ڈسٹرکٹ فیلڈ آفیسر محمد جمیل، فوکل پرسن آر ایچ سی محمد طارق نسیم، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ابرار حسین ودیگر موجود تھے

شرقپور شریف (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر شیخوپورہ ڈاکٹر ایاز اختر چوہان نے ایسوسی ایشن فار سوشل ڈویلپمنٹ کے تعاون سے آر ایچ سی کالا شاہ کاکو میں ذیابیطس کے اسٹیج ون کے مریضوں میں انسولین تقسیم کرنے کی افتتاحی تقریب کا افتتاح کیا اس موقع پر فوکل پرسن محمد وقار احمد، ڈسٹرکٹ فیلڈ آفیسر محمد جمیل، فوکل پرسن آر ایچ سی محمد طارق نسیم، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ابرار حسین و دیگر موجود تھے، ڈاکٹر ایاز اختر چوہان نے کہا کہ ذیابیطس اینڈ ہائپر ٹینشن پروجیکٹ ڈبلیو ڈی ایف ایسوسی ایشن آف سوشل ویلفیئر کے تحت مریضوں کو بھرپور ریلیف دیا جا رہا ہے انسولین کی تقسیم سے سینکڑوں مریض مستفید ہوں گے، ہماری ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ مریضوں کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور ادویات با آسانی ہمہ وقت میسر ہوں جس کیلئے سرکاری علاج گاہوں میں بھی موثر اقدامات اٹھائے گئے ہیں اور ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف مریضوں کے علاج معالجہ کی ذمہ داری با احسن انجام دے رہا ہے

سابق صوبائی وزیر قانون خرم شہزاد ورک ایم این اے نے رائل فٹنس جم کا افتتاح کیا

اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ سٹی بی ڈویژن انسپکٹر خرم شہزاد ڈوگر رانا فراز حاجی عبدالرحمن رانا شہباز اکبر میاں عابد رانا اول رانا نفیس رانا غلام مصطفی ملک سنی ودیگر موجود تھے

شرقپور شریف (نامہ نگار) سابق صوبائی وزیر قانون خرم شہزاد ورک ایم این اے نے رائل فٹنس جم کا افتتاح کیا اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ سٹی بی ڈویژن انسپکٹر خرم شہزاد ڈوگر رانا فراز حاجی عبدالرحمن رانا شہباز اکبر میاں عابد رانا اول رانا نفیس رانا غلام مصطفی ملک سنی و دیگر موجود تھے، افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے خرم شہزاد ورک ایم این اے نے رائل فٹنس جم کے قیام پر اونر رانا فراز کو مبارکباد دی اور اس اقدام کو صحت مندانہ کاوش قرار دیتے ہوئے کہا کہ جم انسانی صحت کے تحفظ کے نمایاں مراکز ہیں جن میں نوجوان جسمانی فٹنس پر توجہ دیکر مختلف غیر ضروری ومضر معاشرتی امور سے محفوظ رہتے ہیں صحت مندانہ سرگرمیوں کو فروغ دینا معاشرتی فلاح کی ضمانت ہے۔

ضلعی انفارمیشن سیکرٹری چکوال ملک وحید کی ضلعی صدر پی پی چکوال راجہ رضوان ڈنڈوت سے ملاقات

اس موقع پر 24 مئی کو تلہ گنگ میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے جلسے کے بارے میں گفتگو کی گئی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چکوال کے جنرل سیکرٹری سابق امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 22 راجہ مظہر حسین ہستال۔ سابق ناظم تلہ گنگ غرب رہنما پی پی قاضی الطاف حسین اور ضلعی انفارمیشن سیکرٹری چکوال ملک وحید کی ضلعی صدر پی پی چکوال راجہ رضوان ڈنڈوت سے ملاقات۔ تحصیل صدر چوآسیدن شاہ راجہ سرفراز خان بھی موجود تھے اس موقع پر 24 مئی کو تلہ گنگ میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے جلسے کے بارے میں گفتگو کی گئی۔ قاضی الطاف حسین نے ان کو جلسے کے انتظامات اور تیاریوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ اور کہا کہ جلسے میں تمام پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں کو دعوت دی جائے گی اس سلسلے میں انتظامات کو آخری شکل دی جارہی ھے

جرم وسزا
CRIME
& COURT

تھانہ دھلے پولیس کی بڑی کاروائی: شہروز منشیات فروش پولیس کے شکنجے میں

ملزم کی گرفتاری پر سماجی وسیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سٹی شاہد رشید کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ دھلے سب انسپکٹر عمران اوجلہ نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہروز منشیات فروش کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے ایک کلو چار سو چالیس گرام ہیروئن برآمد کر لی۔ دوران تفتیش ملزم نے انکشاف کیا کہ وہ عرصہ دراز سے گوجرانوالہ شہر خصوصاً علاقہ تھانہ دھلے میں منشیات فروش کرتا تھا۔ ملزم سے مزید تفتیش جاری۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کاروائیاں کرنے پر لوگوں نے مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے۔ سی پی او نے ایس ایچ او تھانہ دھلے سب انسپکٹر عمران اوجلہ اور انکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش دی۔

قلعہ کالروالا میں مسلح ڈکیت 11 تولے سونا اور نقدی لوٹ کر لے گئے

دوران واردات سعودی عرب سے واپس آنے والے محمد عاطف اور محمد راشد کے گھر میں گھس گئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) گزشتہ رات سیالکوٹ کے پسرور سرکل کی تھانہ قلعہ کالروالا کے نواحی گاؤں پاسو پنوں میں رینج لگا کر واردات کرنے والے گینگ کے تین مسلح ڈاکو دوران واردات سعودی عرب سے واپس آنے والے محمد عاطف اور محمد راشد کے گھر میں گھس گئے۔ ڈاکو گھر کے مرکزی دروازے پر دستک دے کر اندر داخل ہوئے اور محمد راشد سمیت پورے خاندان کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنایا۔ ڈاکوؤں نے 90,000 روپے نقدی اور 11 تولے سونے کے زیورات (جن کی مارکیٹ ویلیو تقریباً 42 سے 45 لاکھ روپے بنتی ہے) لوٹ لیے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ صرف 10 دن قبل قریبی گاؤں حسہ جها× میں بھی ایک ایسی ہی بڑی ڈکیتی کی واردات ہو چکی ہے، جو اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ ایک منظم ڈاکو گینگ اس پورے علاقے میں وارداتوں میں مصروف ہے۔ تھانہ قلعہ کالروالا پولیس نے محمد راشد کی رپورٹ پر مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز تو کر دیا ہے، مگر علاقے کے شہریوں میں عدم تحفظ کا شدید احساس پایا جا رہا ہے۔

نارنگ پولیس کی کاروائی ڈیڑھ کلو چرس ناجائز اسلحہ پتنگیں برآمد ملزمان گرفتار

تھانہ نارنگ پولیس کی منشیات فروشوں جرائم پیشہ اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ پولیس کی کاروائی ڈیڑھ کلو چرس ناجائز اسلحہ پتنگیں برآمد ملزمان گرفتار مقدمات درج تفصیل کے مطابق تھانہ نارنگ پولیس کی منشیات فروشوں جرائم پیشہ اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں ایس ایچ او تھانہ نارنگ ملک نوید اقبال نے گجر چوک کے قریب عمران مسیح سے 1300 گرام چرس دیگر ملزمان سے ناجائز اسلحہ پتنگیں فروخت کرنے والوں بھکاری ساؤنڈ سسٹم کی خلاف ورزی گاڑیوں میں گیس سلنڈر استعمال کرنے والوں کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا ہے ایس ایچ او تھانہ نارنگ ملک نوید اقبال کا کہنا تھا کہ جرائم کے خاتمے کیلئے شہریوں کا تعاون ضروری ہے پولیس اور عوام ملکر ہی علاقے میں کرائم کی شرح میں کمی لاسکتے ہیں چند روز میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائیاں کی ہیں جو آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد اقبال ہرل نے سول جج/جوڈیشل مجسٹریٹ شیخ عبدالرزاق کے ہمراہ سنٹرل جیل کا دورہ کیا

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ایگزیکٹو) فضل الٰہی لاڑ اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (جوڈیشل) صوبہ خان جاوید نے انہیں جیل میں دستیاب سہولیات اور اسیران کی تعداد بارے بریفنگ دی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد اقبال ہرل نے سول جج/جوڈیشل مجسٹریٹ شیخ عبدالرزاق کے ہمراہ سنٹرل جیل کا دورہ کیا۔ انہوں نے جیل ہسپتال میں طبی سہولیات، کچن اور بیرکس کا معائنہ کرتے ہوئے انتظامیہ کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ایگزیکٹو) فضل الٰہی لاڑ اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (جوڈیشل) صوبہ خان جاوید نے انہیں جیل میں دستیاب سہولیات اور اسیران کی تعداد بارے بریفنگ دی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن اور سول جج نے اسیران سے ملاقات کر کے مسائل دریافت کیے جنہوں نے سہولیات کو تسلی بخش قرار دیا۔ ججز نے معمولی نوعیت کے جرائم میں ملوث 06 اسیران کو ذاتی مچلکوں پر رہا کرنے کا حکم دے دیا۔

چوری کی کوشش ناکام، 2 چور عوام کے ہتھے چڑھ گئے

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) چوری کی کوشش ناکام، دو چور عوام کے ہتھے چڑھ گئے تفصیلات کے مطابق تھانہ تلمبہ کی حدود تلمبہ روڈ پر ٹرانسفارمر اور انورٹر چوری کی کوشش ناکام بناتے ہوئے شہریوں نے دو چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر تشدد کے بعد پولیس کے حوالے کر دیا، پولیس تھانہ تلمبہ کے مطابق دونوں چور چوری کی واردات کے دوران پکڑے گئے، جنہیں موقع پر موجود شہریوں نے قابو کیا اور بعد ازاں پولیس کے حوالے کر دیا، پولیس نے واقعے کی تفتیش شروع کر دی ہے۔

ریلوے لائن عبور کرتی 13 سالہ بچی ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ریلوے لائن عبور کرتی 13 سالہ بچی ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس کی حدود سمال گیٹ کے قریب 13 سالہ مریم ریلوے لائن عبور کرتے ہوئے تیز رفتار ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق ہوگئی، پولیس نے واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

ڈائریکٹر زراعت پیسٹ وارننگ محمد طیب ہنڈل کا غیر معیاری زرعی ادویات فروخت کرنے والے دوکانداروں کے خلاف کاروائی کا فیصلہ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈائریکٹر زراعت پیسٹ وارننگ محمد طیب ہنڈل کا غیر معیاری زرعی ادویات فروخت کرنے والے دوکانداروں کے خلاف کاروائی۔ غیر معیار اور غیر رجسٹرڈ زرعی ادویات فروخت کرنے والے دوکانداروں کے خلاف مقدمہ درج کروا کر لاکھوں روپے مالیت کی غیر معیاری زرعی ادویات قبضہ میں لے لی۔ ڈائریکٹر زراعت پیسٹ وارننگ محمد طیب ہنڈل نے کولو روڈ سبزی منڈی کے قریب غیر رجسٹرڈ اور غیر معیاری زرعی ادویات فروخت کرنے والے میاں سیڈ و زرعی ڈیلر کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے اسکی دکان سے 12 لاکھ سے زائد مالیت کے غیر معیاری اور غیر رجسٹرڈ زرعی ادویات قبضہ میں لیکر مالک کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا۔

تاجروں نے 19 مئی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال دے دی

شہر کے چوکوں میں چاند گاڑیوں کے اڈوں، بے جا چالانوں کیخلاف ہڑتال کا فیصلہ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ٹریفک پولیس کے ناروا رویہ، ٹریفک کنٹرول نہ کرنے اور شہر کے چوکوں میں چاند گاڑیوں کے اڈوں، بے جا چالان کرنے، بازاروں کی ناکہ بندی کر کے تاجروں کو پریشان کرنے اور ان کے معاشی قتل کے خلاف تاجروں نے 19 مئی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال دے دی۔ سینئر نائب صدر مرکزی انجمن تاجران وصدر مرکزی انجمن تاجران حاجی محمد رفیق مغل اور موبائل ایسوسی ایشن کے صدر ظفر ریاض چدھڑ نے بتایا کہ ٹریفک پولیس شہر میں ٹریفک کنٹرول کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہے اور شہر کے ہر چوک میں چاند گاڑیوں کے اڈے قائم ہیں جس وجہ سے چوک تنگ ہو گئے ہیں جبکہ شہر کی سڑکیں گلی اور چوک تنگ ہیں چاند گاڑیوں کے اڈوں کی وجہ سے ٹریفک جام رہنا معمول بن چکا ہے اس کے علاوہ ٹریفک پولیس بازار کے دونوں اطراف ناکہ لگا کر کھڑی ہو جاتی ہے بازار میں آنے اور باہر نکلنے والے گاہکوں کو روک کر ناجائز چالان کئے جاتے ہیں جس وجہ سے گاہکوں نے شہر آنا ہی چھوڑ دیا ہے اس کے علاوہ غریب مزدور جس کو ایک ہزار سے 15 سو روپے کماتا ہے اس کے 2/3 چالان روزانہ ہونے سے اس کے بچے فاقوں کرنے پر مجبور ہیں۔ غریب مزدور دیہاڑی کرے یا 2 ہزار سے 6 ہزار روپے جرمانہ ادا کرے۔ کوئی بھی دکاندار یا تاجر گودام سے سامان لینے جاتا ہے تو اس کو روک کر اسکا 2 ہزار روپے کا چالان کر دیا جاتا ہے جبکہ پارکنگ ایریا میں کھڑی موٹر سائیکل زبردستی چھین کر لے جاتے ہیں اور 2 ہزار روپے جرمانہ وصولی کے بعد موٹر سائیکل واپس دی جاتی ہے۔

رائیونڈ شہر بھر میں آوارہ کتوں کی بھرمار، شہری پریشان، انتظامیہ خاموش تماشائی

شہر کے مختلف علاقوں میں آوارہ کتوں کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگیا ہے

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) رائیونڈ شہر بھر میں آوارہ کتوں کی بھرمار، شہری پریشان، انتظامیہ خاموش تماشائی۔ شہر کے مختلف علاقوں میں آوارہ کتوں کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگیا ہے، جس سے نہ صرف شہریوں کی معمولات زندگی متاثر ہو رہی ہیں بلکہ بچوں اور بزرگوں کی جان کو بھی شدید خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آوارہ کتے دن ہو یا رات، گلی محلوں میں دندناتے پھرتے ہیں اور کئی بار راہ چلتے افراد پر حملے بھی کر چکے ہیں۔ شہری حلقوں نے بتایا کہ متعدد بار متعلقہ اداروں کو شکایات درج کروائی گئیں لیکن انتظامیہ کی جانب سے کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی گئی۔ بعض علاقوں میں تو اسکول جانے والے بچوں کو بھی ان کتوں کے خوف کے باعث مشکلات کا سامنا ہے، جب کہ کچھ واقعات میں کاٹنے کے کیسز بھی سامنے آچکے ہیں۔ ادھر بلدیاتی ادارے اور محکمہ صحت کی خاموشی اس مسئلے کو مزید سنگین بنا رہی ہے۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر آوارہ کتوں کے خلاف جامع اور مؤثر مہم چلائی جائے تاکہ لوگوں کو سکھ کا سانس نصیب ہو سکے۔

سرکل پولیس کی منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں

سرکل پولیس میاں چنوں نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے سات ملزمان کو گرفتار کرلیا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) سرکل پولیس کی منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، سات ملزمان گرفتار، تفصیلات کے مطابق سرکل پولیس میاں چنوں نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے سات ملزمان کو گرفتار کرلیا، جن کے قبضے سے منشیات اور شراب برآمد کی گئی، تھانہ سٹی پولیس نے ایس ایچ او محمود اقبال کی قیادت میں ریلوے اسٹیشن کے قریب کاروائی کرتے ہوئے جواری محمد عمران سکنہ محلہ عیدگاہ کو گرفتار کرلیا، جبکہ ٹی چوک سے شہباز سکنہ بستی سنپال کو شراب سمیت حراست گرفتار کرلیا گیا، ایس ایچ او تھانہ صدر شفقت سمرانہ کی قیادت میں گاؤں 114 پندرہ ایل میں کارروائی کرتے ہوئے شراب کشی کی چالو بھٹی پر چھاپہ مارا اور ملزم محمد شاہد سکنہ 115 پندرہ ایل کو گرفتار کرلیا، تھانہ تلمبہ کے ایس ایچ او ملک عدنان خورشید کی سربراہی میں مختلف علاقوں میں چار الگ الگ کارروائیاں کی گئیں جن میں بابر علی سکنہ 131 پندرہ ایل، سکندر سکنہ 20 ایٹ بی آر اور مدثر سکنہ 19 ایٹ بی آر کو گرفتار کیا گیا، جن کے قبضے سے مجموعی طور پر سات کلو چرس برآمد ہوئی، پولیس نے تمام ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرلیے ہیں۔ ل۔ ترجمان پولیس کے مطابق جرائم پیشہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔

تھانہ صدر کی حدود چک شاہ کرم میں لرزہ خیز واردات، بیوی نے آشنا سے مل کر خاوند کا گلا دبا دیا

پولیس ملزم اسماعیل اور (فا) نامی خاتون کے ناجائز مراسم تھے جن پہ خاتون کا خاوند اسے اس شخص کے ساتھ ملنے سے کئی بار منع کر چکا تھا

عارف والا تحصیل کرا×م رپورٹر (امیر احمد خان سے) تھانہ صدر کی حدود چک شاہ کرم میں لرزہ خیز واقع بیوی نے اپنے آشنا کے ساتھ مل کر اپنے خاوند کو گلا دبا کے قتل کر دیا پولیس ملزم اسماعیل اور (فا) نامی خاتون کے ناجائز مراسم تھے جن پہ خاتون کا خاوند اسے اس شخص کے ساتھ ملنے سے کئی بار منع کر چکا تھا مگر وہ دونوں باز نہ آئے آخر ملزمان نے سنگین قدم اٹھایا اور خاتون نے اپنے آشنا کے ساتھ مل کے اپنے خاوند فیاض کو گھر میں گلا دبا کر قتل کر دیا پولیس وقوعہ کے بعد دونوں ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس تھانہ صدر نے موقع سے ڈیڈ باڈی وصول کر کے ہسپتال منتقل کر دی جبکہ مقتول کے باپ کی مدعیت میں دونوں ملزمان کو مقدمہ درج کر کے تلاش کے بعد گرفتار کر لیا گیا پولیس تھانہ صدر نے دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے سنگین جرم کے مرتکب ملزمان کو قانون کے مطابق کڑی سے کڑی سزا دلوائی جائے گی ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں انھیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ ڈی پی او پاکپتن جاوید اقبال چدھڑ۔

جہلم شہر میں مضر صحت نشہ آور اشیاء کی فروخت۔ نوجوان طالب علموں کی زندگیاں خطرات کا شکار

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں مضر صحت نشہ آور اشیاء کی فروخت۔ نوجوان طالب علموں کی زندگیاں خطرات کا شکار۔ عوامی حلقوں کا ڈپٹی کمشنر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سے کارروائی کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق جہلم شہر میں انڈین سپاری، گٹکے، شیشے کا سامان و دیگر نشہ آور اشیاء کی علم کھلا فروخت جاری ہے، جس کی وجہ سے نوجوان نسل خصوصاً نو عمر طلباء اس لعنت کا شکار ہو کر اپنی زندگیاں اور صحت تباہ کر رہے ہیں جبکہ متعدد مرتبہ عدلیہ اور حکومت پنجاب اس لعنت کو ختم کرنے کیلئے انتظامیہ کو ہدایات جاری کر چکی ہیں مگر تا حال یہ مکروہ دھندہ زور شور سے جاری ہے۔ شیشہ نشے کے لئے حقہ و سامان بازار سے با آسانی دستیاب ہے شہریوں نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے اور نشہ اور اشیاء فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں کرنے کا مطالبہ کیا ہے

چاول جیسی اہم برآمدی جنس کی کاشت اور پیداوار کو زبردست نقصان کا خطرہ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) کسان بورڈ پاکستان کے مرکزی نائب صدر امان اللہ چٹھہ نے کہا ہے کہ چاول کے علاقوں میں واقع ششماہی نہروں اور راجباہوں میں پانی کی فراہمی ہر سال 15 اپریل سے شروع کر دی جاتی ہے، لیکن ایک ماہ گزرنے کے باوجود ابھی تک راجباہ خشک پڑے ہیں جس سے چاول جیسی اہم برآمدی جنس کی کاشت اور پیداوار کو زبردست نقصان کا خطرہ پیدا ہو چکا ہے، جو کسانوں میں شدید اضطراب کا باعث بن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ بندی کے باوجود بھارت نے سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کا فیصلہ بحال نہیں کیا، جو ممکنہ طور پر پاکستان آنے والے دریاؤں اور ان سے نکلنے والی نہروں کا پانی روکنے کا سبب بن رہا ہے، چنانچہ حکومت پاکستان کو جنگ بندی کروانے والے امریکی صدر ٹرمپ پر زور دینا چاہیے کہ جب تک سندھ طاس معاہدہ بحال نہیں ہوتا، بھارت غیر اعلانیہ جنگ جاری رکھے ہوئے ہے، جس کے تباہ کن نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ ہنگامی بنیادوں پر ملکی و بین الاقوامی اقدامات کر کے دریاؤں اور نہروں میں معمول کی پانی کی روانی کو یقینی بنائے، تاکہ عیار دشمن بھارت میدان جنگ میں ہاری ہوئی بازی کو معیشت پر حملہ کر کے کامیابی میں تبدیل کرنے کی مذموم کوشش نہ کرے۔

آوارہ کتوں کے خوف سے شہری پریشان، ایک دیہاتی شدید زخمی، فوری کارروائی کا مطالبہ

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) آوارہ کتوں کے خوف سے شہری پریشان، ایک دیہاتی شدید زخمی، فوری کارروائی کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق میاں چنوں شہر اور مضافاتی علاقوں میں آوارہ کتوں کی تعداد میں ہوشربا اضافہ ہوگیا ہے، جس کے باعث شہری شدید خوف و ہراس کا شکار ہیں، حالیہ واقعے میں گاؤں 13 ایٹ بی آر کے رہائشی محمد نیاز کو آوارہ کتے نے حملہ کر کے بری طرح زخمی کر دیا، جسے فوری طور اسپتال منتقل کیا گیا یہ پہلا واقعہ نہیں اس سے پہلے بھی متعدد واقعات ہو چکے ہیں، شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال مزید بگڑ سکتی ہے۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر پاک فوج سے اظہار تشکر اور انکی پیشہ وارانہ صلاحیتوں پر خراج تحسین پیش کیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر پاک فوج سے اظہار تشکر اور انکی پیشہ وارانہ صلاحیتوں پر خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر شہداء کے ایصال ثواب کے لیے خصوصی فاتحہ خوانی اور دعا بھی کی گئی۔ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس میں ضلعی انتظامیہ، پولیس، میونسپل کمیٹی، ٹرانسپورٹ اتھارٹی، واپڈا، سول ڈیفنس، مذہبی امور و اوقاف، ایجوکیشن، ہیلتھ سمیت دیگر محکموں کے افسران شریک تھے۔ اجلاس میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت تجاوزات کے خاتمہ، مدارس کی رجسٹریشن، غیر قانونی پٹرول کی فروخت، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی، بجلی چوری کی روک تھام سمیت دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ حکومتی ہدایات کے مطابق عوام کی فلاح وبہبود اور اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کا سلسلہ جاری ہے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے حکومت کے پبلک انیشیٹیوز پر خصوصی طور پر عمل درآمد جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام محکموں کے افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ اپنے محکموں کی مجموعی کارکردگی کو بہتر بناتے ہوئے حکومتی ویژن کے تحت عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور ٹریفک پولیس کے افسران کو ہدایت کی کہ اوور لوڈنگ، بغیر روٹ پرمٹ چلنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈمپر/ٹرک کو چلانے والے کم عمر ڈرائیورز اور بھوسہ سے لدی ٹریکٹر ٹرالیوں کے خلاف خصوصی مہم چلائی جائے۔ کم عمر ڈرائیورز اور انکے مالکان کیخلاف مقدمات درج کروا کر گاڑیوں کو بند کیا جائے۔

تھانہ لالیاں کے علاقہ جکو والا کے قریب پولیس مقابلہ: 2 ملزمان اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) تھانہ لالیاں کے علاقہ جکو والا کے قریب پولیس مقابلہ× دو ملزمان اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک۔ تفصیلات کے مطابق ڈکیتی اور راہزنی میں ملوث دو ڈکیت پولیس مقابلہ میں اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گئے۔ پولیس کو 15 پر اطلاع ملی کہ پانچ ڈکیت قاضیاں والا پل پر واردات کر کے فرار ہو گئے ہیں کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ سے نصر اللہ خان اے ایس آئی نے ٹیم کے ہمراہ ملزمان کا تعاقب کیا۔ پل جکو والا علاقہ تھانہ لالیاں کے قریب سی سی ڈی ٹیم کا ملزمان سے سامنا ہو گیا۔ ملزمان نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی پولیس ٹیم نے بھی حق حفاظت خود اختیاری کے تحت فائرنگ کی۔ سینئر پولیس افسران× تھانہ لالیاں پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی۔ فائرنگ رکنے پر سرچ آپریشن کے دوران دو ملزمان جو اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گئے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ جات 1

کی سپورٹ میں اپنا حصہ ڈالا، پاک افواج زندہ باد تو پاکستان زندہ باد ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک افواج نے بنیان مرصوص کے تحت بھارت کو شکست سے دوچار کیا، پاکستان کا امن ہماری ریڈ لائن ہے، تمام سیاسی قیادت کیلئے پاکستان ریڈ لائن ہونی چاہیے، نفرت کی سیاست نے اس ملک کو کچھ نہیں دیا، ہمیں ملک کی خاطر ذاتی انا قربان کرنا ہوگی، نفرت کی سیاست کے خاتمے سے ملک ترقی کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک ہے تو خوشحالی ہے، اللہ پاکستان کو تا قیامت سلامت رکھے، وزیر اعظم اور آرمی چیف کو عظیم فتح پر خراج تحسین پیش کرتی ہوں، سیاسی قیادت ہو یا عسکری قیادت سب نے ایک ہو کر ملک کا دفاع کیا۔ مریم نواز نے کہا کہ پاکستان کی معیشت میں حیران کن استحکام دیکھنے میں آیا، مہنگائی میں کمی سے بازاروں میں اشیائے خورونوش سستے داموں مل رہی ہیں، لوڈشیڈنگ کا خاتمہ اور بجلی قیمتوں میں کمی ہوئی، سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی ہے۔ قبل ازیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے گندم سپورٹ پروگرام کے تحت گرین ٹریکٹر تقسیم کئے، پہلے مرحلے میں 9500 گرین ٹریکٹر کاشتکاروں کو بذریعہ شفاف قرعہ اندازی فراہم کئے گئے جبکہ دوسرے مرحلے میں 25 ہزار مزید گرین ٹریکٹرز سبسڈی پر فراہم کئے جا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ 150 ارب روپے کی لاگت سے وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کا اجراء کر دیا گیا، ساڑھے سات لاکھ کاشتکار کسان کارڈ سکیم سے فائدہ اٹھائیں گے۔

بقیہ جات 2

زرخیز زمین، قابل زرعی ماہرین، محنتی کسانوں سے نوازا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی پیداوار بڑھانے کیلئے زرعی تحقیق پر توجہ مرکوز کی جائے، پائیدار اور طویل مدتی زرعی صنعتی ترقی کی پالیسی بنانے کی ضرورت ہے تاکہ ملک میں زراعت کے ساتھ ساتھ جنگلات کو بھی فروغ ملے جو کہ ماحولیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ وزیر اعظم نے زرعی شعبہ کی ترقی کیلئے متعلقہ فریقین کی مشاورت سے مربوط حکمت عملی بنانے اور اس سلسلے میں صوبوں سے مشاورت بھی یقینی بنانے کی ہدایت کی، زرعی شعبہ کے حوالے سے نیشنل ایگری انوویشن پلان طلب کر لیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ زرعی بیجوں کے سرٹیفیکیشن کے نظام میں جاری اصلاحات میں تیزی لائی جائے، اعلیٰ معیار کے بیجوں کے فروغ کے حوالے سے مؤثر لائحہ عمل تیار کیا جائے، جدید ٹیکنالوجی کا فروغ ہماری ترجیح ہے، جامع ریگولیٹری فریم ورک ترتیب دیا جائے۔ اجلاس میں زرعی شعبے میں اصلاحات کے حوالے سے بنائے گئے ورکنگ گروپ کی جانب سے تجاویز پیش کی گئیں۔ اس موقع پر وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ جات 3

مرصوص اور کشمیر پر ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے دوٹوک مؤقف اپناتے ہوئے بھارت کی جانب سے جنگ بندی کی خلاف ورزی کی صورت میں تیز اور یقینی جواب کا عزم کا اعادہ کیا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے اسکائی نیوز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ جو بھی ہماری سرزمین، سالمیت اور خودمختاری کی خلاف ورزی کرنے کی کوشش کرے گا، ہمارا جواب بے رحمانہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بھارت دونوں ایٹمی طاقت ہیں لہذا کشیدگی تباہی کا باعث ہوگی، اگر بھارت سمجھتا ہے کہ وہ پاکستان کے خلاف جنگ کا محاذ کھڑا کر سکتا ہے تو یہ خطے میں تباہی کا باعث ہوگا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ امریکا جیسے ممالک جوہری خطرات کے پیش نظر بھارت کے عزائم کو بخوبی جان چکے ہیں۔ مسئلہ کشمیر پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت اس مسئلے کو "اندرونی" معاملہ قرار دے کر فوج کی بڑی تعداد میں موجودگی کے ساتھ کشمیریوں کو "ہراساں" کر رہا ہے۔ لیفٹننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد کے مطابق کشمیری عوام کو حل کرنا ہوگا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستانی مؤقف کے مطابق اس نے بھارت کی بہت بڑی مسلح افواج کے باوجود ایک بہت بڑی فوجی فتح حاصل کی ہے۔ لیفٹننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بھارت اس بات پر ناراض ہے کہ امریکا اس بحران کے دوران مسئلہ کشمیر کو اجاگر کر رہا ہے، امریکا کے لیے اصل امتحان یہ ہے کہ وہ بھارت پر کتنا دباؤ ڈال سکتا ہے۔

بقیہ جات 4

نے کہا کہ حکومت نے اتحادی جماعتوں کے ساتھ مل کر پہلے بھی عوامی ریلیف کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے ہیں، جن کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی، اشیائے ضروریہ اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں واضح کمی عوامی ریلیف پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے حکومت سے اپیل کی کہ موجودہ معاشی دباؤ کے پیش نظر آئندہ بجٹ کو عوام دوست بنایا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ ریلیف ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام مہنگائی کی چکی میں پس چکے ہیں، ایسے میں اُن کی زندگی آسان بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بجٹ میں تعلیم، صحت اور روزگار کے شعبوں کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے بھرپور انداز میں سرگرم عمل ہیں اور قائد میاں محمد نواز شریف سے مسلسل رہنمائی حاصل کر رہے ہیں، جس کے باعث پالیسیوں میں تسلسل اور بہتری آ رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک کو درپیش سیکیورٹی چیلنجز کو مؤثر حکمت عملی سے قابو میں لایا جا رہا ہے اور معیشت کو درست سمت میں لانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ جات 5

اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کر لی۔ لاہور کی اینٹی کرپشن عدالت میں سابق وزیر اعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی کے خلاف پنجاب اسمبلی میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے کیس کی سماعت ہوئی، سابق پرنسپل سیکرٹری محمد خان بھٹی نے عدالت کے روبرو پیش ہو کر حاضری مکمل کروائی جبکہ پرویز الٰہی کی ایک روزہ حاضری معافی درخواست دائر کی گئی۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے درخواست میں کہا گیا ہے کہ طبیعت ناساز ہے، ڈاکٹرز نے آرام کا مشورہ دیا ہے اس لیے عدالت ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کرے۔ عدالت نے مختار احمد رانجھا کی بریت کی درخواست پر دلائل طلب کرتے ہوئے پرویز الٰہی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کر لی۔

بقیہ جات 6

انصاف کا گالم گلوچ بریگیڈ حسب روایت قوم میں انتشار، جھوٹ اور افراتفری پھیلانے میں مصروف رہا۔ انہوں نے مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کہنے کو آپ وزیر اطلاعات ہیں آپ کے پاس اطلاعات ہوتی نہ معلومات ہوتی ہیں، آپ کو بنا بنایا بیان دیا جاتا ہے وہ آپ میڈیا کو سرکولیٹ کر دیتے ہیں۔ مریم نواز نے جنگ کے دنوں میں سب سے متحرک وزیر اعلیٰ کا رول ادا کیا ہے، مریم نواز نے اپنی تقریروں سے اپنی پاک افواج کا مورال بڑھایا، مریم نواز نے پنجاب کے عوام میں جذبہ حب الوطنی جگایا، جب ڈرونز گر رہے تھے مریم نواز نے پنجاب کی سول انتظامیہ کو متحرک رکھا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور جنگ کے دنوں میں اڈیالہ جیل کے چکر کاٹتے رہے، بدتمیزی کرتے رہے، بانی پی ٹی آئی کا بھی جنگ کے دوران کوئی بیان نہیں آیا، جنگ کے دن علیمہ خان اسکوٹورا کشتی قرار دے رہی تھی، علیمہ خان نے جنگ کو ملی بھگت کہا تھا، پوری تحریک انصاف جنگ کے دوران منظر عام سے غائب رہی، تحریک انصاف کا سوشل میڈیا اپنے ہی ملک اور فوج کے خلاف مہم جوئی میں مصروف رہا، آپ لوگوں میں رتی برابر شرم و حیا نہیں رہی۔ انہوں نے کہا کہ جب جب قوم متحد ہوتی تحریک انصاف دشمن کی صفوں میں کھڑی نظر آتی ہے، اس جنگ نے بہت سارے چہروں کو بے نقاب کر دیا ہے، پوری قوم اپنے بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی تھی، دوسری طرف تحریک انصاف کا گالم گلوچ بریگیڈ حسب روایت قوم میں انتشار، جھوٹ اور افراتفری پھیلانے میں مصروف رہا، قوم جان چکی ہے تحریک انصاف کن کا پروجیکٹ تھا اور انکی وفاداریاں کس ملک کے ساتھ ہیں۔

بقیہ جات 7

جس دوران وزیر اعظم نے جنوبی ایشیا کے حالیہ بحران میں پاکستان کے ساتھ آذربائیجان کی مضبوط یکجہتی اور حمایت پر صدر علیوف کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ صدر علیوف کی مستقل حمایت پاکستانی عوام سے ان کی بے پناہ محبت اور پیار کا ایک اور مظہر ہے۔ وزیر اعظم نے پاکستان کے ساتھ اظہار یکجہتی پر آذربائیجان کے برادر عوام کا بھی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے ایک بار پھر دونوں ممالک کے درمیان پائیدار اور دیرینہ دوستی کا اظہار ہوا ہے، جو ہمیشہ سچے بھائیوں کی طرح ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان نے علاقائی امن کیلئے بھارت کے ساتھ جنگ ؟؟بندی مفاہمت پر اتفاق کیا ہے اور اسے برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ تاہم، انہوں نے بھارتی قیادت کے حالیہ اشتعال انگیز بیانات پر اپنی تشویش کا اظہار کیا، اور اس بات کا اعادہ کیا کہ مستقبل میں کسی بھی جارحیت کا سامنا کرنے کے لیے، پاکستان اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا بھرپور دفاع کرے گا۔ وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ جموں و کشمیر کا تنازعہ جنوبی ایشیا میں عدم استحکام کی بنیاد ہے جسے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے۔ اس سلسلے میں، انہوں نے کشمیر کاز کے لیے پاکستان کی اصولی حمایت پر صدر علیوف کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ جات 8

خلاف جنگ میں نہ صرف عسکری میدان میں ناکامی ہوئی بلکہ سفارتی محاذ پر بھی سخت خفت کا سامنا ہے، دی ڈپلومیٹ کے مطابق پاکستان کی مؤثر جوابی کارروائی نے ثابت کر دیا کہ ہر وہ سطح پر اپنی خودمختاری کے دفاع کے لیے تیار ہے۔ دی ڈپلومیٹ نے کہا کہ پاک بھارت جنگ میں پاکستان نے سیاسی بصیرت اور دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے عالمی سطح پر اپنی ساکھ کو مزید مضبوط کیا، بین الاقوامی برادری، بالخصوص امریکہ بھی پاکستانی موقف کا معترف۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ پاک چین کے دفاعی اشتراک سے بھارتی ایئرفورس کو شدید نقصان پہنچا، عالمی سطح پر رافیل طیاروں کی تباہی بھارت کے لیے باعث شرمندگی، بھارت پہلگام حملے میں پاکستان کے خلاف کوئی ٹھوس ثبوت پیش نہ کر سکا۔ دی ڈپلومیٹ کے مطابق پاک فوج کی حکمتِ عملی اور عالمی سفارتی حمایت نے بھارتی غرور خاک میں ملا دیا۔

بقیہ جات 9

حملے کیے تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج کے فتح 1 اور 2 میزائل سسٹم نے بھارت کی اہم تنصیبات کو راکھ کا ڈھیر بنا دیا، فتح 1 اور 2 میزائل سسٹم نے کامیابی سے دشمن کی اہم تنصیبات کو انتہائی درستی کے ساتھ نشانہ بنایا۔ پاکستان نے فتح 1 اور فتح 2 کو مہارت کے ساتھ استعمال کر کے بھارتی ملٹری تنصیبات کو بھاری نقصانات پہنچائے۔ یاد رہے کہ 22 اپریل 2025 کو پہلگام واقعے کے بعد بھارت نے پاکستان پر الزام تراشی کا آغاز کیا تھا جس کے بعد دونوں ملکوں میں سرد مہری کا شکار تعلقات کشیدہ ہوگئے تھے۔ بھارت نے سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کا اعلان کرتے ہوئے پاکستانی سفارتی عملے کو محدود کر دیا تھا جبکہ بھارت میں موجود پاکستانی کے ویزے منسوخ کرتے ہوئے علاج کی غرض سے جانے والے بچوں سمیت تمام پاکستانیوں کو وطن واپس بھیج دیا تھا۔ جواب میں پاکستان نے سندھ طاس معاہدے کی غیر قانونی معطلی کو اعلان جنگ قرار دیتے ہوئے بھارتی سفارتی عملے کو محدود کرنے کے ساتھ سکھ یاتریوں کے علاوہ تمام بھارتیوں کے ویزے منسوخ کر دیے تھے، جبکہ بھارت کے ساتھ ہر قسم کی تجارت منسوخ کرتے ہوئے بھارتی پروازوں کے لیے فضائی حدود بند کر دی تھی۔ بعد ازاں بھارت نے 6 اور 7 فروری کی درمیانی شب کوٹلی، بہاولپور، مریدکے، باغ اور مظفرآباد سمیت 6 مقامات پر میزائل حملے کیے جس کے نتیجے میں 26 شہری شہید اور 46 زخمی ہوئے تھے، جس کے جواب میں پاکستان فوری دفاعی کارروائی کرتے ہوئے 3 رافیل طیاروں سمیت 5 بھارتی جنگی طیارے مار گرائے تھے۔

بقیہ جات 10

ملکوں کو قائل کر لیا کہ آئیں امن قائم کریں اور آپس میں معاہدہ کریں۔ امریکی صدر نے کہا کہ یہ بہت اہم معاملہ تھا، ہم بھارت اور پاکستان کے درمیان ماحول کو ٹھنڈا کرنے کے لیے شامل ہوئے، مارکو روبیو، جے ڈی وینس نے اہم کردار ادا کیا، اس میں ٹیم کے دوسرے لوگ بھی شامل تھے، کیونکہ دونوں ملک بہت مضبوط نیوکلیئر طاقتیں ہیں، درحقیقت بہت ہی زبردست نیوکلیئر طاقت ہیں اور معاملہ بہت سنجیدہ ہوگیا تھا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ چاہے معمولی حد تک ہی کیوں نہ ہو، جوہری جنگ شروع ہو جاتی تو یہ واقعی کسی بہت بڑی تباہی کی شروعات ہو سکتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ صرف ایک یا دو حملوں میں بھی لاکھوں لوگ مارے جا سکتے تھے اور مجھے لگا کہ یہ وہ معاملہ ہے جس میں ہمیں شامل ہونا چاہیے، میں نے اچھا کام کیا، مارکو روبیو نے اچھا کام کیا اور جے ڈی وینس نے بھی اچھا کام کیا ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ ہم ایک طرح سے ایک ٹیم بن گئے تھے اور میرے خیال میں، ہم نے انہیں قائل کر لیا کہ آئیں امن قائم کریں اور آپس میں معاہدہ کریں۔

بقیہ جات 11

نمائندگی دی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب اسمبلی میں ویمن پارلیمنٹری کاکس کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ خواتین کا نقطہ نظر پیش کرنے کے لئے ویمن کاکس غیر معمولی طور پر مؤثر فورم ہے۔ اس فورم پر پیش کیے گئے خواتین کے مسائل کا حل خواتین کی مشترکہ کوشش سے تلاش کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ویمن کاکس کو مزید مضبوط اور با اختیار بنانا چاہتے ہیں تاکہ وہ معاشرتی اور قانونی مسائل کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کر سکے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ ویمن کاکس کے پلیٹ فارم سے دیگر صوبوں، خصوصاً سندھ اسمبلی اور آزاد کشمیر اسمبلی سے بھی رابطہ کیا جائے گا تاکہ بین الصوبائی سطح پر خواتین کے مسائل کے حل کے لیے مشترکہ حکمت عملی اپنائی جا سکے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے اس بات پر زور دیا کہ خواتین کو ہراساں کرنے کے واقعات قابل مذمت ہیں، ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے کاکس کو جنگی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا۔ دیہی علاقوں میں خواتین کو باوقار قانونی معاونت کی اشد ضرورت ہے۔ سپیکر ملک احمد خان نے کہا کہ اگر خواتین پر تشدد ہو رہا ہے یا ان کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے تو کاکس کو اس پر فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز خواتین کے مسائل پر خصوصی توجہ دے رہی ہیں۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ جب خواتین کی آواز مضبوط ہوگی تو ہی انہیں ان کے حقوق مل سکیں گے۔ انہوں نے تمام جماعتوں کے اس متفقہ فیصلے کا بھی حوالہ دیا کہ پارلیمنٹ میں خواتین کی نمائندگی میں کسی صورت کمی نہیں آنے دی جائے گی۔ اجلاس کے دوران اراکین اسمبلی مہوش سلطانہ، عشرت اشرف، ذکیہ شاہنواز، عظمیٰ کاردار اور سونیا عاشر نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

بقیہ جات 12

میں گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے شعبہ آوٹ ڈور او پی ڈی اور اندرون شہر 47 پل فلائی اوور کا افتتاح کریں گی جن کے متوقع دورہ کے حوالہ سے تیاریاں مکمل کر لی گئیں۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی آج جمعہ سرگودھا آمد متوقع پر گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے شعبہ آوٹ ڈور او پی ڈی اور اندرون شہر 47 پل تا قینچی موڑ فلائی اوور کا افتتاح کریں گیں جو اپنے متوقع دورہ میں اعلی سطح اجلاس اور ڈویژن بھر کے وزراء و اراکین اسمبلی سے ملاقات کریں گیں جن کے متوقع دورہ کے حوالہ سے تیاریاں مکمل کر لی گئیں۔

بقیہ جات 13

سے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے 12 مقدمات میں جیل میں تفتیش کی اجازت دے دی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج منظر علی گل نے محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی سے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے 12 مقدمات میں جیل میں تفتیش کی اجازت دے دی۔ پراسیکیوشن نے بانی پی ٹی آئی کا پولی گرافک ٹیسٹ اور فوٹو گرامیٹک ٹیسٹ کروانے کی درخواست دائر کی تھی جس پر عدالت نے پولیس کو بانی پی ٹی آئی کا پولی گرافک ٹیسٹ اور فوٹو گرامیٹک ٹیسٹ کروانے کی اجازت دیتے ہوئے پولیس سے 26 مئی کو رپورٹ طلب کر لی۔

بقیہ جات 14

کے سبب حسن نواز کی بینک کرپسی کی مدت ختم ہوئی۔ دیوالیہ پن کی مدت مکمل ہونے کے بعد اب حسن نواز دوبارہ کمپنی ڈائریکٹر بن کر معمول کے مطابق کاروبار کرنے کے اہل ہوگئے ہیں۔ سرکاری ریکارڈ کے مطابق حسن نواز کی بینک کرپسی کی مدت 29 اپریل 2025ء کو ختم ہوئی۔ واضح رہے کہ 2 ماہ قبل ایچ ایم آر سی نے حسن نواز کے دیوالیہ ہونے کی اطلاع دی تھی۔ حسن نواز نے تقریباً 10 ملین پاؤنڈ کا ٹیکس ادا نہ کرنے کے سبب دیوالیہ پن اختیار کیا تھا۔ انہوں نے یہ مو؟قف اختیار کیا تھا کہ تمام ٹیکسوں کی ادائیگی کے باوجود ایچ ایم آر سی نے ایک خاص مدت گزر جانے کے باوجود ٹیکس کا مطالبہ کیا۔ گزشتہ برس سرکاری گزٹ میں حسن نواز کے دیوالیہ ہونے کی تفصیلات شائع کی گئی تھیں۔ بینک کرپسی کی مدت ختم ہونے کے بعد قانونی طور پر قرضوں کی ادائیگی کی ضرورت نہیں رہتی اور قرض لینے والوں کو قرض کی واپسی سے روک دیا جاتا ہے۔

بقیہ جات 15

چیت 19 مئی سے شروع ہو کر 23 مئی تک جاری رہے گی۔ ذرائع کے مطابق اگلے مالی سال میں مجموعی آمدنی 200 کھرب روپے تک پہنچ سکتی ہے، قرضوں کی ادائیگی کے لیے اخراجات پر سخت کنٹرول ضروری ہے۔ آئی ایم ایف کی پیشگوئی ہے کہ اقتصادی ترقی 3.6 فیصد اور افراط زر 7.7 فیصد تک رہنے کا امکان ہے۔ اگلے سال کے لیے حکومت کی آمدنی کا ہدف 190 کھرب 900 ارب روپے مقرر کیا گیا ہے، ایف بی آر کی وصولیوں کے ساتھ زرعی آمدنی پر ٹیکس اہم کردار ادا کرے گا۔ اگلے سال اخراجات 260 کھرب 570 ارب روپے تک پہنچنے کا امکان ہے۔

بقیہ جات 16

وجہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چھ ججز کا خط ہے، جس کے بعد تمام جج نشانے پر آگئے، ایک جج کی ڈگری کا مسئلہ نکل آیا، دوسرے کا بیرون ملک رہائش کا کارڈ مل گیا، جسٹس نعیم اختر افغان نے کہا چھ ججز کے خط میں صدر، وزیر اعظم، وزارت قانون اور کسی جج کا ذکر نہیں کیا گیا، خط میں حساس اداروں کی مداخلت کا ذکر کیا گیا، ٹرانسفر کا عمل جن اداروں نے کیا ججز نے ان پر تو الزام لگایا ہی نہیں، کیا اداروں نے خط کے بعد سارا نظام ختم کر کے خود سنبھال لیا تھا؟ جسٹس شاہد بلال نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں ججز کا تبادلہ ماضی میں بھی ہوتا رہا ہے، کیا ماضی میں ٹرانسفر ہو کر آنے والے جج اسلام آباد ہائی کورٹ کا حلف لیتے رہے ہیں؟ منیر اے ملک نے موقف اختیار کیا کہ آرٹیکل 200 کے تحت اسلام آباد ہائی کورٹ میں اس سے پہلے کسی جج کا ٹرانسفر نہیں ہوا، جتنے بھی ججز ٹرانسفر ہو کر آئے وہ آرٹیکل 193 کے تحت آئے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے ایکٹ کے مطابق ججز مختلف صوبوں سے تعینات ہو سکتے ہیں، قانون میں تبادلوں کا نہیں بلکہ صوبوں سے تعیناتی کا ذکر ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا ججز ٹرانسفر کا اختیار آئین کے مطابق صدر کا ہے، جس کیلئے مشاورت لازمی ہے جو ہوئی، چیف جسٹس پاکستان، ہائیکورٹ کے چیف جسٹسز نے بھی رضامندی دی۔

بقیہ جات 17

سابق وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان نے ریڈ لائن کہہ دیا تھا کہ ہماری پالیسی ہے کووڈ، پرو، کو پلس۔ جو تم کرو گے ہم اس سے زیادہ کریں گے، بتایا ہوا تھا، کہ جی ہم نے ان پہ کیا، انہوں نے ہم پر کر دیا، پاکستان نے تو کہا تھا کہ اگر آپ کریں گے تو ہم جواب دیں گے، امریکی صدر ٹرمپ کے جو بیانات ہوئے ہیں اس سے تو سناٹا چھا گیا ہے دلی میں، دنیا اتنی بے وقوف نہیں کیونکہ اس کو پتہ ہے کہ جتنی جنگیں ہوئی ہیں وہ کشمیر پر ہوئی ہیں۔

بقیہ جات 18

کی جانب سے شام پر عائد پابندیاں اٹھانے کے کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے شام کی ترقی اور خوشحالی کی جانب ایک اہم اقدام قرار دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق وزارت خارجہ نے ایک بیان میں شامی عوام کی خواہشات کے حصول کے لیے اپنی بھرپور سپورٹ کا اعادہ کیا اور اس حوالے سے سعودی عرب کی کوششوں کو سراہا۔ بیان میں اس امید کا اظہار کیا گیا کہ امریکی اعلان سے اقتصادی بحالی اور تعمیر نو کے ساتھ شام میں استحکام لانے میں مدد ملے گی۔ وزارت نے شام کی سلامتی اور ترقی کے حصول کے لیے تمام کوششوں کی سپورٹ کیلئے متحدہ عرب امارات کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ جات 19

مئی کو یورپی فریقوں کے ساتھ اپنے جوہری معاہدے کے لیبر کیہ میں مذاکرات کرے گا۔ عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے کہا کہ 11 مئی کو منعقدہ ایران۔ امریکا مذاکرات کا چوتھا دور مشکل تھا کیونکہ ان کی توجہ افزودگی کے متنازعہ مسئلے پر تھی۔ انہوں نے مزید یہ امید ظاہر کی کہ ایران کا بنیادی مؤقف بہتر طور پر سمجھے کے بعد دوسرے فریق کا طرز عمل زیادہ حقیقت پسندانہ ہوگا۔

بقیہ جات 20

۔ پی ٹی آئی کی رہنما نادیہ خٹک، عالیہ حمزہ اور جاوید کوثر اپنے وکلاء کے ساتھ عدالت میں پیش ہوئے، عبوری ضمانت کی درخواست پر سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کی۔ نادیہ خٹک کے خلاف 2، جاوید کوثر کے خلاف 3 اور عالیہ حمزہ کے خلاف 2 مقدمات درج ہیں، ملزمان پر سڑک بلاک کرنے، ہنگامہ آرائی، توڑ پھوڑ اور کار سرکار میں مداخلت کے الزامات ہیں۔

بقیہ جات 21

محمد بن سلمان کے بیان کا خیر مقدم کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق خلیجی امریکی سربراہی اجلاس میں سعودی ولی عہد کا کہنا تھا کہ غزہ میں جنگ ختم ہونی چاہیے اور مسئلہ فلسطین کا مستقل اور جامع حل تلاش کیا جانا چاہیے۔ شہزادہ محمد نے مزید کہا کہ ہم غزہ میں جارحیت روکنے کے لیے امریکا کے تعاون سے کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ جات 22

کے مسئلے پر قطر نے امریکا کی بہت زیادہ مدد کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں امریکی صدر نے اعلان کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ قطر کی سفارتی کوششیں اس حوالے سے کامیاب ہوں گی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ امریکا اور قطر کے درمیان تجارتی اور دفاعی معاہدے طے پا گئے ہیں۔ امیر قطر نے اس موقع پر کہا کہ امریکا کے ساتھ قطر کے تعلقات ایک نئے مرحلے میں داخل ہو چکے ہیں اور یہ تاریخی دورہ ان تعلقات کو مزید تقویت دے گا۔

بقیہ جات 23

ہوگی، وہ نوٹ قابل قبول نہیں ہوگا۔ اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ پین کے استعمال سے نوٹوں کی خوبصورتی پہ اثر پڑتا ہے، یکم جولائی 2025 سے جس نوٹ پہ پین کی لکھائی موجود ہوئی وہ نوٹ قابل قبول نہیں ہوگا۔ مرکزی بینک کے اعلامئے سے ظاہر ہوتا ہے کہ پین کی لکھائی والے تمام نوٹوں کو 30 جون 2025ء تک اسٹیٹ بینک میں جمع کرایا جا سکتا ہے، جس کے بعد پین کی لکھائی والے نوٹ وصول نہیں کیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ اکثر و بیشتر دکاندار نوٹ گننے کے دوران کوئی بات چیت کرتے ہیں، تو جتنے نوٹ گنے ہوتے ہیں، وہ نمبر ہاتھ میں موجود پین سے نوٹ پر لکھ دیتے ہیں، تاکہ انہیں از سر نو نوٹ گننے نہ پڑیں۔ اس طرح مارکیٹ میں زیر گردش نوٹوں پر پین سے لکھی گئی تحاریر موجود ہوتی ہیں، جن سے کرنسی نوٹوں کی خوبصورتی متاثر ہوتی ہے۔

بقیہ جات 24

نیوز کے مطابق انہوں نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا سعودی عرب کا دورہ امریکہ اور مملکت کے درمیان سٹریٹجک شراکت داری کی گہرائی کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے امریکہ کے ساتھ دہائیوں پر محیط دفاعی اور سیکورٹی شراکت داری کا رشتہ مزید مضبوط ہوتا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ میں سعودی سرمایہ کاری مملکت کے قومی مفادات کو ترجیح دینے کے اصول کے تحت کی جاتی ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ سعودی عرب اور امریکہ کے درمیان مضبوط اور سٹریٹجک اقتصادی شراکت داری ہے، اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت میں اضافہ کرنے کا ہدف ہے۔ فیصل بن فرحان نے کہا کہ مملکت اور امریکہ غزہ میں جنگ کو روکنے کی ضرورت پر متفق ہیں۔ سعودی وزیر خارجہ نے شام پر عائد پابندیاں ہٹانے کے صدر ٹرمپ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ولی عہد، ٹرمپ، احمد الشرع اور طیب اردگان کے درمیان ملاقات نے شام کی حمایت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ فیصل بن فرحان نے کہا کہ سعودی عرب معیشت کی حمایت میں پیش پیش ہوگی۔

بقیہ جات 25

کرنے کا کہا گیا انہیں الشفا ہسپتال بھی شامل ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج کے ترجمان ادرائی نے ایکس پر ایک پوسٹ میں جنوبی الرمال کے علاقے میں موجود لوگوں کو علاقہ خالی کرنے کی ہدایت جاری کر دی۔ فوج نے ایک نقشے کے ساتھ جاری کردہ بیان میں کہا کہ حماس کی جانب سے شہری علاقوں کو دہشت گردانہ سرگرمیوں کے لیے استعمال کرنے کے پیش نظر اسرائیلی دفاعی فوج اس علاقے پر شدید حملہ کرے گی لہذا علاقہ فوری طور پر خالی کر دیں۔

بقیہ جات 26

پوری دنیا میں صرف اسرائیل ہی بھارت کا ساتھی ہے، ایک گریٹر اسرائیل دوسرا اکھنڈ بھارت کا خواب دیکھ رہا ہے۔ اسلام آباد اور دہلی کے درمیان مجوزہ مذاکرات میں مسئلہ کشمیر پر کشمیریوں کے حق خودارادیت کے علاوہ کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ کوئی کشمیر پر اصولی موقف سے ایک انچ بھی پیچھے ہٹا تو قوم اسے نشان عبرت بنا دے گی۔ جمعرات کے روز منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے جمعہ (کل) کو آزاد کشمیر اور لائن آف کنٹرول کے دورہ، سترہ مئی کو ایبٹ آباد، اٹھارہ کو چکدرہ اور پچیس مئی کو بنوں میں عظیم الشان دفاع پاکستان و یکجہتی غزہ مارچز کے انعقاد کا اعلان کیا۔ نائب امیر لیاقت بلوچ، سیکرٹری جنرل امیر العظیم، امیر پنجاب شمالی ڈاکٹر طارق سلیم اور سیکرٹری اطلاعات شکیل ترابی بھی پریس کانفرنس میں موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمٰن کا کہنا تھا کہ ایسے موقع پر جب قوم متحد ہے حکومت ایسے اقدامات اٹھائے جو قومی یکجہتی کو برقرار رکھنے کے لیے سود مند ہوں۔ عوام کو بجٹ میں عمومی سہولت اور تنخواہ دار طبقہ کو ایک لاکھ بیس ہزار تک تنخواہ پر ٹیکس میں مکمل چھوٹ دی جائے، بڑے جاگیرداروں پر ٹیکس لگایا جائے، بیج اور کھاد وغیرہ کی قیمتیں کم کر کے چھوٹے کسانوں کو سہولتیں دی جائیں۔ پنجاب حکومت ٹریکٹروں کی تقسیم کے نمائشی اقدامات کی بجائے زراعت اور کسان دوست پالیسیاں تشکیل دے۔ انہوں نے خیبر پختونخوا و بلوچستان میں قیام امن کے لیے کوششیں تیز کرنے اور لاپتہ افراد کے مسئلہ کو فوری حل کرنے کے بھی مطالبات کیے۔ امیر جماعت نے کہا کہ نواز شریف کو حالیہ جنگ میں خاموشی اختیار کرنے پر جواب دینا پڑے گا۔

بقیہ جات 27

کے کرپشن کیس میں ملوث ملزمان کے گھروں پر چھاپے مارے ہیں۔ بارہ اہم ملزمان سے ایک ارب اسٹھ کروڑ روپے کی خطیر رقم برآمد کر لی گئی ہے، جس میں پاکستانی کرنسی، امریکی ڈالر اور سونا شامل ہے۔ ذرائع کے مطابق کارروائی گرفتار کلرک کے انکشافات پر عمل میں لائی گئی، جس نے دوران تفتیش اہم راز فاش کیے۔ یہ کرپشن مبینہ طور پر سی اینڈ ڈبلیو (کمیونیکیشن اینڈ ورکس) کے تعمیراتی منصوبوں میں کی گئی۔ ہری پور میں واقع ایک گولڈ لیب کے مالک عمران کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے، جہاں سے ساڑھے تین کروڑ روپے مالیت کا سونا برآمد کیا گیا۔ مزید تحقیقات کے دوران تین دیگر افراد کے گھروں سے بھی تین کلوگرام سونا برآمد ہوا ہے۔ نیب حکام کا کہنا ہے کہ ابتدائی طور پر بارہ ملزمان کی شناخت ہو چکی ہے تاہم ان کے نام فی الحال خفیہ رکھے جا رہے ہیں۔ اب تک پچاس سے زائد افراد سے تفتیش کی جا چکی ہے اور تحقیقات کا دائرہ کار مزید وسیع کیا جا رہا ہے۔

بقیہ جات 28

حق ادا کیا ہے۔ میں دل کی گہرائیوں سے چین کے صدر کو سلام پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آرمی چیف عوام کی خواہشات کی تکمیل کے لیے بانی پی ٹی آئی کو رہا کریں۔ پی ٹی آئی کے بے گناہ قیدیوں کو رہا کیا جائے۔ اپنے لیڈر کی رہائی تک چین سے نہیں بیٹھوں گا۔ قبل ازیں اعظم سواتی کی جانب سے دائر توہین عدالت کی درخواست پر سماعت پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس سید ارشد علی اور جسٹس محمد فہیم ولی نے کی، جس میں ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے بتایا کہ عدالت کے حکم پر عملدرآمد ہو گیا ہے۔ بعد ازاں عدالت نے حکم پر عملدرآمد کی رپورٹ کے بعد کیس نمٹا دیا۔

بقیہ جات 29

بنیادی نرخوں سے متعلق تفصیلات پیش کرتے ہوئے بتایا کہ مارچ 2024 میں بجلی کا بنیادی ٹیرف 53 روپے 4 پیسے فی یونٹ تھا، تاہم اپریل 2025 میں یہ کم ہو کر 38 روپے 67 پیسے فی یونٹ ہو گیا۔ پاور ڈویژن کے مطابق یہ اوسط قیمت بجلی کے بنیادی نرخ میں شامل تمام ٹیکسز، فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ (ایف سی اے) اور ڈیوٹیز کو ملا کر بنائی گئی ہے۔ اجلاس میں ارکان کو آگاہ کیا گیا کہ حکومتی اقدامات اور بجلی کے نرخوں میں بہتری سے عوام کو کچھ ریلیف ملا ہے، تاہم اصل بوجھ صارفین پر ٹیکسز اور دیگر چارجز کی صورت میں برقرار ہے۔ ارکان اسمبلی نے بجلی کی قیمتوں میں شفافیت، عوامی ریلیف اور بجلی کی تقسیم میں بہتری کا مطالبہ کیا۔

بقیہ جات 30

آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ میں واضح طور پر کہتا ہوں کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ کسی بھی قسم کی کوئی ڈیل نہیں ہوئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی باتوں کو بھی باہر شیئر نہیں کیا، اور ہمیشہ ان کی امانت کو محفوظ رکھا۔ بیرسٹر گوہر نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بانی کے اہل خانہ بھی حالات سے مکمل طور پر باخبر ہیں اور ان کے بچوں نے بھی واضح طور پر کہہ دیا ہے کہ کوئی ڈیل نہیں کی گئی۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے اس موقع پر سیاسی ماحول میں کشیدگی کے خاتمے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سیاسی معاملات کا حل صرف اور صرف مذاکرات سے ہی ممکن ہے، اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو اس سمت میں سنجیدگی سے سوچنا ہوگا۔ بیرسٹر گوہر نے میڈیا سے گفتگو کے دوران بار بار اس بات پر زور دیا کہ پارٹی بانی کی پوزیشن بالکل واضح ہے اور پارٹی کی قیادت ان کی ہدایت کے مطابق ہی تمام امور چلا رہی ہے۔

بقیہ جات 31

ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی کے کاروبار میں ملوث بین الاقوامی نیٹ ورک کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے تین اہم ملزمان کو گرفتار کر لیا، جن کے قبضے سے کروڑوں روپے مالیت کی ملکی و غیر ملکی کرنسی برآمد کر لی گئی ہے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق یہ کارروائی لاہور کی ریس کورس روڈ پر کی گئی جہاں بین الاقوامی حوالہ ہنڈی نیٹ ورک سے منسلک تین افراد محمد محسن، مبین رشید اور زاہد کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان دبئی سے چلائے جانے والے حوالہ ہنڈی نیٹ ورک کا حصہ تھے اور غیر قانونی طریقے سے رقوم کی ترسیل میں ملوث تھے۔ کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے 1 کروڑ 23 لاکھ 80 ہزار پاکستانی روپے، 20,110 برطانوی پاؤنڈ، 457 سعودی ریال اور 167 امریکی ڈالر برآمد کیے گئے۔ علاوہ ازیں، چیک بکس، ربر اسٹیمپس، رسیدیں اور موبائل فونز بھی قبضے میں لے لیے گئے ہیں۔ ایف آئی اے حکام کا کہنا ہے کہ ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے بھی مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں اور بہت جلد پورے نیٹ ورک کو بے نقاب کر دیا جائے گا۔

بقیہ جات 32

آغاز پر سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال نظر آیا، جس کے باعث مارکیٹ میں زبردست تیزی دیکھی گئی۔ کاروباری دن کے آغاز پر ہی 100 انڈیکس میں 600 پوائنٹس سے زائد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس کے بعد انڈیکس 1 لاکھ 19 ہزار 100 پوائنٹس کی سطح تک جا پہنچا۔

بقیہ جات 33

OSD کی منظوری پہلے ان کے والد محمد رضا کے لیے دی گئی تھی، مگر وہ بھی 19 دسمبر 2023 کو وفات پا گئے۔ چونکہ تہذیب فاطمہ غیر شادی شدہ ہیں، اس لیے وہ والدین کی واحد وارث ہیں۔ محتسب پنجاب کے حکم پر نہ صرف ان کی والدہ کے تمام بقایاجات ادا کیے گئے بلکہ OSD پر ان کی تعیناتی کا عمل بھی مکمل کیا گیا۔ اس کے علاوہ دفتر محتسب پنجاب نے قواعد 17-A کے تحت دائر کی گئی دیگر شکایات پر بھی مؤثر کارروائی کرتے ہوئے 11 سائلین کو سرکاری ملازمتیں فراہم کر دیں۔ یہ تمام افراد ایک طویل عرصے سے اپنے جائز حق سے محروم تھے، لیکن محتسب پنجاب کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے متعلقہ اداروں نے تقرریوں کا عمل مکمل کیا۔ اسی نوعیت کے مزید 3 کیسز میں سائلین کو OSD پوسٹس کے ذریعے ان کے 25 لاکھ 33 ہزار روپے کے زیر التوامالی واجبات ادا کیے گئے۔ متاثرہ افراد نے بروقت انصاف کی فراہمی پر محتسب پنجاب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ جات 34

کے چارٹر کے منافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے سے دستبرداری کا فیصلہ بھی بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ ڈاکٹر محمد فیصل نے ارکان کو بتایا کہ پاکستان کی قومی سلامتی کمیٹی نے واضح کر دیا ہے کہ پانی کی بندش کو جنگی اقدام تصور کیا جائے گا، انہوں نے زور دیا کہ بھارت کے جارحانہ اور شدت پسندانہ عزائم خطے میں امن و استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ ڈاکٹر محمد فیصل نے برطانیہ اور دیگر دوست ممالک کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے صورتحال کی تخفیف میں مثبت کردار ادا کیا۔ ڈاکٹر فیصل نے واضح کیا کہ پاکستان بین الاقوامی شراکت داروں کی ثالثی سے ہونے والے جنگ بندی اور کشیدگی میں کمی کے انتظام پر کاربند ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تنازع کی بنیادی وجہ جموں و کشمیر کا مسئلہ ہے، جسے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل کیا جانا چاہیے۔ واضح رہے کہ اجلاس کی صدارت یاسمین قریشی ایم پی نے کی جبکہ اس موقع پر لارڈ قربان حسین، عمران حسین ایم پی، محمد یاسین ایم پی، بیرونس مبارک، افضل خان ایم پی، ڈاکٹر زبیر احمد ایم پی، ڈاکٹر روزینہ علی خان ایم پی، محمد یاسین ایم پی، طاہر علی ایم پی اور دیگر پارلیمنٹرین بھی موجود تھے۔

بقیہ جات 35

اندرون پنجاب اسمگل کرنا چاہتے تھے لیکن دونوں ملزمان کو گرفتار کر کے قانونی کارروائی کے بعد روات پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ انسپکٹر جہانگیر خان کا کہنا تھا کہ ملزمان کے خلاف منشیات و منشیات اسمگلنگ ایکٹ کی تحت مقدمہ درج کرا لیا گیا۔ منشیات اسمگلنگ کی روک اور منشیات جیسے ناسور کے خاتمے کے لیے چیکنگ کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ جات 36

یونگ اور دیگر دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

بقیہ جات 37

سال کے وفاقی ترقیاتی بجٹ اور سالانہ معاشی پلان کا جائزہ لیا جائے گا۔ اجلاس میں نئے مالی سال کے معاشی شرح نمو کے ہدف کا جائزہ لیا جائے گا اور نئے مالی سال کے لیے زرعی، صنعتی اور خدمات شعبوں کے اہداف کا تعین کیا جائے گا۔ نیشنل اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں آئندہ مالی سال کے لیے مہنگائی کا ہدف بھی تجویز کیا جائے گا، اے پی سی سی کی سفارشات منظوری کے لیے قومی اقتصادی کونسل میں پیش کی جائیں گی۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس 29 یا 30 مئی کو ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ جات 38

پاکستانیوں کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ افواج پاکستان کا ملک کے دفاع، بھارت کے خلاف جوابی کارروائی اور جنگ بندی کی خوشی میں بری (Bury) مانچسٹر میں 'جشن فتح' منایا گیا، اس تقریب کا اہتمام معروف بزنس مین ایزی ای منی کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر لیاقت اور عرفان ملک نے کیا۔ جشن فتح کی تقریب کے اہم شرکا میں پاکستان قونصلیٹ مانچسٹر کے قونصل جنرل طارق وزیر خان، ممبر پارلیمنٹ افضل خان، یاسمین ڈار، شاہینہ ہارون، ثمینہ خان، مسرت چودھری، مقبول ملک، رانا ضیا ایڈووکیٹ سمیت دیگر شامل تھے۔ قونصلیٹ جنرل مانچسٹر طارق وزیر نے کہا کہ تارکین پاکستان امن پسند ہیں حالیہ کشیدگی میں ہر پاکستانی نے مؤثر کردار ادا کیا۔ برطانیہ میں رہنے والا ہر پاکستانی ہمارا فوجی اور سفیر ہے۔ ہمیں متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ تقریب سے خطاب میں ڈاکٹر لیاقت نے کہا کہ تمام پاکستانیوں کو مبارک باد ہو کہ افواج پاکستان نے دشمن کو شکست دی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کو مبارک ہو کہ انہوں نے بہت جرات کا مظاہرہ کیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہم عہد کرتے ہیں کہ تمام بھارتی فنکاروں کی ویڈیو ختم کر دیں گے، ہم بھارت کی فلمیں نہیں دیکھیں گے، ان کے گانے نہیں سنیں گے، اقوام متحدہ کی قرار دادوں کے مطابق کشمیر میں استصواب رائے ہونا چاہیے۔

بقیہ جات 39

، سیکرٹری اطلاعات محمد جاوید اقبال کھوکھر، عبدالباسط خان ہیڈ اف یوتھ، سید رضوان احمد، چوہدری محمد سعید، چوہدری شاہد مقصود، محسن وارثی، چوہدری طارق جاوید آفتاب سمیت بڑی تعداد میں مرکزی عہدہ داران اور ورکروں نے شرکت کی، تقریب میں چوہدری پرویز علی نے پاکستان کی حالیہ بھارت کے خلاف شاندار عسکری اور سفارتی فتح پر خوشی اور فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم اپنی افواج کی قربانیوں اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر ناز کرتی ہے، چوہدری فیصل منظور نے کہا کہ بھارت نے ایک مرتبہ پھر جھوٹ اور فریب سے پاکستان پر الزام تراشی کی کوشش کی، لیکن افواج پاکستان نے نہ صرف دشمن کی سازشوں کو ناکام بنایا بلکہ دنیا کو ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا کہ پاکستان امن کا داعی ہے مگر اپنی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، سیکرٹری اطلاعات محمد جاوید اقبال کھوکھر نے پاک فضائیہ کے جانبازوں خاص طور پر پائلٹ کامران فسیح کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جس دلیری سے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا، وہ پاکستان کی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائیگا، انہوں نے اوورسیز پاکستانیوں کے کردار کو بھی سراہا کہ انہوں نے مشکل وقت میں اپنی دعاؤں، سوشل میڈیا، مظاہروں، اور بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر پاکستان کا مؤقف مضبوطی سے پیش کیا۔

بقیہ جات 40

کرتے ہیں کہ شام پر سے اقتصادی پابندیاں اٹھائی جائیں۔ یہ اقدام ریاض سے کیا گیا اور ہم اس فیصلے کو ایک مثبت اور جرات مندانہ قدم سمجھتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سعودی عرب شام کی معیشت کو سہارا دینے میں سب سے آگے ہوگا اور یہ وعدہ اس اہم ملاقات میں سامنے آیا جس میں سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، امریکی صدر ٹرمپ، شامی صدر احمد الشرع اور ترک صدر رجب طیب اردوآن شریک ہوئے۔ فیصل بن فرحان نے پابندیوں کے خاتمے کو ایک اہم موڑ قرار دیا اور امید ظاہر کی کہ یورپی ممالک بھی جلد دمشق پر عائد پابندیاں ختم کریں گے تاکہ شام ترقی کی نئی راہوں پر گامزن ہو سکے۔

بقیہ جات 41

شعبہ میں اچھا کردار ادا کیا اور پاکستان کا نام روشن کیا۔ ملاقات کے دوران اعادہ کیا گیا کہ ہم سب ملکر پاکستان کی بہتری اور تعمیر و ترقی کیلئے کام کریں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے اور اقلیتوں کی عبادت گاہیں مکمل محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے جہاں اقلیتوں سمیت ملک میں بسنے والے تمام افراد مل جل کر بہن بھائیوں کی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں۔

بقیہ جات 42

ہے، جسے جلد ہی پورا کر لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ کے بعد اگست میں نئے سکول ٹیچر انٹرن رکھیں گے، جن کی بھرتی سے اساتذہ کی مذکورہ قلت پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ سیکرٹری سکولز ایجوکیشن کا کہنا ہے کہ موجودہ سکولز انٹرن کی معیاد تیس مئی کو ختم ہو جائے گی۔ جس کے بعد نئے سکول ٹیچر انٹرن بھرتی کرنے کا پلان تیار کر لیا ہے۔

بقیہ جات 43

دیں۔ اگر اسرائیل فلسطین کو صفحۂ ہستی سے مٹانے میں کامیاب ہو گیا، تو قیامت کے روز تمام مسلم حکمران مجرموں کی صف میں کھڑے ہوں گے۔ سعودی حکام کو چاہیے کہ وہ امریکی صدر کے ساتھ تعلقات میں ایسی کوئی حرکت نہ کریں جس سے مسلمانوں کے دلوں میں اہل سعود کا احترام ختم ہو جائے، اور تمام مسلمان ان سے نفرت کا اظہار کرنے لگیں۔ اسرائیل اور امریکہ، دونوں کے ہاتھ فلسطینیوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں۔ یہ دونوں ممالک دنیا کے سب سے بڑے دہشت گرد ہیں، اور ہر باشعور مسلمان ان سے نفرت کرتا ہے۔

بقیہ جات 44

استعمال کریں گے تاکہ جنگ کا خاتمہ ہو سکے۔ وزبرگ نے کہا کہ ہمارے دروازے اسرائیل کے لیے کھلے ہیں اور ہم انھیں اپنی گزارشات سے متعلق واضح پیغامات بھیجتے رہتے ہیں۔ ترجمان اس بات پر زور دیا کہ ہماری ترجیح ہمیشہ ہمارے قومی مفادات ہوتے ہیں، خواہ وہ اسرائیل کے ساتھ تعلقات ہی کیوں نہ ہوں۔

بقیہ جات 45

پرچے 31 مئی کو ہوں گے۔ میٹرک کے 7 مئی کو ملتوی کیا گیا پریکٹیکل 27 مئی کو ہوگا، 7 مئی کو کیمسٹری اور فوڈ نیوٹریشن ٹیلرنگ پریکٹیکل ملتوی ہوئے۔ اسی طرح، 9 مئی کا ملتوی میٹرک پریکٹیکل 29 مئی کو ہوگا۔ ایجوکیشن بورڈ نے باقاعدہ سرکلر جاری کر دیا ہے، امتحانی سینٹرز وہی ہوں گے تاہم رول نمبر سلپس نئی جاری کی گئی ہیں۔

بقیہ جات 46

میں انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کو فوری طور پر اپنی اسٹیبلائزیشن حکمت عملی واضح کرنی چاہیے، اگر وہ ترسیلات کو جذب کرنے کا فیصلہ کرتا ہے مگر اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی اضافی لیکویڈیٹی کو واپس نہیں کھینچتا تو یہ فیصلہ مکمل ہوش مندی اور مؤثر افراط زر کنٹرول منصوبے کے ساتھ ہونا چاہیے۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو اسٹیٹ بینک شاید ایک بار پھر مہینوں بعد شرح سود میں بھاری اضافہ کر کے افراط زر کے سایوں کو پکڑنے کی کوشش کر رہا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اداروں خصوصاً ایف بی آر میں اصلاحات کی ذمہ داری نجی شعبے کو سونپی جائے اور اس کے لئے غیر ملکی کمپنیوں کی معاونت حاصل کرنا پڑے تو اس سے بھی دریغ نہیں کیا جانا چاہیے۔

بقیہ جات 47

کی ہلاکت پر افسوس کا اظہار کیا

بقیہ جات 48

تعالیٰ راضی رہے، صدقہ اور خیرات کے ذریعے غریب اور مستحق نادار افراد کی مدد کرنا ہمارا مذہبی اور معاشرتی فریضہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انسانیت کی خدمت عظیم عبادت ہے۔ اللہ نے انسانوں پر اپنے حقوق کے ساتھ حقوق العباد کی ادائیگی کو فرض قرار دیا ہے وہی انسان اللہ کا حقیقی بندہ ہے، جس کے دل میں انسانیت کا درد ہے اور انسانیت کے کام آتا ہے یہی انسانیت کی تخلیق کا بھی مقصد تھا۔

بقیہ جات 49

جواں سالہ بیٹی کمرے سے نکلی تو اس پر بھی فائرنگ کر دی۔ زخمی کرن کو ریسکیو 1122 نے طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس نے مقتولہ کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ جات 50

تعلیم خالد نذیر وٹو نے بھی ڈپٹی کمشنر ننکانہ محمد تسلیم اختر راو اور سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو کی زیر سرپرستی، ڈی ای او ایلیمنٹری ننکانہ، فوکل پرسن انرولمنٹ محمد خالد محمود کو تعلیمی کامیابی پر مبارکباد دی ہے، ڈپٹی کمشنر ننکانہ محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ اس کامیابی کا سہرا تعلیمی ٹیم کے اجتماعی کوششوں اور والدین کے اعتماد کو جاتا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر میں تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے اور تمام بچوں کو سکول تک رسائی دلوانے کیلئے مہم جاری رہے گی، داخلہ مہم کی شاندار کامیابی پر فوکل پرسن انرولمنٹ محمد خالد محمود نے ضلع کے ڈی ای اوز، ڈپٹی ڈی ای اوز، اے ای اوز اور تعلیمی اداروں کے ہیڈز کو مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ داخلہ مہم کے حوالے سے ننکانہ صاحب پہلے پوزیشن حاصل کرے گا اور نئے داخلہ کا ٹارگٹ 100 فیصد پورا کر کے مزید بھی داخلہ کیا جائیگا

بقیہ جات 51

ظلم کے خلاف ڈٹے رہے جب انہیں تختہ دار کے سامنے کھڑا کیا گیا۔ ان کے الفاظ اور عمل آج بھی کروڑوں مسلمانوں کے دلوں میں زندہ ہیں۔ ان کی قربانیوں نے نہ صرف جماعت اسلامی بلکہ پورے مسلم امہ کو یہ پیغام دیا کہ حق کی راہ میں دی گئی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جاتیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنوبی لاہور کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں نائب امیر جماعت اسلامی لاہور ملک شاہد اسلم، امیر جماعت اسلامی جنوبی لاہور مرزا عبدالرشید، سیکرٹری جنوبی، امراء و سیکرٹریز زونز نے شرکت کی۔

بقیہ جات 52

پر دستخط کیے اس ایم او یو کا مقصد علمی تحقیق، پالیسی مکالمے اور علم کے تبادلے کے شعبوں میں تعاون کو مضبوط بنانا ہے جس سے دونوں اداروں نے پینل مباحثوں، سیمینارز، ورکشاپس، اور مشترکہ تحقیقی سرگرمیوں کے انعقاد پر تعاون کرنے پر اتفاق کیا ہے ایم او یو کے تحت طلباء اور فیکلٹی اور تھنک ٹینکس اور اسکالرز کے ساتھ مل کر پالیسی سازی کے عمل اور دنیا کے معاشی چیلنجوں سے متعلق کام کریں گے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کلثوم پراچہ نے کہا کہ ویمن یونیورسٹی کی ترقی کرتی ہوئی یونیورسٹی ہے جہاں جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ریسرچ ورک ہو رہا ہے یہ ایم او یو ریسرچ کے میدان میں نئی راہ کھولے گا دونوں ادارے ملکر ریسرچ اور نئی پالیسوں کو منظر عام پر لائیں گے جو ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں گے ایسی شراکتیں تحقیقی صلاحیتوں کو بڑھانے، جامع ترقی کو فروغ دینے اور نوجوان ماہرین اقتصادیات کے درمیان تفتیش کے کلچر کو فروغ دینے کے لیے بہت ضروری ہیں سی ای او عرفان خان نے کہا کہ ملک میں اپنی نوعیت کی پہلی اور سب سے بڑی تنظیم کے طور پر، پاکستان اکنامکس فرنٹیئر دانشوروں، محققین اور اداروں کو اکٹھا کرنے کے لیے معاشی سوچ اور عمل کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ یہ مفاہمت نامہ علمی فضیلت، اختراع اور پائیدار ترقی کے لیے باہمی وابستگی کی عکاسی کرتا ہے، اور امید کی جاتی ہے کہ مستقبل قریب میں متعدد مو؟ثر مشترکہ اقدامات کی راہ ہموار کرے گی شعبہ اکنامکس کی چیئرپرسن ڈاکٹر حنا علی نے کہا کہ تعلیمی ترقی کو فروغ دینے میں ادارہ جاتی روابط کی اہمیت روز بروز بڑھ رہی ہے جو اداروں کی ترقی کے ساتھ ساتھ ملک کی ترقی کیلئے بھی ضروری ہے۔

بقیہ جات 53

حکومت کی اولین ترجیح قرار دے چکی ہیں۔ مینارٹی کارڈز پروگرام نہ صرف مالی معاونت فراہم کرتا ہے بلکہ معاشرے میں اقلیتوں کی شمولیت اور فلاح کی علامت بھی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر مینارٹی کارڈز کی تعداد 50 ہزار سے بڑھا کر جلد 75 ہزار کرنے جا رہے ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق خاندانوں کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ اقلیتی امور کا محکمہ پی آئی ٹی بی کے ساتھ مل کر ایک جامع ڈیجیٹل ایپ تیار کرے گا جس میں مذہبی اقلیتوں کا مکمل ڈیٹا موجود ہوگا، تاکہ اسکروٹنی اور ریکارڈ کی درستگی میں بہتری لائی جا سکے۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور نے متعلقہ ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ آئندہ پانچ روز کے اندر اپنے اضلاع کے مینارٹی کارڈز کے حقداروں تک کارڈز کی فراہمی یقینی بنائیں، بصورت دیگر لاپرواہی برتنے والے مستحق افراد کے کارڈز منسوخ کر دیے جائیں گے۔

بقیہ جات 54

نمٹنے کیلئے ملاقاتوں کا سلسلہ قائم رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگ کے بعد معاشی دباؤ کے خدشات کے پیش نظر تمام سیاسی جماعتیں اپنا اپنا سیاسی کردار بخوبی انجام دینے کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں تمام سیاسی جماعتوں کا ایک پیج پر اکٹھے ہونا قوم کی جانب سے دشمن کو بہترین اور مضبوط پیغام تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگلے ماہ پیش کئے جانے والے بجٹ کے حوالے سے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کے لئے بھی امور زیر غور ہیں جس پر تمام جماعتیں مشاورت کر رہی ہیں۔ ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے ایم پی اے شعیب صدیقی کا کہنا تھا کہ پاک بھارت جنگ میں پاکستان کے دانشمندانہ رویے اور خطے کے لئے امن قائم کرنے کے حوالے سے کردار سے پوری دنیا میں وطن عزیز کا وقار بلند ہوا ہے۔

بقیہ جات 55

پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے، واقعے کی وجوہات تاحال سامنے نہیں آ سکیں، پولیس کی جانب سے شناخت اور ممکنہ ورثاء کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ جات 56

پڑ گئے۔ دوسری جانب کراچی میں پانی کی قلت، ہائیڈرنٹ اور ٹینکر آپریٹر کے خلاف تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ ایم ڈی واٹر بورڈ نے واٹر ٹینکر کی زائد قیمت لینے اور معاہدے کی خلاف ورزی پر انکوائری کے احکامات جاری کرتے ہوئے 3 رکنی تحقیقاتی کمیٹی قائم کر دی ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ کمیٹی 10 دن میں رپورٹ تیار کرے گی جس میں پانی کی قلت کی وجوہات، ثبوت اور سفارشات شامل ہوں گی۔

بقیہ جات 57

کو گرفتار کیا گیا۔ زخمی ملزمان کو عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ان کی شناخت محمد عظیم اور جاوید کے نام سے ہوئی، جبکہ تیسرے ملزم نے اپنا نام بلال احمد بتایا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے دو پستولیں، آٹھ چھینے گئے موبائل فون اور ایک موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ تمام گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے اور ان کے کریمنل ریکارڈ کی بھی جانچ کی جا رہی ہے۔

بقیہ جات 58

وصول کی جا رہی ہیں۔ شہر کے مختلف مقامات پر برائلر گوشت 680 سے 700 روپے کلو فروخت کیا جا رہا ہے۔

بقیہ جات 59

جاری کیا گیا ہے۔ انہیں جاری کردہ شوکاز میں بھی تقریبات کے انعقاد کی اجازت دینے کو بھی عدالتی حکم عدولی قرار دیا گیا ہے۔ شوکاز کا جواب نہ دینے کی صورت میں متعلقہ افسران کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ جات 60

منصوبے کی لاگت کا تخمینہ لگائے گی جس کی اصل لاگت میں 13 کھرب روپے کا بھاری اضافہ ہوا جس سے سستی پن بجلی کے بجائے فی یونٹ قیمت 8.79 کو چھو رہی ہے۔ سنٹرل ڈیولپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے منصوبے کی لاگت میں غیر معمولی اضافے کی تیسری پارٹی سے توثیق کرانے کی ہدایت کی تھی۔

بقیہ جات 61

کے درمیان نومبر 2024 میں طے پانے والے جنگ بندی معاہدے کے بعد پہلا ایسا حملہ ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یونیفیل کو اسرائیلی فوج کے حالیہ معاندانہ رویے پر شدید تشویش ہے۔ مزید کہا گیا کہ یہ حملہ جنوبی لبنان کے علاقے کفر شعبا کے قریب واقع یونیفیل کی ایک چوکی کے آس پاس کیا گیا، جو کہ بلیو لائن کے قریب واقع ہے۔ یہ واقعہ یونیفیل کے عملے اور ان کے املاک کو براہ راست خطرے میں ڈالنے کے مترادف ہے۔

بقیہ جات 62

منیر احمد کے نام سے کی گئی ہے۔ حادثے کے بعد ٹریلر کا ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا، تاہم پولیس نے ٹریلر کو قبضے میں لے کر تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ ایس ایچ او ریاض نیازی کا کہنا ہے کہ کلفٹن حادثے کے بعد فرار ہونے والے ڈرائیور کا سراغ لگا لیا ہے، جلد گرفتار کر لیں گے۔

بقیہ جات 63

افراد جاں بحق ہوئے۔ انہوں نے فلسطینی علاقے میں انسانی صورت حال کو بہت زیادہ ڈرامائی اور غیر منصفانہ قرار دیا۔ میلونی نے اطالوی پارلیمنٹ کے ایوان زیریں میں سوال و جواب کے دوران اجلاس کو بتایا، گذشتہ مہینوں کے دوران میں نے کئی مواقع پر وزیر اعظم) نیتن (نیتن یاہو سے بات کی ہے اور اکثر یہ مشکل رہی ہے۔

بقیہ جات 64

جے یو آئی ڈمپر حادثے میں شہداء کے لواحقین کو انصاف دلانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گی اور اپنا کردار ادا کرے گی۔ شالیمار ڈمپر حادثے کے شہداء، زخمی طلبہ، اساتذہ اور رکشہ ڈرائیورز کو فوری انصاف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بڑی گاڑیوں کے لیے صبح سویرے، اسکول اور دفتر کے اوقات میں شہر کی حدود میں داخلے پر پابندی عائد کی جائے۔ شہر میں روز بروز بڑھتے ہوئے حادثات ٹریفک پولیس کی کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہیں ٹریفک پولیس شہریوں کے چالانوں سے فرصت نکال کر اپنی ڈیوٹی پر بھی توجہ دے، تاکہ شہر میں حادثات کے واقعات رونما نہ ہوں۔

بقیہ جات 65

صدر نے کہا کہ ہماری خوشی صرف پابندیاں ختم ہونے تک نہیں بلکہ عرب اقوام کے اتحاد اور ان کے ہمارے ساتھ کھڑے ہونے پر بھی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ شام نے اپنی جدید تاریخ میں ایک الم ناک مرحلہ گزارا ہے، جو اس نظام کے تحت تھا جس کا سقوط ہوا۔ احمد الشرع نے کہا کہ گزشتہ چھ ماہ کے دوران ہم نے اس تلخ حقیقت کا علاج کرنے کے لیے ترجیحات مقرر کیں جس کا شام شکار تھا ... ہم بند دروازے کھولنے میں کامیاب ہوئے اور عرب و مغربی ممالک کے ساتھ اسٹریٹیجک تعلقات کے لیے راستے ہموار کیے۔ ان کا کہنا تھا ہم سرمایہ کاری کے ماحول کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہیں، اور ہم تمام سرمایہ کاروں کو خوش آمدید کہتے ہیں کہ وہ دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔

بقیہ جات 66

سال تقریباً (مردہ) احسن ولد محمد شفیق عمر 27 سال۔ رہائشی چک نمبر 66 جے بی دھاندرا، محمد ارشد ولد اصغر علی عمر 55 سال رہائشی چک نمبر 66 جے بی دھاندرا۔ تیز رفتار رکشہ جس میں سواریاں موجود تھیں ایک ٹرالے میں ٹکرایا جس سے رکشہ سوار شدید زخمی ہوئے۔ زخمی افراد کو ریسکیو ٹیم نے طبی امداد دیتے ہوئے الائیڈ ہسپتال منتقل کر دیا۔

بقیہ جات 67

دین اسلام قبول کر لیا جس کو ماڈل مدرسہ کمپنی باغ میں مرکزی اتحاد العلماء کے ضلعی صدر مولانا قاضی نگاہ مصطفیٰ چشتی نے کلمہ طیبہ پڑھا کر دین اسلام میں داخل کیا اور اس کا اسلامی نام زینب فاطمہ تجویز کیا اس موقع پر اہل اسلام نے نومسلم خاتون کو خوش آمدید کہا اور اسے اسلام سے محبت اور اللہ تعالیٰ کے احکامات پر قرآن مقدس کی تعلیم کی دعوت دی جسے اس نے قبول کرتے ہوئے کہا کہ کلمہ طیبہ پڑھنے سے جو ذہنی سکون اور دلی اطمینان نصیب ہوا وہ اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت ہے انہوں نے خدمت دین کے لئے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ اس موقع پر ایمان کی استقامت کیلئے دعا کی گئی۔

بقیہ جات 68

شدید نوعیت کا تھا اور نوجوان کو موقع پر ہی جان سے ہاتھ دھونا پڑا۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں، جبکہ اہل علاقہ اس المناک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کر رہے ہیں۔

بقیہ جات 69

سے ملاقات کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد کے برآمد کنندگان اضافی اخراجات کے بغیر روانڈا سے دوسرے افریقی ملکوں کو بھی برآمد کر سکتے ہیں جبکہ روانڈا ہائی کمیشن اس سلسلہ میں ان کو ہر ممکن سہولتیں مہیا کرے گا۔ فیصل آباد چیمبر کے صدر ریحان نسیم بھراڑہ نے کہا کہ پاکستان کو غیر روایتی منڈیوں کی تلاش کے سلسلہ میں افریقی ممالک کے درآمدی پوٹینشل سے فائدہ اٹھانے کیلئے فوری اقدامات اٹھانا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان 8 افریقی ممالک سے فری ٹریڈ ایگریمنٹ پر بھی بات چیت کر رہا ہے، جس سے افریقہ کی بہت بڑی غیر روایتی مارکیٹ کو پاکستانی برآمدات بڑھانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ جات 70

شعبوں میں عائد پابندیوں کے خاتمے کی حمایت کرتا رہا ہے۔ جرمنی نے اس بات پر بھی زور دیا کہ وہ شامی حکومت کے ساتھ مل کر شام میں معاشی حالات کو بہتر بنانے کے لیے کام کرتا رہے گا تاکہ ایک پائیدار معاشی بحالی ممکن بنائی جا سکے۔ ساتھ ہی یہ بھی کہا گیا کہ شام میں سیاسی انتقال اقتدار کا عمل جامع اور سب کو شامل کرنے والا ہونا چاہیے۔

بقیہ جات 71

کرتے ہیں کہ شام پر سے اقتصادی پابندیاں اٹھائی جائیں۔ یہ اقدام ریاض سے کیا گیا اور ہم اس فیصلے کو ایک مثبت اور جرات مندانہ قدم سمجھتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سعودی عرب شام کی معیشت کو سہارا دینے میں سب سے آگے ہوگا اور یہ وعدہ اس اہم ملاقات میں سامنے آیا جس میں سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، امریکی صدر ٹرمپ، شامی صدر احمد الشرع اور ترک صدر رجب طیب اردوآن شریک ہوئے۔ فیصل بن فرحان نے پابندیوں کے خاتمے کو ایک اہم موڑ قرار دیا اور امید ظاہر کی کہ یورپی ممالک بھی جلد دمشق پر عائد پابندیاں ختم کریں گے تاکہ شام ترقی کی نئی راہوں پر گامزن ہو سکے۔

بقیہ جات 72

شعبہ میں اچھا کردار ادا کیا اور پاکستان کا نام روشن کیا۔ ملاقات کے دوران اعادہ کیا گیا کہ ہم سب ملکر پاکستان کی بہتری اور تعمیر و ترقی کیلئے کام کریں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے اور اقلیتوں کی عبادت گاہیں مکمل محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے جہاں اقلیتوں سمیت ملک میں بسنے والے تمام افراد مل جل کر بہن بھائیوں کی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں۔

بقیہ جات 73

پرچے 31 مئی کو ہوں گے۔ میٹرک کے 7 مئی کو ملتوی کیا گیا پریکٹیکل 27 مئی کو ہوگا، 7 مئی کو کیمسٹری اور فوڈ نیوٹریشن ٹیلرنگ پریکٹیکل ملتوی ہوئے۔ اسی طرح، 9 مئی کا ملتوی میٹرک پریکٹیکل 29 مئی کو ہوگا۔ ایجوکیشن بورڈ نے باقاعدہ سرکلر جاری کر دیا ہے، امتحانی سینٹرز وہی ہوں گے تاہم رول نمبر سلپس نئی جاری کی گئی ہیں۔

بقیہ جات 74

تعالیٰ راضی رہے، صدقہ اور خیرات کے ذریعے غریب اور مستحق نادار افراد کی مدد کرنا ہمارا مذہبی اور معاشرتی فریضہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انسانیت کی خدمت عظیم عبادت ہے۔ اللہ نے انسانوں پر اپنے حقوق کے ساتھ حقوق العباد کی ادائیگی کو فرض قرار دیا ہے وہی انسان اللہ کا حقیقی بندہ ہے، جس کے دل میں انسانیت کا درد ہے اور انسانیت کے کام آتا ہے یہی انسانیت کی تخلیق کا بھی مقصد تھا۔

بقیہ جات 75

کا داخلہ موت کا پروانہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی بحرانوں کا حل ہمیشہ مذاکرات میں ہوتا ہے۔ لیاقت بلوچ نے لاہور میں ڈمپر حادثے میں 5 افراد کی ہلاکت پر افسوس کا اظہار کیا

بقیہ جات 76

کرنے کا کہا گیا انہیں الشفا ہسپتال بھی شامل ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج کے ترجمان ادرائی نے ایکس پر ایک پوسٹ میں جنوبی الرمال کے علاقے میں موجود لوگوں کو علاقہ خالی کرنے کی ہدایت جاری کر دی۔ فوج نے ایک نقشے کے ساتھ جاری کردہ بیان میں کہا کہ حماس کی جانب سے شہری علاقوں کو دہشت گردانہ سرگرمیوں کے لیے استعمال کرنے کے پیش نظر اسرائیلی دفاعی فوج اس علاقے پر شدید حملہ کرے گی لہذا علاقہ فوری طور پر خالی کر دیں۔

بقیہ جات 77

سے بلند کر دیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ ہماری افواج نے ہمیں سرخرو کیا، اور ان کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں۔'' گورنر سندھ نے کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ قومیں ترقی نہیں کرتیں جو اپنے محسنوں اور شہداء کو بھلا دیتی ہیں۔ ترقی وہی قومیں کرتی ہیں جو اپنے شہداء کو یاد رکھتی ہیں۔

بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ہرل صاحب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 13 شمالی

متوفیہ نسرین بی بی بیوہ محمد خان

وارثان محمد یار والد، سکینہ والدہ، محمد خان خاوند متوفیہ پہلے فوت شدہ

زندہ عنصر محمد خان، امجد اقبال، محمد عرفان، محمد اکرام شہزاد، عامر سہیل پسران ، رخسانہ نواز، فرزانہ کوثر، عظمیٰ پروین، ثمن رانی دختران متوفی ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔ تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

پوری قوم بھارت کی کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے متحد اور تیار ہے، ضیاء الدین انصاری

پوری قوم، اپنے سپاہیوں اور شہریوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، پاکستانیوں نے دشمن کی جارحیت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، امیر جماعت اسلامی لاہور کا خطاب

اجلاس میں نائب امیر جماعت اسلامی لاہور ملک شاہد اسلم، امیر جماعت اسلامی جنوبی لاہور مرزا عبدالرشید، سیکرٹری جنوبی، امراء وسیکرٹریز زونز نے شرکت کی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پوری قوم بھارت کی کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے متحد اور تیار ہے۔ پوری قوم، اپنے سپاہیوں اور شہریوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، پاکستانیوں نے دشمن کی جارحیت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ بھارت نے اگر دوبارہ جارحیت کا راستہ اپنایا تو مودی سرکار کو منہ چھپانے کہیں جگہ نہیں ملے گی۔ جماعت اسلامی کی تاریخ ہے کہ اس نے ملکی دفاع اور سلامتی کیلئے ہمیشہ قربانیاں دی ہیں۔ جماعت اسلامی کی قیادت نے ہر مشکل وقت میں ایمان اور صبر کا مظاہرہ کیا۔ ان کے رہنما اس وقت بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ جنوبی لاہور کے ذمہ داران سے خطاب کر رہے ہیں

دکھی انسانیت کی خدمت کرنا عین عبادت ہے، صاحبزادہ نعمان شاکر

صدقہ اور خیرات کے ذریعے غریب اور مستحق نادار افراد کی مدد کرنا ہمارا مذہبی اور معاشرتی فریضہ ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے بانی علامہ محمد سلیم قادری شہیدؒ کے ایصال ثواب کیلئے چیئرمین قادری ہجویری فری ڈسپنسری صاحبزادہ نعمان شاکر، ملک طیب، خورشید، نعیم کھوکھر، محمد سلیم قادری، حافظ ارمان قلندری، محمد دانش، عبدالرحمٰن، زبیر عمران سمیت دیگر رہنماؤں کی جانب سے تقریب کا اہتمام کیا گیا، تقریب میں قرآن خوانی کی گئی اور اہل علاقہ میں فری سبزیاں تقسیم کی گئیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صاحبزادہ نعمان شاکر نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنا عین عبادت ہے، مہنگائی اور بیروزگاری کے ستائے عوام کی مخیر حضرات ہر ممکن مدد کیا کریں تا کہ اللہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

وزیر اعلیٰ پنجاب کا وژن عملی شکل اختیار کر رہا ہے، رمیش سنگھ اروڑہ

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ پنجاب مینارٹی کارڈز کی اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس

اقلیتی خاندانوں کی فلاح کے لیے ایک اور اہم قدم، مینارٹی کارڈز کی تعداد میں اضافہ کیا جا رہا ہے، صوبائی وزیر اقلیتی امور

لاہور (خبر نگار) وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ پنجاب مینارٹی کارڈز اسٹیئرنگ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پروگرام پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران مینارٹی کارڈز کی اسکروٹنی کے عمل، شفاف تقسیم اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دی گئی کہ اب تک 40 ہزار سے زائد مستحق اقلیتی خاندانوں کو کارڈز فراہم کیے جا چکے ہیں، جبکہ پہلے مرحلے میں کل 50 ہزار خاندان مستفید ہوئے۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز اقلیتوں کی فلاح و بہبود کو اپنی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

لاہور: صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ، وزیر اعلیٰ پنجاب مینارٹی کارڈز کی اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پانی کی بندش کو جنگی اقدام تصور کیا جائے گا، ڈاکٹر فیصل

یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے سے دستبرداری کا فیصلہ بھی بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے، پاکستانی سفیر کی بریفنگ

بھارت کی فوجی کارروائیاں پاکستان کی خودمختاری کی کھلی خلاف ورزی اور بین الاقوامی قوانین و اقوام متحدہ کے چارٹر کے منافی ہیں

لندن (این این آئی) برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے لندن میں ہاؤس آف کامنز کے آل پارٹیز پارلیمانی گروپ آن پاکستان کے اراکین سے ملاقات کی اور ان کو پاکستان و بھارت کے درمیان موجودہ صورتحال پر بریفنگ دی۔ ہائی کمشنر نے آل پارٹیز پارلیمانی گروپ کے ارکان کو آگاہ کیا کہ بھارت کی فوجی کارروائیاں بے بنیاد جواز کے تحت پاکستان کی خودمختاری کی کھلی خلاف ورزی اور بین الاقوامی قوانین و اقوام متحدہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)



مریدکے: سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق بھارتی بمباری سے شہید ہونیوالی مسجد کا دورہ کر رہے ہیں

پاکستان نے رافیل طیارے گرا کر دنیا کو حیران کر دیا ہے، افضل خان

پاکستان کے دفاع، جنگ بندی کی خوشی میں بری مانچسٹر میں 'جشن فتح' منایا گیا

لندن (این این آئی) ممبر برٹش پارلیمنٹ افضل خان نے کہا ہے کہ پاکستان نے بھارت کے رافیل طیارے گرا کر دنیا کو حیران کر دیا ہے، فوج پاکستان کے دفاع کے لیے بہت اہم ہے ورنہ دو دن پہلے یہ کہنے والے کہ ہمارا جنگ سے تعلق نہیں وہ کبھی جنگ بندی نہ کراتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے مانچسٹر میں اوورسیز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

شام پر امریکی پابندیاں اٹھانا ضروری قدم تھا، سعودی وزیر خارجہ

غزہ کے لیے انسانی امداد غیر مشروط ہونی چاہیے، فیصل بن فرحان کی گفتگو

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے کہا ہے کہ شام پر امریکی پابندیوں کا خاتمہ ناگزیر تھا تاکہ دمشق میں سیاسی و معاشی استحکام ممکن بنایا جاسکے۔ عرب ٹی وی سے گفتگو میں ان کا کہنا تھا کہ ریاض اور واشنگٹن پابندیوں کے خاتمے کے عملی پہلوؤں پر باہم مربوط ہیں۔ وزیر خارجہ نے زور دے کر کہا: ہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس فیصلے کا خیر مقدم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

کامران بشیر بھٹی نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کیا، محمد تسلیم اختر راؤ

ڈپٹی کمشنر ننکانہ کی پاک فضائیہ کے پائیلٹ کامران بشیر کی شاندار کارکردگی پر مسیحی برادری کو مبارکباد

ننکانہ صاحب (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ نے حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران پاک فضائیہ کے پائیلٹ کامران بشیر بھٹی کی جانب سے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کرنے اور پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کرنے پر مسیحی برادری کو مبارکباد دی، انہوں نے کہا کہ ہم سب نے ملکر اپنے ملک کی حفاظت اور ملک کے ساتھ وفا کرنی ہے، مسیحی برادری نے پاکستان کے ہر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

مظفر آباد: چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان کا میڈیکل کالج مظفر آباد کے طلبہ وطالبات کیساتھ گروپ فوٹو

فیصل آباد میں ٹرالر اور رکشہ میں تصادم دو افراد جاں بحق تین افراد زخمی

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں ٹرالر اور رکشہ میں تصادم دو افراد جاں بحق تین افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق فیصل آباد: نزد ٹرک سٹینڈ، جھنگ روڈ پر رکشہ ٹرالر میں ٹکرانے سے تین افراد زخمی، دو افراد جاں بحق، ہو گئے محمد موسی ولد محمد جاوید عمر 30 سال رہائشی پرتاب نگر جھنگ روڈ فیصل آباد - ندیم احمد ولد نذیر احمد عمر (مردہ) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

نیشنل اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس 20، سالانہ منصوبہ بندی رابطہ کمیٹی کا اجلاس 26 مئی کو طلب کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) نیشنل اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس 20 مئی اور سالانہ منصوبہ بندی رابطہ کمیٹی کا اجلاس 26 مئی کو طلب کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سالانہ منصوبہ بندی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں آئندہ مالی سال کے وفاقی ترقیاتی بجٹ کی سفارشات تیار کی جائیں گی۔ رابطہ کمیٹی آئندہ مالی سال کا سالانہ معاشی پلان تجویز کرے گی جبکہ اجلاس میں رواں مالی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے بیرون ملک بھی تقریبات کا سلسلہ جاری

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان کی بھارت کیخلاف تاریخی فتح پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے بیرون ملک بھی تقریبات کا سلسلہ جاری ہے، مسلم لیگ ن اوورسیز ہالینڈ کی جانب سے بہادر افواج کو زبردست خراج تحسین پیش کرنے کیلئے تقریب کا اہتمام کیا گیا، جسکی صدارت چیئرمین پیر سید اقرار شاہ نے کی، تقریب میں صدر چوہدری پرویز علی سندیلہ، سینئر نائب صدر جاوید بٹ پیارے، محمد یونس بٹ، حاجی عبدالقیوم، محمد خورشید مغل، جنرل سیکرٹری چوہدری فیصل منظور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

سکولوں میں ہزاروں نئی بھرتیوں سے متعلق بڑی خوشخبری سنادی گئی

مکوآنہ (این این آئی) سرکاری سکولوں میں 40 ہزار اساتذہ کی کمی کا انکشاف، پنجاب حکومت کا اگست میں نئی بھرتی کا فیصلہ فیصل آباد سمیت۔ پنجاب بھر کے سکولوں میں اساتذہ کی قلت کے باعث تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہونے لگیں، ذرائع کے مطابق صوبے کے سرکاری سکولوں میں 40 ہزار اساتذہ کی کمی ہے۔ سیکرٹری سکول ایجوکیشن خالد نذیر وٹو نے کہا ہے کہ سکولوں میں اساتذہ کی کمی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

ضلع ننکانہ داخلے کے لحاظ سے پنجاب میں پہلے نمبر پر آ گیا

اس کامیابی کا سہرا تعلیمی ٹیم کے اجتماعی کوششوں اور والدین کے اعتماد کو جاتا ہے، ڈپٹی کمشنر ننکانہ

نئے داخلہ کا ٹارگٹ 100 فیصد پورا کرکے مزید بھی داخلہ کیا جائیگا، فوکل پرسن انرولمنٹ محمد خالد محمود

ننکانہ صاحب (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ننکانہ محمد تسلیم اختر راو اور سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو کی زیر سرپرستی اور ڈی ای او ایلیمنٹری ننکانہ، فوکل پرسن انرولمنٹ محمد خالد محمود کی زیر نگرانی ضلع ننکانہ نے پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں میں طلبا کے داخلے کے لحاظ سے پہلی پوزیشن حاصل کر لی، محکمہ تعلیم کی جانب سے جاری کردہ کارکردگی رپورٹ میں ضلع ننکانہ نمایاں رہا، جس کی کامیابی میں ڈپٹی کمشنر راو تسلیم اختر، سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو، اور فوکل پرسن انرولمنٹ میاں خالد محمود کی انتھک محنت اور خصوصی اقدامات شامل ہیں، داخلہ مہم میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات اور سیکرٹری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

ویمن یونیورسٹی ملتان اور پاکستان اکنامکس فرنٹیئر کے درمیان ایم او یو سائن ہو گیا

تعلیمی تعاون اور تحقیقی شراکت میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان اور پاکستان اکنامکس فرنٹیئر کے درمیان ایم او یو سائن ہو گیا ترجمان کے مطابق پاکستان اکنامکس فرنٹیئر اور دی ویمن یونیورسٹی، ملتان کے شعبہ اقتصادیات کے درمیان مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے گئے، جو کہ تعلیمی تعاون اور تحقیقی شراکت میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے ایم او یو کی تقریب کچہری کیمپس میں منعقد ہوئی جس میں پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کلثوم پراچہ اور پی ای ایف کے سی ای او عرفان حسین خان نے دستاویزات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

شام تمام فرقوں کے لیے صرف امن کا گہوارہ بنے گا، احمد الشرع

یہ وطن اپنے تمام شہریوں کا ہے، خواہ وہ کسی بھی فرقے سے تعلق رکھتے ہوں، انٹرویو

دمشق (این این آئی) شامی صدر احمد الشرع نے کہا ہے کہ ان کا ملک صرف امن کا گہوارہ بنے گا۔ شام کے روشن مستقبل کا آغاز اب ہو چکا ہے، آج سے ایک نئے شام کی تعمیر کا سفر شروع ہو گیا ہے۔ عرب ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے مزید کہا شام اب جنگ کا میدان نہیں بنے گا اور ہم اپنی قوم کو تقسیم نہیں ہونے دیں گے، یہ وطن اپنے تمام شہریوں کا ہے، خواہ وہ کسی بھی فرقے سے تعلق رکھتے ہوں۔ شامی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

حجرہ شاہ مقیم، پٹری پر بیٹھے نوجوان کے اوپر سے ٹرین گزر گئی

نوجوان کو ریل کی آمد کا اندازہ نہ ہوسکا، لاش ورثاء کے حوالے

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) ٹرین کی پٹری پر بیٹھا نوجوان ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق معروف ہوٹل کے قریب ٹرین کی پٹری پر بیٹھا 25 سالہ نوجوان شان ولد عبدالرحمٰن، سکنہ 54/2 ایل اچانک ٹرین کی زد میں آ گیا، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جسکی لاش کو ریسکیو ٹیم نے پولیس کی موجودگی میں قریبی ہسپتال منتقل کر دیا۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

راولپنڈی، منشیات اسمگل کرنے کی کوشش ناکام، خاتون سمیت دو ملزمان گرفتار

جی ٹی روڈ پر ناکا بندی، ملزمان سے مجموعی طور پر 1 کلو 360 گرام سے زاہد آئس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی نے منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا کر خاتون اسمگلر سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق ملزمان سے مجموعی طور پر 1 کلو 360 گرام سے زاہد آئس برآمد ہوئی۔ ڈائریکٹر ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول راولپنڈی عمران اسلم اور ای ٹی او راولپنڈی گل شیر کو ملنے والی خفیہ اطلاع پر روات کے قریب جی ٹی روڈ پر ناکہ بندی کی گئی۔ اسکوڈ جہانگیر خان کی سربراہی میں ایکسائز اینڈ نارکوٹکس کنٹرول کی ٹیم نے مسافر وین میں سوار مسماۃ کنزہ شہزادی سے 360 گرام آئس برآمد کر لی جبکہ دوسری کارروائی کے دوران بس میں سوار عمران شہزاد نامی ملزم سے ایک کلوگرام سے زاہد آئس برآمد کی گئی۔ ملزمان منشیات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

باغبانپورہ خوفناک حادثے میں تیز رفتاری، ون وے کی خلاف ورزی کا انکشاف

ڈمپر ڈرائیور کی تیز رفتاری اور ون وے کی خلاف ورزی حادثے کا باعث بنی، سی سی ٹی وی فوٹیج

لاہور (این این آئی) باغبانپورہ خوفناک حادثے میں تیز رفتاری اور ون وے کی خلاف ورزی کا انکشاف ہوا ہے۔ حادثے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی ہے، ڈمپر ڈرائیور کی تیز رفتاری اور ون وے کی خلاف ورزی حادثے کا باعث بنی، ڈرائیور تیز رفتاری کے باعث ڈمپر پر قابو نہ پاسکا، حادثے سے قبل آخری منٹ سٹاپ پر دونوں اطراف ون وے کی خلاف ورزی کی گئی، حادثے سے پہلے رکشہ یوٹرن پر کھڑا تھا، کیری ڈبے نے بھی ون وے کی خلاف ورزی کی۔ تیز رفتاری کے باعث ڈمپر رکشے پر الٹ گیا جس سے 5 افراد جاں بحق، 4 زخمی ہوئے۔ ڈمپر ڈرائیور کے خلاف قتل بالسبب بغفلت سے ڈرا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر سلطان محمود چوہدری سے امریکی سفارتخانے کے پولیٹیکل قونصلر ملاقات کر رہے ہیں

بھارت، اسرائیل، امریکی گٹھ جوڑ دنیا میں دہشتگردی پھیلا رہا ہے، جے یو آئی (س)

ٹرمپ مسلم ممالک کے دورے پر اسرائیل کو تسلیم کرنے پر آمادہ کرنے کیلئے آیا ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) کے مرکزی سالار امیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، سرپرست اعلی لاہور مولانا خلیل الرحمٰن حقانی، سیکرٹری اطلاعات قاری رحمت اللہ لاشاری، مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری عبدالحمید تونسوی، احمد بلوچ دیگر نے اپنے مشترکہ بیان کہا ہے کہ بھارت، اسرائیل اور امریکہ کا گٹھ جوڑ دنیا میں دہشت گردی پھیلا رہا ہے۔ سعودی حکام دورہ پر آئے ہوئے امریکی صدر کو اہل فلسطین پر اسرائیلی جارحیت رکوانے کے لیے مجبور کریں۔ امریکی صدر مسلم ممالک کے دورے پر صرف اس لیے آیا ہے کہ انہیں اسرائیل کو تسلیم کرنے پر آمادہ کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسلم ممالک یہودی ایجنٹوں کے خلاف متحد ہو کر فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کا ساتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

غزہ میں جنگ کا خاتمہ ہمارے مفاد میں ہے، امریکہ

ہماری ترجیح ہمیشہ ہمارے قومی مفادات ہوتے ہیں، ترجمان وزارت خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزارتِ خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی کے حوالے سے بات چیت دوحہ میں بدستور جاری ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی وزارت خارجہ کے علاقائی ترجمان سموئیل وربرگ نے عرب ٹی وی سے گفتگو میں کہا کہ واشنگٹن کے مفاد میں ہے کہ غزہ کی جنگ ختم ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم اسرائیل اور حماس پر دباؤ ڈالنے کے لیے اپنے تمام ذرائع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

راولپنڈی، پاک بھارت جنگی ماحول میں منسوخ پیپرز کا نیا شیڈول جاری

ایجوکیشن بورڈ نے ایف اے کے 2 پیپرز اور میٹرک کے پریکٹیکل ملتوی کیے تھے

راولپنڈی (این این آئی) پاک بھارت جنگی ماحول کے دوران راولپنڈی میں منسوخ کیے گئے پیپرز کا نیا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ ایجوکیشن بورڈ نے ایف اے کے 2 پیپرز اور میٹرک کے پریکٹیکل ملتوی کیے تھے۔ ایف اے کا 7 مئی کو ملتوی ہونے والا پرچہ 16 جون کو ہوگا، 7 مئی کو اسلامک اسٹڈیز اور اکاؤنٹنٹ پیپرز ملتوی ہوئے تھے جبکہ 9 مئی کو ملتوی ہونے والے ترجمۃ القرآن کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

پی ٹی آئی کا حکومت سے مذاکرات کا فیصلہ اچھا ہے، لیاقت بلوچ

پی ٹی آئی اور حکومت مذاکرات کو کھیل نہیں، بحرانوں کا علاج بنائیں، نائب امیر جماعت اسلامی کا لاہور سے بیان جاری

سیاسی بحرانوں کا حل ہمیشہ مذاکرات میں ہوتا ہے، لاہور میں ڈمپر حادثے میں 5 افراد کی ہلاکت پر افسوس کا اظہار کیا

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کا حکومت سے مذاکرات کا فیصلہ اچھا ہے۔ لاہور سے جاری بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ پی ٹی آئی اور حکومت مذاکرات کو کھیل نہیں، بحرانوں کا علاج بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی بحرانوں کا حل ہمیشہ مذاکرات میں ہوتا ہے۔ لیاقت بلوچ نے لاہور میں ڈمپر حادثے میں 5 افراد کی ہلاکت پر افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ شہروں میں دن کے وقت ڈمپرز کا داخلہ موت کا پروانہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی بحرانوں کا حل ہمیشہ مذاکرات میں ہوتا ہے۔ لیاقت بلوچ نے لاہور میں ڈمپر حادثے میں 5 افراد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

گورنر ہاؤس میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے صوبائی جنرل سیکرٹری آئی پی پی وایم پی اے شعیب صدیقی ملاقات کر رہے ہیں

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ایم پی اے شعیب صدیقی کی ملاقات

ممبر قومی اسمبلی موسیٰ گیلانی بھی ملاقات میں موجود، سیاسی و دفاعی امور پر گفتگو

پاک بھارت جنگ میں دانشمندانہ کردار سے دنیا بھر میں ملکی وقار بلند ہوا: گفتگو

لاہور (خبر نگار) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے استحکام پاکستان پارٹی پنجاب کے جنرل سیکرٹری و ایم پی اے شعیب صدیقی نے ملاقات کی ہے جس میں پاک فضائیہ کے کامیاب آپریشن بنیان مرصوص پر افواج پاکستان کی جرات و بہادری کو سلام اور پوری قوم کو مبارکباد پیش کی گئی۔ ملاقات میں اس جنگ کو خطے میں طاقت کے توازن کا باعث بھی قرار دیا گیا۔ گذشتہ روز گورنر ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں ممبر قومی اسمبلی موسیٰ گیلانی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ملکی کی مجموعی سیاسی و دفاعی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ تینوں رہنماؤں نے گفتگو کرتے ہوئے سیاسی جماعتوں کے معاشی چیلنجز سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

For Their Unwavering Commitment to National Security And Sovereignty
Your Bravery And Sacrifices Inspire A Nation!
جشن فتح پورے عالم اسلام کو مبارک جنرل عاصم تینوں رب دیاں رکھاں
ابھی جنگ شروع ہوئی ہے آپریشن بنیان المرصوص کا آغاز دشمن ہو کر رہے گا برباد

لاہور: وکلاء اور سول سوسائٹی کے اراکین افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

سرگودھا میں غیر مسلم خاتون نے اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اپنے مذہب قادیانیت کو چھوڑ کر دین اسلام قبول کر لیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں غیر مسلم خاتون نے اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اپنے مذہب قادیانیت کو چھوڑ کر دین اسلام قبول کر لیا جس پر اس کا اسلامی نام تجویز کر کے اہل اسلام نے نو مسلم نوجوان کو خوش آمدید کہتے ہوئے خدمت دین کے لئے اپنی مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا فیصل آباد روڈ کے قصبہ چناب نگر کی غیر مسلم خاتون نے اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اپنے مذہب قادیانیت کو چھوڑ کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

پاکستان اور روانڈا کے درمیان دو طرفہ تجارتی تعلقات کو بڑھانے کیلئے دونوں ملکوں کی بزنس کمیونٹی کو کلیدی کردار ادا کرنا ہو گا، ہائی کمشنر محترمہ ہیریمانا فاتو

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان اور روانڈا کے درمیان دو طرفہ تجارتی تعلقات کو بڑھانے کیلئے دونوں ملکوں کی بزنس کمیونٹی کو کلیدی کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ بات پاکستان میں جمہوریہ روانڈا کی ہائی کمشنر محترمہ ہیریمانا فاتو نے فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ریحان نسیم بھراڑہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

لاہور میں ڈمپر حادثہ المیہ، لمحہ فکریہ ہے، جے یو آئی

شالیمار ڈمپر حادثے کے شہداء، زخمی طلبہ، اساتذہ اور رکشہ ڈرائیورز کو فوری انصاف فراہم کیا جائے، مشترکہ بیان

بڑی گاڑیوں کے لیے صبح سویرے، اسکول اور دفتر کے اوقات میں شہر کی حدود میں داخلے پر پابندی عائد کی جائے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کراچی کے بعد لاہور میں ڈمپر حادثات لمحہ فکریہ ہیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

لاہور: صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد پاکستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر محمد اقبال حسین کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

زندہ برائلر مرغی کی قیمت 411 روپے فی کلو تک پہنچ گئی

مختلف مقامات پر برائلر گوشت کی 680 سے 700 روپے کلو پر فروخت جاری

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر زندہ برائلر مرغی کی قیمت مزید 3 روپے اضافے سے 411 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت مزید ایک روپے اضافے سے 281 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ اوپن مارکیٹ میں مختلف مقامات میں برائلر گوشت کی مختلف قیمتیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

والڈ سٹی لاہور اتھارٹی کی ڈائریکٹر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو شوکاز جاری

تانیہ قریشی پر شوکاز میں بدانتظامی، بددیانتی اور عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کا الزام عائد

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے والڈ سٹی لاہور اتھارٹی کی ڈائریکٹر تانیہ قریشی اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو شوکاز جاری کر دیا۔ تانیہ قریشی پر شوکاز میں بدانتظامی، بددیانتی اور عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر والڈ سٹی اتھارٹی اویس کو بھی شوکاز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

داسو ہائیڈرو پاور نظر ثانی منصوبہ منظور، لاگت میں 240 فیصد اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے 240 فیصد زائد لاگت 17.4 کھرب روپے سے داسو ہائیڈرو پاور کے نظر ثانی شدہ پراجیکٹ کی تعمیر کی مشروط منظوری دیدی۔ نائب وزیر اعظم اسحٰق ڈار کی زیر صدارت ایگزیکٹیو کمیٹی کے اجلاس میں 21 کھرب روپے کے 10 منصوبے منظوری کیلئے پیش کیے گئے، جس میں داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ ایک اضافی ایجنڈہ آئٹم کے طور پر شامل تھا۔ اس کی مشروط منظوری بیرونی قرض دہندگان سے مذاکرات میں سہولت کیلئے دی گئی، منصوبے کے چینی کنٹریکٹرز کے محفوظ سفر کیلئے ایک ہیلی کاپٹر خریدنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پلاننگ کمیشن کمیٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

اسرائیل کی جنوبی لبنان میں امن مشن پر براہِ راست فائرنگ، اقوام متحدہ کا اظہار تشویش

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی عارضی امن فورس برائے لبنان (یونیفیل) نے ایک بیان میں انکشاف کیا ہے کہ جنوبی لبنان میں اس کے ایک امن مشن کے قریب واقع علاقے کو اسرائیل کی جانب سے براہِ راست فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یونیفیل کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ یہ واقعہ منگل کے روز پیش آیا جو کہ اسرائیل اور ایران کی حمایت یافتہ تنظیم حزب اللہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

کراچی، کلفٹن میں خوفناک حادثہ، ٹریلر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار کا سر تن سے جدا ہو گیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے کلفٹن میں ضیا اسپتال کے قریب ایک افسوسناک ٹریفک حادثے میں ٹریلر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق ہو گیا۔ حادثہ اتنا خوفناک تھا کہ ٹریلر کی زوردار ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان کا سر تن سے جدا ہو گیا، جس کے باعث اس کی موقع پر ہی موت واقع ہو گئی۔ چھیپا فاؤنڈیشن کے مطابق جاں بحق شخص کی لاش کو جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق متوفی کی شناخت 42 سالہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
منیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

قصور: ڈپٹی کمشنر عمران علی عیدالاضحیٰ کے انتظامات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غزہ میں بین الاقوامی قانون کا احترام کریں، اطالوی وزیر اعظم

ہمیشہ دشمنی کو ختم کرنے اور عالمی قانون کا احترام کرنے کی فوری ضرورت کا بار بار ذکر کیا، خطاب

غزہ (این این آئی) اسرائیل کو غزہ میں اپنی فوجی کارروائی میں بین الاقوامی قوانین کا احترام کرنا چاہیے، عرب ٹی وی کے مطابق یہ بات اطالوی وزیر اعظم جارجیا میلونی نے کہی۔ انہوں نے فلسطینی علاقے میں انسانی صورتِ حال کو بہت زیادہ ڈرامائی اور غیر منصفانہ قرار دیا۔ میلونی نے اطالوی پارلیمنٹ کے ایوان زیریں میں سوال و جواب کے دوران اجلاس کو بتایا، گذشتہ مہینوں کے دوران میں نے کئی مواقع پر وزیر اعظم) نیتن یاہو سے بات کی ہے اور اکثر یہ مشکل رہی ہے۔ میلونی نے کہا، میں نے ہمیشہ دشمنی کو ختم کرنے اور بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی انسانی قانون کا احترام کرنے کی فوری ضرورت کا بار بار ذکر کیا ہے۔ اس درخواست کی میں آج تجدید کرتی ہوں۔ غزہ کے مقامی لوگوں نے کہا ہے کہ اس ہفتے اسرائیلی حملوں میں شدت آئی جس سے شمالی غزہ میں درجنوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

لاہور: پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر پولیس اہلکار اسمبلی کے باہر الرٹ کھڑے ہیں